www.dailybolan.com

MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

Mobile: 0336-6113760

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | منگل 25 اگست 2026، بمطابق 11 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 235

دہشتگردی کیخلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی امن وامان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں مؤثر کردار ادا کر رہی ہے

جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے پولیس کے رسپانس میکنزم کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی امن وامان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں مؤثر کردار ادا کر رہی ہے، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے پولیس کے رسپانس میکنزم کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام: پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی کی طلبہ کیساتھ نشست

پاکستان قومی سلامتی اور معاشی استحکام کے ساتھ ساتھ علاقائی سلامتی اور استحکام کیلئے بھی مسلسل اقدامات کر رہا ہے، پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی

پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی نے قومی سلامتی، علاقائی صورتحال، بھارت کے کردار، افغانستان اور معاشی استحکام پر تفصیلی اظہارِ خیال کیا

راولپنڈی (بولان بیورو) آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

چترال، این 45 پر شدید بارشوں اور سیلابی ریلے سے متاثرہ سڑک بحال

اسلام آباد (بولان بیورو) چترال این 45 پر شدید بارشوں اور سیلا (بقیہ 3 صفحہ 7پر)

کابینہ کمیٹی برائے نجکاری کی جانب سے پیپکو-1 ڈسکوز کے ری اسٹرکچرنگ پلان کی منظوری

ملازمین کے مفادات کا قابل اطلاق قوانین اور لین دین کے طریق کار کے مطابق تحفظ کیا جائے گا، اعلامیہ

اصلاحاتی عمل کے ذریعے سے معیار، کارکردگی اور کسٹمر سروس میں قابل قدر بہتری آئے گی، وزیر نجکاری کی گفتگو

اسلام آباد (بولان بیورو) نائب وزیراعظم کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برا (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایران پہنچ گئے، وزیرِ داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات، فیلڈ مارشل اپنے دورے کے دوران مشرقِ وسطیٰ میں جاری تنازع کے حل کی کوششوں کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے، آئی ایس پی آر

پاکستان کی ثالثی ناکام نہیں ہوئی

امریکا پر بالکل بھی بھروسہ نہیں کرتے، ایرانی وزیر خارجہ

آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل اپنے دورے کے دوران مشرقِ وسطیٰ میں جاری تنازع کے حل کی کوششوں کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے

پاکستانی آرمی چیف کا دورہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا، ایران، بلغاریہ ایران کے خلاف امریکی کارروائی میں تعاون سے گریز کرے، ایرانی وزارت خارجہ کا بیان

تہران/راولپنڈی (بولان بیورو) علاقائی امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششوں کے سلسلے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ایران پہنچنے پر ایرانی وزیر داخلہ سے ملاقات ہوئی جس میں مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ہیں۔ تہران میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات ہوئی ہے جس میں وزیر داخلہ محسن نقوی بھی شریک تھے۔ آئی ایس (بقیہ 5 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی مرکز میں ہماری اتحادی جماعت ہے، طارق فضل چوہدری

اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو ضرور بننے چاہئیں

بھارت نے 1950 میں کمیشن بنایا اور بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہماچل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے، انٹرویو

اسلام آباد (بولان بیورو) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو یہ ضرور بننے چاہئیں۔ سوشل میڈیا پر نجی ٹی وی کے ایک پروگرام کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے لکھا کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے مثبت اور صحت مند بحث کا آغاز ایک خوش آئند پیشرفت ہے، تمام سیاسی جماعتوں اور عوام کو نئے صوبوں کے معاملے پر ہونے والی بحث کا حصہ بننا (بقیہ 8 صفحہ 7پر)

ملک میں معیشت کے استحکام کیساتھ روزگار پیدا ہو رہے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

سستا اور فوری انصاف ہر شہری کا بنیادی حق اور ریاست کی ذمہ داری ہے

پاکستان اپنے دوستوں کے تعاون سے بامقصد اور منفرد شراکت داری کو آگے بڑھائے گا، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سستا اور فوری انصاف ہر شہری کا بنیادی حق اور ریاست کی ذمہ داری ہے، مؤثر متبادل تنازعاتی حل (اے ڈی آر) کے نظام سے تنازعات کے فوری اور کم لاگت حل کے راستے فراہم کئے جا سکتے ہیں۔ سول (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

اتحادِ امت کے نام سے پلیٹ فارم تشکیل دے رہے ہیں، فضل الرحمن

مولانا فضل الرحمٰن سے شاہد خاقان عباسی اور مفتاح اسماعیل کی ملاقات، سیاسی منظر نامے پر تفصیلی تبادلہ خیال

رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال، ملک کو درپیش چیلنجز، عوامی مسائل اور سیاسی و جمہوری معاملات پر اپنی آرا کا اظہار کیا

اسلام آباد (بولان بیورو) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ و سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، موجودہ ملکی حالات اور سیاسی منظرنامے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال، ملک کو درپیش چیلنجز، عوامی مسائل اور سیاسی و جمہوری معاملات پر اپنی آرا کا اظہار کیا۔ اس موقع پر موجو (بقیہ 6 صفحہ 7پر)

صدر مملکت آصف علی زرداری سے چینی وفد ملاقات کر رہا ہے

امریکا ایران نے سمجھ لیا تنازعات کا واحد حل سفارتکاری ہے

اسحاق ڈار

اسحاق ڈار کی انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن کے سیکریٹری جنرل ارسینیو ڈومنگیز سے ملاقات، دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق

نائب وزیراعظم وزیر خارجہ نے ایم ٹی آنر 25 پر یرغمال بنائے گئے 10 پاکستانی بحری کارکنوں کی بحفاظت رہائی کے لیے جاری کوششوں میں سیکریٹری جنرل کی حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا

لندن (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے لندن میں انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن (آئی ایم او) کے سیکریٹری جنرل ارسینیو ڈومنگیز سے ملاقات کی۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے آئی ایم او کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ عزم کا اعادہ کیا اور محفوظ، مامون اور مؤثر بین الاقوامی بحری جہاز رانی کے لیے مرکزی بین الاقوامی ضابطہ ساز ادارے کی حیثیت سے آئی ایم او کے کردار کو سراہا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ایم ٹی آنر 25 پر یرغمال بنائے گئے 10 پاکستانی بحری کارکنوں کی بحفاظت رہائی کے لیے جاری کوششوں میں سیکریٹری جنرل (بقیہ 9 صفحہ 7پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ ملاقات کر رہے ہیں

PTI کو کہتے ہیں جمہوری سیاسی طریقہ اپنائے، رانا تنویر

پاکستان میں سیاسی فتنہ الخوارج بھی ہیں جن کا ہمیشہ مقصد پاکستان کو نقصان پہنچانا رہا ہے

پی ٹی آئی کو کہتے ہیں جمہوری سیاسی طریقہ اپنائے، پارلیمانی طریقہ ہی جمہوریت کا طریقہ ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ جس طرح وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں قومی ڈائیلاگ کی بات کی ہے ویسے ہی ڈائیلاگ اور مذاکرات کی بات وزیر مریدکے ... اعظم اپوزیشن جماعتوں سے متعلق بھی کر چکے ہیں، جس طرح فتنۃ الخوار (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7پر)

صدر مملکت کا کیٹی بندر پورٹ کی ترقی کے لیے مربوط حکمتِ عملی پر زور

کیٹی بندر میں ایک اضافی بحری گیٹ وے کے طور پر نمایاں صلاحیت موجود ہے، صدر زرداری

دریائے سندھ کے ڈیلٹا کے نازک ماحولیاتی نظام کے تحفظ اور مقامی ماہی گیر برادریوں کے مفادات اور روزگار کو مدنظر رکھا جائے

منصوبے کو ضروری سہولیات سے منسلک کیا جانا چاہیے، آصف علی زرداری کی چینی کمپنی کے وفد سے گفتگو

چینی وفد نے کیٹی بندر پورٹ کے تصوراتی ماسٹر پلان پر بریفنگ دی

اسلام آباد (بولان بیورو) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کیٹی بندر پورٹ کی ترقی کے لیے مربوط حکمتِ عملی اختیار کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبے کو قابلِ اعتماد سڑکوں کے رابطے، بجلی و پانی کی فراہمی، صنعتی بنیادی ڈھانچے اور دیگر ضروری سہولیات سے منسلک کیا جانا (بقیہ 14 صفحہ 7پر)

بارش متاثرین کو فوری امداد اور سہولیات فراہم کی جائیں، بلاول بھٹو

بلاول بھٹو کا آزاد کشمیر میں بارشوں سے جانی و مالی نقصان پر اظہار افسوس

چیئرمین پیپلز پارٹی کا مزید شدید بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر ہنگامی تیاریوں کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے آزاد جموں و کشمیر میں موسلا دھار بارشوں کے باعث ہونے والے قیمتی جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے بارشوں کے باعث مختلف حادثات میں (بقیہ 10 صفحہ 7پر)

وزیراعظم ٹاسک فورس کے تحت آبی زراعت کے فروغ میں اہم پیشرفت

منصوبے سے برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، کسانوں کی آمدن، جدید آبی زراعت اور قومی معیشت کو فروغ ملے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت جدید ایکوا کلچر کے ذریعے آبی زراعت کے فروغ میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات جدید آبی زراعت، غذائی تحفظ اور برآمدات کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اس سلسلے میں سندھ کے ضلع ٹھٹھہ کے علاقے گھارو میں جدید ایکوا کلچر فارم قائم کیے گئے ہیں۔ گھا (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

اسپیکر قومی اسمبلی کی حنا جاوید کے وحشیانہ قتل کی مذمت، تحقیقات کی رپورٹ طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے راولپنڈی کی رہائشی حنا جاوید کے وحشیانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس پر گہری تشویش اور دکھ کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے (بقیہ 16 صفحہ 7پر)

عمران کا علیمہ کو سخت پیغام؟ بیرسٹر گوہر نے شیر افضل کے دعوے کی تردید کر دی

عمران خان نے پارٹی کو علیمہ خان کو سیاسی معاملات سے دور رکھنے کی ہدایت کی، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (بولان بیورو) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے نورین نیازی کی اپنے بھائی عمران خان سے ہونے والی ملاقات کے بعد شیر افضل مروت کی جانب سے کی گئی باتوں کی تردید کر دی۔ ایک انٹرویو میں رکن قومی اسمبلی شیر افضل خان مروت نے دعویٰ کیا کہ عمران خان نے اپنی بہن علیمہ خان کے حوالے سے سخت پیغام دیا ہے، جس کے بعد وہ گزشتہ تین روز سے منظر عام سے غائب ہیں۔ (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7پر)

ایئر بیس پر حملے کے بعد شام نے اسرائیل سے رابطے معطل کر دیے

دمشق (این این آئی) شام نے بیس پر اسرائیلی حملے کے بعد اسرائیل سے رابطہ معطل کر دیے۔ غیر ملکی میڈیا سے گفتگو میں شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی کا کہنا ہے کہ اسرائیل پر فی الحال اعتماد نہیں، اسرائیلی حملے روکنا شام کی اولین ترجیح ہے (بقیہ 13 صفحہ 7پر)

ایران نے عراق کے تیل بردار جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دیدی

عراق نے ایرانی اسپیکر کے دورہ بغداد میں اس معاملے پر درخواست کی تھی، میڈیا رپورٹ

تہران (این این آئی) ایران نے عراق کی مسلسل سفارتی درخواستوں کے بعد متعدد عراقی آئل ٹینکروں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی خصوصی اجازت دے دی ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق عراق تیل بردار جہازوں کو خصوصی اجازت دینے کا معاملہ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کے حالیہ دورہ عراق کے دوران بغداد کی اہم درخواستوں میں شامل تھا۔ عراقی صدر نے تصدیق کی (بقیہ 11 صفحہ 7پر)

گوادر میں ایف سی چیک پوسٹ کی ویڈیو بنانے پر مولانا ہدایت الرحمان کیخلاف مقدمہ درج

سرکاری اہلکاروں کے ساتھ مزاحمت، تلخ کلامی اور دھمکی آمیز رویہ اختیار کیا گیا، ایف آئی آر

واقعے کی ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر بھی جاری کی گئی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی ہے

کوئٹہ (بولان بیورو + این این آئی) گوادر میں ایف سی سیکیورٹی چیک (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

ورچوئل اثاثہ جات کے تحفظ کیلئے ریگولیٹری نظام متعارف

قانون کے تحت مقررہ مدت کے بعد بغیر درخواست کے ورچوئل اثاثہ جات کی خدمات جاری رکھنا جرم تصور ہوگا

ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 کے تحت 10 مختلف لائسنس کیٹیگریز متعارف کرائی گئی ہیں

لاہور (بولان بیورو) پاکستان نے ورچوئل اثاثہ جات کے شعبے کو باضابطہ ریگولیٹری نظام میں لانے کی جانب اہم پیشرفت کرتے ہوئے لائسنسنگ ریگولیشنز جاری اور لائسنسنگ (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے نومنتخب ارکان نے حلف اٹھا لیا

(ن) لیگ نے 31 نشستوں اور پی پی 14 نشستوں پر کامیابی سمیٹی

اسپیکر آزاد کشمیر اسمبلی چوہدری لطیف اکبر نے نومنتخب اراکین سے حلف لیا

مظفرآباد (این این آئی) آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں مخصوص (بقیہ 12 صفحہ 7پر)

امریکی پابندیاں ونا کہ بندی ایران کا کچھ نہ بگاڑ سکی، تہران نے اربوں ڈالرز کما لیے

دوسرے ممالک کو ایران کے خلاف امریکی اقتصادی جنگ "میں شامل نہیں ہونا چاہیے" محسن رضائی

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سربراہ محسن رضائی نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی پابندیوں اور ناکہ بندی کے باوجود ایران نے اربوں ڈالر کمائے ہیں۔ محسن (بقیہ 20 صفحہ 7پر)

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی

برینٹ خام تیل کی قیمت ایک فیصد سے زیادہ کمی کے بعد 93.45 ڈالر فی بیرل ہوگئی

تہران (این این آئی) ایران پر امریکی پابندیوں کے اعلان کے انتظار میں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ پیر کی صبح ایشیائی مارکیٹوں میں کاروبا (بقیہ 30 صفحہ 7پر)

نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے والا بننا ہوگا، سیدال خان ناصر

جدید ہنر، ٹیکنالوجی اور مالی معاونت سے لیس نوجوان اپنے اسٹارٹ اپس کو بین الاقوامی برانڈز میں بدلنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے تحت منعقدہ "انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسیلینس ایوارڈ 2026" کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب

اسلام آباد (بولان بیورو) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ ملک کے معاشی مستقبل کو نوجوان کاروباری صلاحیتوں سے جوڑتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی پائیدار ترقی کا دارومدار نوجوانوں کو روزگار کے متلاشی کے بجائے روزگار پیدا کرنے والے انٹرپرینیورز بنانے پر ہے، جدید ہنر، ٹیکنالوجی اور مالی معاونت سے لیس نوجوان اپنے اسٹارٹ اپس کو بین الاقوامی برانڈز میں بدلنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے تحت منعقدہ "انٹرنیشنل ایس ایم ایز ایکسیلینس ایوارڈز 2026" کی تقریب سے بطور (بقیہ 22 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ بزنس فیسلیٹی شن سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

ہماری جدوجہد فیصلہ کن مرحلے کی طرف بڑھ رہی ہے، نعیم الرحمان

لاہور، پشاور اور کراچی کے دھرنے آٹھویں روز میں داخل ہو چکے ہیں اور جماعت اسلامی اپنے طے شدہ شیڈول کے مطابق احتجاج جاری رکھے ہوئے ہے

حکمران مراعات، عیاشیاں ختم کریں، عوام کو ریلیف دیں، امیر جماعت اسلامی پاکستان کی پریس کانفرنس

لاہور (بولان بیورو) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خاتمے تک ملک بھر میں دھرنے ختم نہیں ہوں گے، احتجاجی کیمپ مزید وسیع کیے جائیں گے اور 13 ربیع الاول کو ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دی جائے گی، جس کے بعد اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کا مرحلہ بھی آ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے عوام پر ٹیکسوں اور لیوی کے نام پر زبردستی بھتے عائد کر رکھے ہیں جبکہ حکمران اپنی مراعات اور عیاشیاں ختم کرنے کے بجائے عوام کا خون نچوڑ رہے ہیں۔ لاہور میں دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ لاہور، پشاور (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

تائیوان میں کچرے کے ڈھیر میں خوفناک دھماکا، 15 افراد زخمی، 68 گھر متاثر

زخمی ہونے والوں میں 12 مقامی شہری اور 3 فائر فائٹرز شامل ہیں، حکام کی گفتگو

تائنان (این این آئی) تائیوان کے شہر تائنان میں خالی پلاٹ پر کچرے کے ڈھیر میں آگ لگنے کے بعد ہونے والے زوردار دھماکے کے نتیجے میں 15 افراد زخمی اور 68 گھروں کو نقصان پہنچا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق واقعہ 22 اگست کی صبح تائنان کے عنان ضلع میں پیش آیا، جہاں خالی جگہ پر موجود کچرے میں اچانک آگ بھڑک اٹھی اور بعد ازاں زوردار دھماکا ہوا۔ اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی 144 (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

پاکستان میں پہلی عالمی معیار کی مقامی بلٹ پروف شیشہ ساز فیکٹری قائم ہوگی

لاہور (بولان بیورو) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی معاونت سے پاکستان کی پہلی عالمی معیار کی مقامی بلٹ پروف شیشہ ساز فیکٹری قائم کی جائے گی۔ اسی سلسلے میں (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

شام اور پاکستان کے تعلقات میں نئے اور تاریخی باب کا آغاز ہو گیا، سیریا عرب نیوز ایجنسی

دمشق اور اسلام آباد کے درمیان سیاسی، سیکیورٹی اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (بولان بیورو) شام کے وزیر خارجہ کے 19 سال کے طویل عرصے بعد پاکستان کا دورہ کیا اس دوران دونوں ممالک کے درمیان سیکیورٹی اور اقتصادی تعاون مضبوط کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا اور دورے کو دو طرفہ تزویراتی تعاون کے نئے دور کا آغاز قرار دیا گیا۔ شامی خبر رساں ادارے سیریا عرب نیوز ایجنسی (SANA) نے رپورٹ میں بتایا کہ شام کے وزیر خارجہ نے پاکستان (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

ٹرمپ کی دھمکی پرانی فلم، ہم کئی بار دیکھ چکے ہیں، عباس عراقچی

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ٹرمپ کی معاشی جنگ وہی پرانی امریکی غنڈہ گردی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ٹرمپ کی دھمکی پرانی فلم ہے، ہم کئی (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

قطری وفد کا پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی قطری سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

اسلام آباد (بولان بیورو) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے قطر کے اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی جس میں دو طرفہ تجارت، سرمایہ کاری بڑھنے اور باہمی تعاون مزید مستحکم بنانے پر زور دیا گیا۔ قطری وفد کی قیادت ممتاز کاروباری شخصیت اور شاہی خاندان کے رکن شیخ نایف بن عبدالثانی نے کی۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان اور قطر کے درمیان تعلقات مشترکہ تاریخ، (بقیہ 27 صفحہ 7پر)

لاہور، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملک میں بارشوں اور سیلاب سے اموات کی تعداد 160 سے متجاوز

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں شدید مون سون بارشوں کے باعث ہونے والی لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب نے شدید تباہی مچا رکھی ہے۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق 26 جون سے اب تک بارشوں، لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب سے ہونے والے حادثات میں اب تک 166 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں

عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہے، بلال اظہر

دینہ میں پہلے عوامی خدمت مرکز کا افتتاح، کیریکٹر سرٹیفکیٹ سمیت 15 خدمات کی شہریوں کو آسان فراہمی کا آغاز

مسائل کے حل کے لیے جہلم نہیں جانا پڑے گا، دینہ کے عوام کا خدمت مرکز کے قیام کے خیر مقدم، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کا شکریہ

دینہ (بولان بیورو) وزیر مملکت ریلوے اور خزانہ بلال اظہر کیانی نے اتوار کے روز تحصیل ہال دینہ میں کھلی کچہری منعقد کی جس میں عوامی مسائل اور شکایات سن کر ان کے حل کے لیے موقع پر فوری احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، محکمہ مال، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے اعلیٰ (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بی ایس ڈی آئی موثر اور عوام دوست منصوبہ ہے، ڈی سی موسیٰ خیل

عوامی مسائل کے فوری حل اور ترقیاتی منصوبوں کو موثر اور شفاف انداز میں مکمل کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں

بی ایس ڈی آئی پروگرام کے فیز ون میں ضلع موسیٰ خیل میں مجموعی طور پر 14 ترقیاتی منصوبے شامل تھے

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجگ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن، کور کمانڈر بلوچستان کی خصوصی دلچسپی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں شروع کیے گئے بی ایچ ڈی آئی (BSDI) پروگرام کے تحت عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی، عوامی مسائل کے فوری حل اور ترقیاتی منصوبوں کو موثر اور شفاف انداز میں مکمل کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، جبکہ پروگرام کے مثبت اور دور رس نتائج عوام کو ملنا شروع ہوگئے ہیں ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجگ نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی پروگرام بنیادی طور پر ایک ایسا موثر نظام ہے جس کے ذریعے حکومت عوام تک پہنچ کر ان کے مسائل سنتی ہے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھاتی ہے انہوں نے بتایا کہ بی ایس ڈی آئی پروگرام کے فیز ون میں ضلع موسیٰ خیل میں مجموعی طور پر 14 ترقیاتی منصوبے شامل تھے، جن میں سے 13 منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ ایک منصوبہ تکمیل کے قریب ہے۔ اس طرح فیز ون میں ضلع موسیٰ خیل کی مجموعی پیش رفت تقریباً 93 فیصد رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ فیز ٹو میں ضلع موسیٰ خیل کے لیے 101 منصوبے شامل کیے گئے ہیں، جن میں سے 27 منصوبے مکمل ہو چکے ہیں، جبکہ دیگر منصوبوں پر بھی تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیز ٹو کے منصوبوں کی تکمیل کے لیے متعلقہ محکموں اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان موثر رابطہ اور مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ عبدالرزاق نجگ نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی محض ترقیاتی منصوبوں کا پروگرام نہیں بلکہ ایک ایسا مربوط نظام ہے جس کے ذریعے عوامی مسائل کو براہ راست حکام کے سامنے لایا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں تحصیل، سب ڈویژن اور ضلعی سطح پر کھلی کچہریاں اور عوامی اجتماعات منعقد کیے جاتے ہیں، جہاں شہری اپنے مسائل براہ راست ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنرز اور متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جانب سے پیش کی جانے والی شکایات اور مسائل کا باقاعدہ جائزہ لیا جاتا ہے، ان کی نوعیت اور ترجیحات کا تعین کرنے کے بعد قابلِ عمل منصوبہ تیار کر کے متعلقہ فورم کو بھجوایا جاتا ہے۔ منصوبے کی منظوری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات (P&D) سے حاصل ہونے کے بعد عملی کام کا آغاز کیا جاتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل نے کہا کہ اس پورے عمل میں ضلعی انتظامیہ، متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس اور دیگر اداروں کے درمیان مربوط رابطہ قائم رکھا جاتا ہے تاکہ منظور شدہ منصوبوں پر بروقت کام شروع ہو اور انہیں مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت منصوبوں کی نگرانی اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترجیحات کا تعین کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پروگرام کا بنیادی مقصد عوام اور حکومت کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانا اور لوگوں کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے ایسے مسائل کی نشاندہی بھی ممکن ہوئی ہے جو طویل عرصے سے عوام کے لیے مشکلات کا باعث بن رہے تھے عبدالرزاق نجگ نے کہا کہ ضلع موسیٰ خیل میں بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت مکمل ہونے والے منصوبوں سے عوام کو تعلیم، صحت، مواصلات، پینے کے پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کے شعبوں میں ریلیف مل رہا ہے

مکلی کی دھکیاری خاتون کے ساتھ انصاف نہ ہوسکا

خاتون کی میڈیا کے سامنے دھائی اب میڈیا ہی میری مدد کرے مسمات شریفاں درس

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) مکلی کی دھکیاری خاتون کے ساتھ انصاف نہ ہوسکا خاتون کی میڈیا کے سامنے دھائی اب میڈیا ہی میری مدد کرے مسمات شریفاں درس۔ گوٹھ علی مراد درس کی رہائشی خاتون شریفاں درس نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گاؤں کا وڈیرہ میری جان کا دشمن بنا ہوا ہے میرا وڈیرے کے خلاف عدالت میں کئی سالوں سے زنا کا کیس چل رہا ہے کیس سے ہاتھ اٹھانے کے لیے مجھ پر کئی بار حملے کیے گئے مجھے دھمکیاں دی جاتی ہیں پیسے کے زور پر وڈیرے نے سب کو خرید لیا ہے پورا گاؤں خوف سے وڈیرے کا ساتھ دے رہا ہے وڈیرے کا کام چوریاں وغیرہ بھی کرنا ہے شریفاں نے کہا کہ اپنے ساتھ ہونے والے ظلم کے خلاف کئی دفعہ پولیس افسران سے ملی مگر کہیں انصاف نہیں ملا ایس ایس پی ٹھٹھہ کو درخواست دی جنہوں نے ایس ایچ او مکلی کو فوری ایکشن لینے کا حکم دیا مگر ایس ایچ او مکلی نے بھی میرے ساتھ کوئی انصاف نہیں کیا

فیصل آباد، گھریلو جھگڑے پر دادا نے 2 پوتوں کو تیز دھار آلے سے قتل کر دیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں گھریلو جھگڑے پر دادا نے 2 پوتوں کو تیز دھار آلے سے قتل کر ڈالا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ فیصل آباد کی غوثیہ کالونی میں پیش آیا جہاں بے رحم دادا نے گھریلو جھگڑے پر 2 پوتوں کو تیز دھار آلے سے قتل کر دیا۔ پولیس نے بتایا کہ مشتعل شخص نے جھگڑے کے دوران اپنی بیوی اور بہو کو بھی زخمی کیا۔

میونسپل کمیٹی سیوی کا عملہ بارشوں کے بعد صفائی میں مصروف ہے

24 سالہ نوجوان کے قتل کیس میں 2 ملزمان کو عمر قید اور 15 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی

ڈپٹی ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر اعجاز احمد خواجہ نے عدالت میں کیس کی پیروی کی

بدین (نامہ نگار) فرسٹ ایڈیشنل سیشن جج بدین کی عدالت نے 24 سالہ نوجوان کے قتل کیس میں دو ملزمان کو عمر قید اور مجموعی طور پر 15 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی۔ تفصیلات کے مطابق سال 2023 میں تھانہ تلہار کی حدود میں ملزمان نے 24 سالہ نوجوان محمد ایوب ماچھی کو خنجر کے وار کر کے قتل کر دیا تھا۔ واقعے کا مقدمہ مقتول کی والدہ کی مدعیت میں تھانہ تلہار پر چار ملزمان کے خلاف درج کیا گیا تھا۔ مذکورہ مقدمے کی تفتیش اس وقت کے تفتیشی افسر سراج احمد شیخ نے کی، جبکہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر اعجاز احمد خواجہ نے عدالت میں کیس کی پیروی کی۔ فرسٹ ایڈیشنل سیشن جج بدین راحمد ندیم نے جرم ثابت ہونے پر ملزمان شاہنواز ملاح اور شہباز ملاح کو عمر قید اور مجموعی طور پر 15 لاکھ روپے نقد جرمانے کی سزا سنادی۔ جرمانے کی رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں دونوں مجرمان کو مزید ایک، ایک سال قید بھگتنا ہوگی۔ جبکہ مقدمے میں نامزد دیگر ملزمان جمن ملاح اور ناتھو ملاح کے خلاف جرم ثابت نہ ہونے پر عدالت نے انہیں بری کر دیا۔

وزیراعظم، وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق تمام محکموں کو اپنی کارکردگی بہتر بنانا ہوگی، منشا اللہ بٹ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر وافرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق تمام سرکاری محکموں کو اپنی کارکردگی بہتر بنانا ہوگی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ ساتھ مختلف محکموں کے درمیان موثر رابطہ کاری بھی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کو غیر ضروری مشکلات اور کوفت کا سامنا نہ کرنا پڑے

ترقی و استحکام کیلئے جمہوری اقدار کی پاسداری ناگزیر ہے، پنجاب بار

آئینی وقانونی طریقے سے مسائل کا حل تلاش کرنا ہی جمہوری معاشرے کی پہچان ہے، وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی

وکلاء قانون کی حکمرانی، عدلیہ کے وقار، شہریوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، چیئرمین ایگزیکٹو ارشد ہنجرا

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چودھری ارشد علی ہنجرا نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی اور استحکام کے لئے آئین و قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار کی پاسداری ناگزیر ہے، وکلاء برادری نے ہمیشہ آئین کی سربلندی، قانون کی حکمرانی، عدلیہ کی آزادی اور جمہوری نظام کے تحفظ کیلئے بھرپور جدوجہد کی ہے اور آئندہ بھی اس اصولی موقف پر قائم رہے گی، وکلا کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ مسائل کے حل اور انہیں سازگار ماحول کی فراہمی پنجاب بار کونسل کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ملاقات کے لئے آنے والے وکلاء کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے پولیس کے ناروا اور غیر پیشہ ورانہ رویے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وکلاء کے ساتھ بلاجواز بدسلوکی، ہراساں کرنے یا اختیارات سے تجاوز کسی صورت قابل قبول نہیں۔ پولیس قانون کی محافظ ہے، کسی فرد یا ادارے کے خلاف طاقت کے غیر ضروری استعمال یا قانون سے تجاوز کا اختیار کسی کو حاصل نہیں۔ مطالبہ ہے کہ وکلاء کے ساتھ پیش آنے والے ایسے واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے کو برداشت کرنا اور آئینی و قانونی طریقے سے مسائل کا حل تلاش کرنا ہی جمہوری معاشرے کی پہچان ہے۔ انہوں نے وکلاء پر زور دیا کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے پیشہ ورانہ اور آئینی کردار کو مزید موثر بنائیں۔ وکلاء برادری متحد ہو کر قانون کی حکمرانی، عدلیہ کے وقار اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ پنجاب بار کونسل کے عہدیداران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وکلاء کے حقوق اور فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ آئین و قانون کی بالادستی کے لئے ہر آئینی و قانونی فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔

جشن عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے سلسلے میں ایک پروقار اور روحانی تقریب

مختلف علاقوں سے آئے ہوئے علماء کرام، دینی شخصیات اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) مکلی ورکشاپ میں جامع مسجد المدینہ کے قریب جشن عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے سلسلے میں ایک پروقار اور روحانی تقریب منعقد ہوئی، جس میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے علماء کرام، دینی شخصیات اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب استاد العلماء، شیخ الحدیث والتفسیر قبلہ مخدوم مفتی عبدالرحمان رحم اللہ علیہ کی یاد اور نسبت سے صاحبزادہ حافظ عطاالرحمان رحمانی کی زیرِ صدارت منعقد ہوئی تقریب سے مولوی عبدالغنی جت نعیمی اور حافظ وقاری علی حسن حسینی نے خصوصی خطاب کیا، جبکہ علامہ مولانا واجد حسین میمن رحمانی کنری نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس کے علاوہ مولانا اویس احمد رحمانی، مولانا نور محمد رحمانی، مولانا حافظ شعیب رضا رحمانی، مولانا حبیب اللہ رحمانی، مولانا محمد فضل رحمانی سمیت جماعتِ رحمانیہ سے وابستہ متعدد علماء کرام نے بھی شرکت کی محفل کی میزبانی علامہ حافظ خبیب علی رحمانی اور جماعتِ اہلِ سنت ورکشاپ کی جانب سے کی گئی۔ اس موقع پر علماء کرام نے حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرتِ طیبہ، پاکیزہ اخلاق اور تعلیمات پر روشنی ڈالی اور مسلمانوں کو نبی کریم ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنے کی تلقین کی تقریب کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، خوشحالی، امن اور امتِ مسلمہ کی سربلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے پانچ افراد کو گرفتار کر کے منشیات برآمد کرلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ایس ایس پی نصیرآباد کی قیادت میں پولیس کا ڈیرہ مراد جمالی میں منشیات کے اڈے پر چھاپہ منشیات برآمد پانچ افراد کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ چھتر میں پولیس اور ڈاکوؤں کی کمین گاہوں پر چھاپے اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد چھینی گئی موٹر سائیکلز برآمد ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر نے پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ ڈیرہ مراد جمالی سٹی گولہ چوک کے مقام پر اچانک منشیات کے اڈے پر چھاپہ مارا اس دوران پولیس نے مختلف نوعیت کی منشیات برآمد کر کے پانچ افراد کو گرفتار کر کے مقدمات درج کرلے گیے جبکہ ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی قیادت میں پولیس کا چھتر فلیجی ودیگر علاقوں میں ڈاکوؤں کی کمین گاہوں پر چھاپے مارے گئے

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سیوی لالہ عبدالقیوم دہپال ڈی واٹرنگ مشین کے ذریعے سڑکوں سے بارشی پانی نکالنے کے کام کی نگرانی کر رہے ہیں

غیر معیاری اور ناقص تعمیراتی کام کے باعث گزشتہ چھ روز سے کاروباری سرگرمیاں اور ٹریفک معطل

روڈ کی تعمیر کے ساتھ ہی مین واٹر سپلائی کی پائپ لائن لیک ہونے سے روڈ میں کھڈے اور گڑھے پڑنے سے روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگیا

بدین (نامہ نگار) بدین شہر کا اہم ترین اور مصروف تجارتی محور قائداعظم روڈ پر محکمہ پبلک ہیلتھ کی جانب سے روڈ کی تعمیر سے قبل میونسپل کمیٹی بدین کو اطلاع اور این او سی کے بغیر کام جاری کرنے کے علاوہ ناقص حکمت عملی اور غیر معیاری کام کی وجہ سے روڈ کی تعمیر کے ساتھ ہی مین واٹر سپلائی کی پائپ لائن لیک ہونے سے روڈ میں کھڈے اور گڑھے پڑنے سے روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگیا، واٹر سپلائی کی پائپ لائن کی مرمت کے لیے روڈ میں دس سے پندرہ فٹ گہرے کھڈے لگائے گئے ہیں جس کی وجہ شہر کا مرکزی روڈ اور اہم کاروباری علاقے بھی طرح متاثر ہو کر رہ گیا ہے جبکہ گزشتہ کئی روز سے ٹریفک بھی مکمل طور پر بند ہو چکی ہے، قائداعظم روڈ گزشتہ کئی روز سے شدید انتظامی عدم توجہی، ناکام منصوبہ بندی اور شہری بنیادی ڈھانچے کی تباہی کی واضح مثال بنا ہوا ہے۔ منصوبہ بندی کے بغیر اور ناقص حکمت عملی کی وجہ سے زیر زمین واٹر سپلائی اور سیوریج لائنوں سے مسلسل پانی کے اخراج کے باعث سڑک پر پانی کھڑا رہتا ہے، جس سے نہ صرف علاقے کی تجارتی اور معاشی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں بلکہ مقامی تاجروں کی جانب سے بارہا نشاندہی کے باوجود انتظامیہ کی طرف سے اس مسئلے کا فوری اور مستقل حل نہیں نکالا جاسکا

چکوال: غیر قانونی مذبحہ خانے پر چھاپہ، 20 کلو مضر صحت گوشت برآمد، مالک گرفتار

چکوال (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے مخبر کی اطلاع پر چھپڑ بازار سے ملحقہ چوڑی گلی میں ایک حویلی میں قائم غیر قانونی مذبحہ خانے پر چھاپہ مار کر 20 کلو بدبودار اور مضر صحت گوشت برآمد کرلیا، جسے موقع پر تلف کر دیا گیا۔ فوڈ سیفٹی آفیسر حفیظ الرحمٰن کے مطابق حویلی میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناقص تھی، جہاں جالے اور گرتا ہوا چونا موجود تھا جبکہ گوشت پر سرکاری مذبح خانے کی مہر بھی نہیں تھی۔ ویٹرنری ڈاکٹر حسن نواز نے گوشت کو انسانی استعمال کے لیے مضر قرار دیا۔

ریڑھی بانوں کو مین بازار سے باہر منتقل کرنے کی ہدایت کے خلاف ریڑھی بان سراپا احتجاج بن گئے

احتجاج میں بڑی تعداد میں متاثرہ ریڑھی بانوں نے شرکت کی اور انتظامیہ کے فیصلے کے خلاف شدید نعرے بازی کی

سوراب (نامہ نگار) سوراب میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ریڑھی بانوں کو مین بازار سے باہر منتقل کرنے کی ہدایت کے خلاف ریڑھی بان سراپا احتجاج بن گئے۔ احتجاج میں بڑی تعداد میں متاثرہ ریڑھی بانوں نے شرکت کی اور انتظامیہ کے فیصلے کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ ریڑھی بانوں کا کہنا تھا کہ مناسب اور باقاعدہ متبادل جگہ کی فراہمی کے بغیر وہ کسی صورت مین بازار سے باہر منتقل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ جب شہر میں سبزی منڈی کی بنیاد رکھی گئی تھی تو ضلعی انتظامیہ نے ان سے باقاعدہ وعدہ کیا تھا کہ تمام ریڑھی بانوں کو وہاں تمام تر سہولیات کے ساتھ منتقل کیا جائے گا، لیکن انتظامیہ اپنا یہ وعدہ وفا کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے۔ احتجاجی مظاہرین نے انکشاف کیا کہ اس وقت بازار میں 200 سے زائد ریڑھی بان اپنے خاندان کا پیٹ پال رہے ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ انہیں محض 30 ریڑھیاں مہیا کرنے کا کہہ رہی ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ 200 سے زائد افراد میں صرف 30 ریڑھیاں کیسی تقسیم کی جا سکتی ہیں؟ یہ فیصلہ باقی 170 سے زائد خاندانوں کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا

بدین۔ محکمہ پبلک ہیلتھ کی نااہلی اور غفلت قائداعظم روڈ کی غیر معیاری اور ناقص تعمیراتی کام اور واٹر سپلائی کی پائپ لائن لیک ہونے کے باعث روڈ میں ڈالے گئے بڑے کھڈے سے گزشتہ چھ روز سے کاروباری سرگرمیاں اور ٹریفک معطل ہو کر رہ گئی ہیں۔

روہڑی کی مارکیٹوں کو جشنِ آزادی کے موقع پر سجایا جائے گا

تاجر برادری بھرپور کردار ادا کرے گی: سید عمران شاہ

روہڑی (نمائندہ اسلم سومرو) روہڑی کی مارکیٹوں کو جشنِ آزادی کے موقع پر سجایا جائے گا تاجر برادری بھرپور کردار ادا کرے گی: سید عمران شاہ آل روہڑی تاجر برادرز اتحاد کے سرپرست سید عمران شاہ نے کہا ہے کہ دکانداروں اور تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے تاجر برادری متحد ہے جبکہ جشنِ آزادی اور ماہِ ربیع الاول کے بابرکت ایام کے موقع پر روہڑی شہر کی بیشتر مارکیٹوں اور تجارتی مراکز کو خوبصورتی سے سجایا جائے گا سید عمران شاہ نے کہا کہ تاجر اور دکاندار اپنی اپنی دکانوں کے سامنے صفائی ستھرائی کا خصوصی اہتمام کریں گے چراغاں کیا جائے گا اور قومی پرچم و جھنڈیوں سے دکانوں اور مارکیٹوں کو سجایا جائے گا تاکہ جشنِ آزادی کے موقع پر شہر کا ماحول خوبصورت اور قومی جذبے سے سرشار نظر آئے انہوں نے کہا کہ ماہِ ربیع الاول ہمارے لیے انتہائی مقدس اور بابرکت مہینہ ہے اس لیے جشنِ آزادی کی تقریبات میں شرکت کے ساتھ ساتھ اس مقدس ماہ کے تقدس اور احترام کو بھی ملحوظِ خاطر رکھا جائے گا تاجر برادری قومی یکجہتی، بھائی چارے، محبت اور رواداری کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی سید عمران شاہ نے کہا کہ آل روہڑی تاجر برادرز اتحاد دکانداروں اور تاجروں کو درپیش جائز مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ جاری رکھے گا اور تاجر برادری کی آواز موثر انداز میں اعلیٰ حکام تک پہنچائی جائے گی

ضلع ٹھٹھہ میں پولیو بوسٹر ڈوز مہم کا آغاز، مختلف علاقوں میں مارننگ اسمبلیاں، ٹیمیں فیلڈ میں روانہ

مختلف علاقوں میں مارننگ اسمبلیاں منعقد کر کے پولیو ٹیموں کو فیلڈ میں روانہ کیا گیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ضلع ٹھٹھہ میں پولیو بوسٹر ڈوز مہم کا آغاز، مختلف علاقوں میں مارننگ اسمبلیاں، ٹیمیں فیلڈ میں روانہ - ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت کی ہدایت پر ضلع بھر میں پولیو بوسٹر ڈوز مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا، جس کے تحت مختلف علاقوں میں مارننگ اسمبلیاں منعقد کر کے پولیو ٹیموں کو فیلڈ میں روانہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر سید صفدر علی شاہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر I- عمران الحق اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ مختلف اسکولوں کا اچانک دورہ کر کے پولیو مہم کے انتظامات، ٹیموں کی موجودگی، بچوں کو ویکسین کی فراہمی اور فنگر مارکنگ کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ کوئی بھی اہل بچہ ویکسین سے محروم نہ رہنے پائے اور مہم کے دوران سو فیصد کوریج یقینی بنائی جائے۔ مکلی میں اسسٹنٹ کمشنر ٹھٹھہ شاکر فہیم، گھارو میں اسسٹنٹ کمشنر میرپور ساکرو نبی بخش سولنگی، ورمیں اسسٹنٹ کمشنر گھوڑاباری سورٹھ مظہر جبکہ کیٹی بندر میں اسسٹنٹ کمشنر ساجد پہوڑ کی نگرانی میں مارننگ اسمبلیاں منعقد کی گئیں، جہاں پولیو ٹیموں کو ضروری سامان فراہم کر کے مقررہ علاقوں میں روانہ کیا گیا۔ اس موقع پر افسران نے ٹیموں کو ہدایت کی

ڈسٹرکٹ امان اللہ لاسی نے پبلک ریلیشن کمیٹی کے ممبران کا اجلاس طلب کرلیا

پبلک ریلیشن کمیٹی کے تمام ممبران کو وقت مقررہ پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے

حب (پ ر) چیئرمین پبلک ریلیشن کمیٹی آف سول سوسائٹی حب ولسبیلہ ڈسٹرکٹ امان اللہ لاسی نے پبلک ریلیشن کمیٹی کے ممبران کا اجلاس آج 25 اگست بروزِ منگل شام ساڑھے چار بجے محسن لاج نزد شیر علی پیٹرول پمپ طلب کرلیا ہے۔ اجلاس میں حب کے مسائل بجلی کی آنکھ مچولی، شہر میں گیس کی قلت، پانی کی عدم فراہمی، ٹریفک جام جیسے مسائل پر کمشنر لسبیلہ ڈویژن، ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن، اریگیشن اور پبلک ہیلتھ کے حکام سے ملاقاتوں کا شیڈول بنایا جائے گا پبلک ریلیشن کمیٹی کے تمام ممبران کو وقت مقررہ پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

اسکول آف ایکسیلینس گولارچی میں پولیو بوسٹر ڈوز مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا

آج اسکول آف ایکسیلینس میں 10 سال تک کے تمام بچوں کو پولیو بوسٹر ڈوز دی گئی اور انہیں تحائف بھی پیش کیے گئے

بدین (نامہ نگار) حکومت سندھ کی ہدایت پر 4 ماہ سے 10 سال تک کے بچوں کو پولیو بوسٹر ڈوز فراہم کرنے کے سلسلے میں اسکول آف ایکسیلینس گولارچی میں ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بدین یاسر بھٹی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز اور اسسٹنٹ کمشنر شہید فاضل راہو گولارچی عاطف شفیق اور دیگر نے مہم کا آغاز کیا۔ اسکول آف ایکسیلینس کے ڈائریکٹر کامران علی میمن نے کہا کہ والدین کے بھرپور تعاون سے آج اسکول آف ایکسیلینس میں 10 سال تک کے تمام بچوں کو پولیو بوسٹر ڈوز دی گئی اور انہیں تحائف بھی پیش کیے گئے۔ ڈاکٹر رمضان آرائیں، فوکل پرسن تعلقہ شہید فاضل راہو نے بتایا کہ آج گولارچی کے تمام اسکولوں میں ہماری ٹیمیں پہنچ چکی ہیں اور شہر کے تقریباً 70 فیصد بچوں کو یہ ڈوز لگائی جا چکی ہے۔

کراچی: جناب زاہد حسین بھٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز گیند کو ہٹ لگا کر آر سی اے کراچی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام چچ می ٹرافی انڈر 15- انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہے اس موقع پر علی حسین سیکرٹری آر سی اے کراچی، خالد نفیس، جاوید اختر کیانی، توصیف صدیقی، اعظم خان کے علاوہ دیگر زونل عہدیداران بھی موجود ہیں۔

روہڑی پولیس کی بڑی کارروائی شراب کے 35 کارٹن برآمد ملزم گرفتار

رحیم یارخان کے رہائشی غلام عباس ولد بشیر احمد آرائیں کو گرفتار کر کے گاڑی بھی تحویل میں لے لی

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) روہڑی پولیس کی بڑی کارروائی شراب کے 35 کارٹن برآمد ملزم گرفتار جاڑی ماں لنک روڈ پر ناکہ بندی کے دوران لینڈ کروزر سے 840 شراب کی بوتلیں برآمد ملزم گرفتار گاڑی تحویل میں لے لی گئی تفصیلات کے مطابق روہڑی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے جاڑی ماں لنک روڈ پر ایک لینڈ کروزر گاڑی میں چھپائی گئے شراب کے 35 کارٹن برآمد کرلیے جن میں 840 آدھیا بتائے جاتے ہیں پولیس نے شراب کی ترسیل میں ملوث رحیم یارخان کے رہائشی غلام عباس ولد بشیر احمد آرائیں کو گرفتار کر کے گاڑی بھی تحویل میں لے لی پولیس کے مطابق منگل کے روز ایس ایچ او روہڑی ثنا اللہ کھوڑو نے پولیس پارٹی کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر جاڑی ماں لنک روڈ پر ناکہ بندی کی اس دوران مشکوک لینڈ کروزر کو روک کر تلاشی لی گئی تو گاڑی سے شراب کے 35 کارٹن برآمد ہوئے گرفتار ملزم مبینہ طور پر سکھر سے شراب خرید کر پنجاب کے علاقے رحیم یار خان میں فروخت کے لیے لے جا رہا تھا روہڑی پولیس نے برآمد شدہ شراب اور گاڑی تحویل میں لے کر ملزم کے خلاف سرکار کی مدعیت میں منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا جبکہ ملزم سے مزید پوچھ گچھ اور تفتیش جاری ہے ایس ایس پی سکھر اظہر خان مغل نے روہڑی پولیس کی کامیاب کارروائی پر ایس ایچ او روہڑی ثنا اللہ کھوڑو اور پولیس پارٹی کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے مکروہ کاروبار کے خلاف کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی انہوں نے پولیس افسران و اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کامیاب کارروائی پر مبارکباد بھی پیش کی

بھیل مذہب سے تعلق رکھنے والے خاندان کا قبول اسلام

اسلام ہی دنیا و آخرت کی کامیابی اور دوزخ کی آگ سے نجات کا واحد ذریعہ ہے، مفتی محمد نعیم

بیلا (نمائندہ بولان) بھیل مذہب سے تعلق رکھنے والے خاندان کا قبول اسلام، کلمہ طیبہ پڑھ کر دائرہ اسلام میں داخل مدرسہ مظہر العلوم صدیقیہ بیلہ میں روح پرور تقریب، شیخ الحدیث مفتی محمد نعیم نے کلمہ پڑھایا بھیل مذہب سے تعلق رکھنے والے ٹنڈو غلام علی ضلع بدین سندھ کے رہائشی حال جام یوسف آباد ڈنڈہ چھاڑ گوٹھ میں مقیم بھیل خاندان نے پیر کے روز مظہر العلوم صدیقیہ بیلہ میں رضا و خوشی سے کلمہ طیبہ پڑھ کر باقاعدہ اسلام قبول کر لیا تفصیلات کے مطابق شیخ الحدیث مفتی محمد نعیم نے نومسلم خاندان کو کلمہ طیبہ پڑھایا اور انہیں دائرہ اسلام میں داخل کیا اس موقع پر شیخ الحدیث مفتی محمد نعیم نے نومسلم خاندان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اسلام امن، محبت اور بھائی چارے کا دین ہے۔ اسلام ہی دنیا و آخرت کی کامیابی اور دوزخ کی آگ سے نجات کا واحد ذریعہ ہے دین اسلام عدل، مساوات اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے جو شخص سچے دل سے کلمہ پڑھ لے وہ اللہ کا محبوب بن جاتا ہے اور اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کے ساتھ ساتھ اسلام ہمیں سچ بولنے، والدین کی خدمت کرنے اور مخلوق خدا سے ہمدردی کا حکم دیتا ہے نومسلموں کے اسلامی نام عبداللہ عبدالرحمٰن، بشیر احمد، ابوبکر، عثمان، فاطمہ بی بی، حاجرہ بی، زینب اور کلثوم رکھے گئے اس موقع پر مفتی نور احمد، محمد اظہر علی نواز، ماسٹر عبدالواحد، ڈاکٹر امام بخش، محمد حیات، غلام رسول، زاہد امام، محمد ابراہیم، صحافی نواز امین رونجھو، یوسف راہی اور دیگر معززین علاقہ بھی موجود تھے علاقہ معززین نے نومسلم خاندان کو مبارکباد پیش کی اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی آخر میں شیخ الحدیث مفتی محمد نعیم نے نومسلم خاندان کے لیے خصوصی دعا کروائی اور ان کے ایمان میں استقامت کی دعا فرمائی

لانگ مارچ 27 ستمبر کو ہی ہو گا، سہیل آفریدی

ہمیں ان حق پرست ججز کا ساتھ دینا ہے جو انصاف کرتے ہیں اور عوامی امنگوں پر پورا اترتے ہیں، ایک ہی ملک میں طاقتور کے لئے الگ قانون اور کمزور کے لئے الگ قانون، یہ ہم نہیں ہونے دیں گے

27 ستمبر کو 40 لاکھ لوگ اپنا مقدمہ لڑنے کے لیے نکلیں گے، اس بار خالی ہاتھ واپس نہیں آئیں گے، 27 ستمبر کو انقلاب ہوگا اور گولی و بندوق سے نہیں ڈریں گے، سہیل آفریدی کا خطاب

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ عمران خان کے علاج سے متعلق سپریم کورٹ کے تین ججز کے حکم پر عملدرآمد نہ ہونے کی تمام تر ذمہ داری وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب پر عائد ہوتی ہے، تین ججز نے عمران خان کا ان کی بہن اور ذاتی معالج کی موجودگی میں شفا انٹرنیشنل اسپتال میں علاج کرانے کا حکم دیا، مگر جعلی حکومت نے اس حکم کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا، یہ صرف تین ججز نہیں بلکہ پوری عدلیہ کی توہین ہے۔ وزیراعلیٰ نے ان خیالات کا اظہار 27 ستمبر کے لانگ مارچ کی تیاریوں کے سلسلے میں ضلع بونیر کے ایک روزہ دورے کے دوران سواڑی چوک میں اسٹریٹ موومنٹ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر جنید اکبر خان، صوبائی وزراء شفیع جان، مینا خان آفریدی اور دیگر صوبائی و مقامی رہنماؤں نے بھی اسٹریٹ موومنٹ میں شرکت کی۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ جعلی حکمرانوں کو آئین و قانون کا کوئی ڈر نہیں اور وہ خود کو آئین سے بالاتر سمجھتے ہیں، ہمیں ان حق پرست ججز کا ساتھ دینا ہے جو انصاف کرتے ہیں اور عوامی امنگوں پر پورا اترتے ہیں، ایک ہی ملک میں طاقتور کے لیے الگ قانون اور کمزور کے لیے الگ قانون، یہ ہم نہیں ہونے دیں گے۔ 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ 27 ستمبر کو 40 لاکھ لوگ اپنا مقدمہ لڑنے کے لیے نکلیں گے اور اس بار خالی ہاتھ واپس نہیں آئیں گے، 27 ستمبر کو انقلاب ہوگا۔ ہم 27 ستمبر کو نکلیں گے اور گولی و بندوق سے نہیں ڈریں گے، ہمیں حقیقی آزادی لینی ہے یا شہادت قبول کرنی ہے، تیسرا کوئی راستہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نوجوانوں کے درمیان ہیں اور وہ عوامی طاقت سے باہر آئیں گے جس طرح عمران خان قربانی دے رہے ہیں، اسی طرح ہم بھی قربانی دینے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ ہمیں کوئی ایک انچ بھی اپنے مقصد سے پیچھے نہیں ہٹا سکتا۔ کارکنوں کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ آپ کو ڈائیورٹ کرنے کی کوشش کریں گے، مگر آپ نے ڈائیورٹ نہیں ہونا۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ ہمیں اس شخص کا ساتھ دینا ہے جس نے بیرونی غلامی کے خلاف ''ایبسلوٹلی ناٹ'' کہا، عمران خان واحد لیڈر ہیں جو اس ملک کو بچا سکتے ہیں، معیشت بہتر کر سکتے ہیں اور ملک کو حقیقی خود مختاری دے سکتے ہیں، عمران خان قومی یکجہتی کی ضمانت ہیں اور وہی اداروں کی عزت بحال کرا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عمران خان ہماری آئندہ نسلوں کے لیے قربانی دے رہے ہیں، اس لیے ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم عمران خان کے لیے نکلیں۔ انہوں نے کہا کہ بونیر کے لوگوں نے ہمیشہ عمران خان سے محبت کی ہے اور عمران خان نے بونیر کے لوگوں کو پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے قائم مقام چیئرمین کا عہدہ دیا۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ ان چوروں اور لٹیروں نے پاکستان کے عوام کا مینڈیٹ چوری کیا ہے، حکمران عوام کے خون پسینے کی کمائی کھا رہے

روہڑی قرض کی قسط کے معاملے پر بینک عملے پر نوجوان کو مبینہ تشدد کا الزام

بینک سے 45 ہزار روپے قرض لیا ہوا ہے، جس کی ماہانہ قسط باقاعدگی سے ہر ماہ 23 تاریخ کو ادا کی جاتی ہے

روہڑی (نمائندہ اسلم سومرو) سندھ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ کے عملے پر قرض کی قسط کے معاملے پر نوجوان ندیم گھانگھرو کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنانے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ زخمی نوجوان کو طبی امداد کے لیے تعلقہ اسپتال روہڑی منتقل کیا گیا، جہاں سے وہ انصاف کے حصول کے لیے روہڑی پریس کلب پہنچا اور احتجاج کیا صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ندیم گھانگھرو نے الزام عائد کیا کہ اس کی اہلیہ کائنات نے مذکورہ بینک سے 45 ہزار روپے قرض لیا ہوا ہے، جس کی ماہانہ قسط باقاعدگی سے ہر ماہ 23 تاریخ کو ادا کی جاتی ہے۔ تاہم بینک کا عملہ 22 تاریخ کو قسط وصول کرنے کے لیے اس کے گھر پہنچ گیا ندیم گھانگھرو کے مطابق بینک کے 8 سے 10 افراد دروازہ کھٹکھٹانے کے بعد مبینہ طور پر گھر میں داخل ہوئے اور اس پر چاکو، کلپ اور پستول کے بٹ سے تشدد کیا، جس کے باعث وہ زخمی ہوگیا۔ اس نے الزام لگایا کہ واقعے کے دوران اس کے بچوں اور اہل محلہ کے سامنے اسے مبینہ طور پر تذلیل کا نشانہ بنایا گیا جبکہ گھر کی چادر اور چار دیواری کا تقدس بھی پامال کیا گیا

کراچی: جعلی نکاح کا جھانسہ دے کر خاتون سے مبینہ زیادتی، ملزم گرفتار

کراچی (این این آئی) شاہ لطیف ٹاؤن پولیس نے جعلی نکاح کا جھانسہ دے کر خاتون سے مبینہ زیادتی کرنے کے الزام میں ایک شخص کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ خاتون نے الزام عائد کیا ہے کہ ملزم نے ستمبر 2025 میں موبائل فون کے ذریعے اس سے مبینہ نکاح کیا اور بعد ازاں شادی کا جھانسہ دے کر اسے مبینہ طور پر تین مرتبہ زیادتی کا نشانہ بنایا۔ خاتون کے بیان کے مطابق ملزم مارچ 2026 میں اس کے گھر آیا اور کئی گھنٹے وہاں موجود رہا، تاہم بعد میں اسے معلوم ہوا

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لہڑی لیاقت علی لغاری تحصیل لہڑی کے مختلف پرائمری اسکولوں کا دورہ کر رہے ہیں

اوتھل میں دعوتِ اسلامی کے تحت عظیم الشان اجتماع و جلوسِ میلاد کا اعلان

شہر کی فضائیں مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ کے نعروں سے گونج اٹھیں گی

اوتھل (نامہ نگار) دعوت اسلامی کے تحت جشنِ ولادتِ مصطفیٰ ﷺ کی مناسبت سے اوتھل میں دو عظیم الشان پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں عاشقانِ رسول ﷺ بھرپور انداز میں شرکت کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق 25 اگست بروز منگل بعد نمازِ عشا فیضانِ مدینہ صابرین مسجد اوتھل میں عظیم الشان اجتماعِ میلاد منعقد ہوگا۔ اجتماع کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعتِ رسولِ مقبول ﷺ سے ہوگا، جبکہ اس موقع پر سنتوں بھرا بیان بھی کیا جائے گا۔ اجتماع کے اختتام پر صبح بہاراں کا استقبال کرنے کا خصوصی سلسلہ ہوگا، جس میں عاشقانِ رسول ﷺ درود و سلام اور ذکر و نعت کے ذریعے اپنی عقیدت و محبت کا اظہار کریں گے۔ اسی سلسلے کی کڑی میں 26 اگست بروز بدھ بعد نمازِ ظہر دعوتِ اسلامی کے تحت عظیم الشان جلوسِ میلاد فیضانِ مدینہ صابرین مسجد اوتھل سے نکالا جائے گا۔ جلوس میں عاشقانِ رسول ﷺ درود و سلام پڑھتے، نعتیں گاتے اور مدنی پرچم تھامے شرکت کریں گے، جبکہ شہر کی فضائیں مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ کے نعروں سے گونج اٹھیں گی۔ دعوتِ اسلامی کی جانب سے تمام عاشقانِ رسول ﷺ سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ان دونوں روح پرور پروگرامز میں بھرپور شرکت کر کے جشنِ ولادتِ مصطفیٰ ﷺ کی خوشیوں میں شامل ہوں اور محبت و عقیدتِ رسول ﷺ کا عملی اظہار کریں۔

سینئر صحافی عرفان عرفی کے علاج کیلئے حکومت سندھ سے فوری مالی معاونت کا مطالبہ

حیدرآباد (این این آئی) حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس (دستور) نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور گورنر سندھ نہال ہاشمی سے سینئر صحافی عرفان عرفی کے فوری سرکاری خرچ پر علاج کا مطالبہ کیا ہے، جو جگر کے عارضے میں مبتلا ہیں۔ یونین کے صدر لالہ مرزا خان، سینئر نائب صدر خالد شیخ، نائب صدر شمشیر علی خاصخیلی، سیکریٹری جنرل عارف حسین قریشی، خازن وسیم شیروانی، جوائنٹ سیکریٹری علی قریشی اور مجلس عاملہ کے ارکان سمیت دیگر عہدیداران نے کہا کہ سینئر صحافی عرفان عرفی جگر کے مہلک عارضے میں مبتلا ہیں

اساتذہ تنظیم پ ٹ الف تعلقہ بدین کے اساتذہ کا جائز مطالبات کی منظوری کے لیے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ اور ریلی نکالی گئی۔

سردار عطاء اللہ خان مینگل کی 5 ویں برسی پر حب میں تعزیتی ریفرنس منعقد کیا جائے گا

بی این پی ضلع حب کے رابطہ آفس میں بی این پی کا اجلاس منعقد ہوا

حب (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع حب کے زیراہتمام 2 ستمبر کو راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل کی 5 ویں برسی پر حب میں تعزیتی ریفرنس منعقد کیا جائے گا گذشتہ روز بی این پی ضلع حب کے رابطہ آفس میں بی این پی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس فیصلہ کیا گیا کہ بی این پی کے مرکزی اعلامیہ کے مطابق 2 ستمبر کو بلوچستان کے بھر کی طرح ضلع حب میں بھی راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل کی 5 ویں برسی اور شہدائے شاہوانی اسٹیڈیم کی برسی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائیگی اجلاس کی صدارت ضلعی قائم مقام صدر حاجی مولا داد رند نے کی جبکہ اجلاس کی کاروائی ضلعی جنرل سیکریٹری بشیر مینگل نے چلائی اجلاس کے مہمان خاص بی این پی ضلع آواران کے رہنما عبداللہ قمبرانی تھے اجلاس میں بی این پی کے ضلعی لیبر سیکریٹری عبدالغنی مینگل پبلکیشن سیکریٹری میران لانگو تحصیل حب کے صدر محمد نور میراجی مینگل جنرل سیکریٹری قربان میروانی، منور لاسی بی این پی ساکران کے رہنما میر حسن حب کے سینئر رہنما عابد قلندرانی فراز مینگل یاسین مینگل صالح شاہوانی عبداللہ لاسی فائق مگسی سمیت دیگر نے شرکت کی اجلاس میں موجودہ سیاسی صورت حال حب کے مسائل اور آئے روز چوری ڈکیتی کے وارداتوں میں اضافہ اور کے الیکٹرک کی لوڈ شیڈنگ اور بلنگ اور حب لسبیلہ پولیس کے 80 سے زائد نوجوانوں کو لسبیلہ ڈوژن سے رخشان ڈویژن ٹرانسفر کی مذمت کی ایسے اقدامات سے لسبیلہ ڈویژن کے چھوٹے لیول پولیس ملازمین کے مشکلات میں اضافہ ہوگا اعلی حکام اس فیصلے پر نظر ثانی کریں اجلاس سے رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حب شہر مسائلستان بن چکا ہیں حب کے مصروف شاہراہوں عدالت روڈ پیر کس روڈ زہری اسٹریٹ روڈ لیبر کالونی روڈ مون سوسائٹی روڈ سمیت مختلف گلیوں کی حالت زار کی وجہ سے عوام مریض اور اسکول کے بچے سب پریشان اور مشکلات کا شکار ہو چکے

''وس دھاری سندھی تھیٹر فیسٹیول 2026'' کے چوتھے روز ''دی آرٹ'' شائقین کی توجہ کا مرکز

کراچی (این این آئی) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری ''وس دھاری سندھی تھیٹر فیسٹیول 2026'' کے چوتھے روز ڈرامہ ''دی آرٹ'' پیش کیا گیا، جسے شائقین کی جانب سے بھرپور پذیرائی ملی۔ ڈرامے میں ارشد شیخ، عمیر بھٹو اور نادر حسین نے اپنی شاندار اداکاری سے حاضرین کی توجہ حاصل کی اور فنکاروں کو بھرپور داد سے نوازا گیا۔ ڈرامہ ''دی آرٹ'' معروف ڈرامہ نگار یاسمینہ رضا کا تحریر کردہ ہے، جسے بیدل مسرور نے سندھی زبان میں ڈھالا، جبکہ ہدایت کاری کے فرائض پارس مسرور نے انجام دیے۔ ڈرامے کی کہانی تین قریبی دوستوں کے گرد گھومتی ہے، جن کے درمیان بعض نظریاتی اختلافات پیدا ہو جاتے ہیں اور یہ اختلافات رفتہ رفتہ ان کے باہمی تعلقات میں کشیدگی کا سبب بنتے ہیں۔ کہانی میں ایک دوست ایسا فن پارہ خرید لیتا ہے جو اس کے فنی معیار پر پورا نہیں اترتا، جس پر اس کے پروفیسر دوست کی جانب سے اعتراض کیا جاتا ہے

حب، ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری مختلف کارروائیوں پکڑے ملزمان کے حوالے سے تفصیلات بتا رہے ہیں

پولیس تھانہ حب سٹی کی بڑی کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار

ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری اور پولیس ٹیم کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف تابڑتوڑ کارروائیاں جاری ہیں

حب (نمائندہ بولان) پولیس تھانہ حب سٹی کی بڑی کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، منشیات اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر، ایس ڈی پی او سرکل حب امام یعقوب بلوچ کی زیرِ نگرانی ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری اور پولیس ٹیم کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف تابڑتوڑ کارروائیاں جاری ہیں پولیس تھانہ حب سٹی نے مختلف کارروائیوں کے دوران متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے منشیات، چوری شدہ موٹر سائیکل اور دیگر غیر قانونی اشیاء برآمد کرلیں، جبکہ غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہونے والے غیر ملکی شہریوں کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ دورانِ گشت غیر ملکی افغان شہریوں کو گرفتار کیا گیا، جن میں شہریار، وسیم اکرم، سعید الرحمٰن، ایمن اللہ، پشتم خان، جاوید، راز محمد، بادشاہ گل، حبیب الرحمٰن اور حیدر محمد شامل ہیں گرفتار افراد کے خلاف قانونی دستاویزات و اجازت کے بغیر پاکستان میں داخل ہونے کے الزام میں مقدمہ نمبر 454/2026 بجرم 3/14 درج کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پولیس کے مطابق ملزم رضوان کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 240 گرام چرس برآمد کی گئی، ملزم خرم کو پولیس تھانہ گڈانی کراچی کے ایریا سے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے گرفتار کیا گیا، عوامی شکایت پر حب شہر میں بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بھیک مانگنے والی 07 خواتین کو گرفتار کیا گیا دورانِ چیکنگ شہید حیات چوک سے ایک غیر ملکی خاتون کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 473 گرام آئس برآمد کی گئی۔ ملزمہ کے خلاف مقدمہ نمبر 461/2026 بجرم 9/6(2)CNSA درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی۔ ایس پی حب مرزا بلال حسن نے کہا کہ ضلع حب میں منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر، مفرور و مطلوب ملزمان اور دیگر قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

ساہیوال، طالب علم سے جنسی اجتماعی زیادتی

ساہیوال (این این آئی) نویں جماعت کے طالب علم سے جنسی اجتماعی زیادتی، 11 سالہ بچے سے بدفعلی اور برہنہ ویڈیو بنانے پر مقدمات درج، چار ملزمان گرفتار کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق چک 16 چودہ ایل میں زمیندار محمد مشتاق کے بیٹے نویں جماعت کے طالب علم محمد قاسم کو طلحہ نوید، حسنین خالد، اور دو نامعلوم ملزم دوست بن کر ہمراہ لے گئے اور بند کمرہ میں کپڑے اتروا کر اجتماعی جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا اور برہنہ ویڈیو بنا کر فرار ہوگئے۔ چک 79 پانچ آر میں محمد عادل الیکٹریشن کے بیٹے طالب علم 11 سالہ محمد سلمان کو احسن کالا ماچھی اور احسن نائی دھوکہ سے ایک کمرہ میں لے گئے اور بزدستی احسن کالا ماچھی بدفعلی کرتا رہا اور دوسرا ملزم برہنہ ویڈیو بناتا رہا۔ اور قتل کی دھمکیاں دے کر کمسن بچے کو خاموش رہنے پر مجبور کیا۔ پولیس کسووال اور یوسف والا نے محمد مشتاق اور محمد عادل کی مدعیت میں دو مقدمات 375اے، 377بی، 292پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے اور چار ملزموں کو گرفتار کرلیا۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
منگل 25 اگست 2026، بمطابق 11 ربیع الاول 1448ھ

پاکستان کی پائیدار ترقی کے لئے اصلاحات کا تسلسل ضروری ہے، ایشیائی ترقیاتی بینک

زراعت، صنعت اور خدمات میں کارکردگی میں سست رفتار رواں مالی سال شرح نمو 2.5 فیصد رہنے کی پیش گوئی

پاکستان کا معاشی منظر نامہ بڑی حد تک جاری اصلاحات کی کامیابی پر منحصر ہے، زرعی آمدنی میں کمی مالی سال 2025 میں سرگرمیوں کو متاثر کرے گی، ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ

منیلا (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے کہا ہے کہ پاکستان کا معاشی منظر نامہ بڑی حد تک جاری اصلاحات کی کامیابی پر منحصر ہے، اے ڈی بی نے رواں مالی سال ملکی ترقی کی شرح 2.5 فیصد جبکہ آئندہ مالی سال شرح نمو 3 رہنے کا تخمینہ لگایا ہے۔ منیلا میں قائم قرض دینے والے ادارے کی سالانہ فلیگ شپ رپورٹ 'ایشین ڈیولپمنٹ آؤٹ لک' میں کہا گیا ہے کہ 30 جون کو ختم ہونے والی مالی سال 2025 کی آخری سہ ماہی کے عبوری سہ ماہی نمو کے اعداد وشمار میں پائیدار لیکن سست بحالی کی نشاندہی کی گئی ہے کیونکہ زراعت، صنعت اور خدمات میں کارکردگی سست رہی ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے کہا ہے کہ پاکستان کو اب بھی کافی کمزوریوں اور ساختی تبدیلیوں کا سامنا ہے اور رواں مالی سال اس کی شرح نمو 2.5 فیصد رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کا کہنا ہے کہ 2 اپریل کو امریکی انتظامیہ کی جانب سے درجنوں حریفوں اور اتحادیوں پر جوابی محصولات کے اعلان سے قبل پیش گوئیوں کو حتمی شکل دی گئی تھی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق اگرچہ جاری مالی استحکام اور اہم فصلوں کی پیداوار میں متوقع کمی کی وجہ سے زرعی آمدنی میں کمی مالی سال 2025 میں سرگرمیوں کو متاثر کرے گی، لیکن اصلاحاتی پروگرام کے مؤثر نفاذ سے زیادہ مستحکم میکرو اکنامک ماحول کو فروغ ملے گا اور آہستہ آہستہ ترقی کی راہ میں ڈھانچہ جاتی رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا۔ بجلی کی پیداوار اور گیس و پانی کی فراہمی میں بحالی بھی صنعتوں کی ممکنہ بحالی کی نشاندہی کرتی ہے، صنعت اور خدمات میں مزید مالیاتی نرمی اور جاری میکرو اکنامک استحکام سے معاشی سرگرمیوں کو فائدہ ہوگا۔ معاشی سرگرمی نجی سرمایہ کاری میں بحالی سے بھی فائدہ اٹھائے گی، جو زیادہ سے زیادہ معاشی استحکام کے تصورات کے ساتھ ساتھ حالیہ اور متوقع مستقبل کی مالیاتی نرمی اور مستحکم زرمبادلہ مارکیٹ سے مضبوط ہوگی، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ترسیلات زر کی مضبوط آمد، کم افراط زر اور مالیاتی نرمی سے نجی کھپت اور ترقی کو سہارا ملنا چاہیے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اکتوبر 2024 میں شروع ہونے والے آئی ایم ایف توسیعی فنڈ سہولت کے انتظامات کے تحت معاشی اصلاحات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے جس سے میکرو اکنامک استحکام میں اضافہ ہوا ہے، تمام صوبوں کی جانب سے زرعی ٹیکس بل 2025 کی کامیابی سے منظوری کے بعد زرعی آمدنی پورے پاکستان میں قابل ٹیکس بن گئی ہے۔ اصلاحاتی پروگرام کا نفاذ کئی دیگر شعبوں میں مضبوط رہا ہے جن میں عوامی قرضوں کو کم کرنے کے لیے منصوبہ بند مالی استحکام، کم افراط زر کو برقرار رکھنے کے لیے کافی سخت مانیٹری پالیسی کو برقرار رکھنا، توانائی کے شعبے کی افادیت میں بہتری اور ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے پاکستان کے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ایجنڈے پر عمل درآمد شامل ہیں۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے تخمینے کے مطابق مالی سال 2025 میں اوسط افراط زر کی شرح 6 فیصد اور مالی سال 2026 میں 8.5 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مجموعی طور پر مہنگائی کا منظر نامہ اجناس کی عالمی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، عالمی تجارتی پالیسیوں میں غیر موافق تبدیلیوں، بجلی کی قیمتوں میں انتظامی اتار چڑھاؤ کی ٹائمنگ اور وسعت کے ساتھ ساتھ حکومت کے محصولات کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے کسی بھی اضافی اقدامات سے پیدا ہونے والے متعدد خطرات کا شکار ہے۔ تاہم، ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ میں متنبہ کیا گیا ہے کہ معاشی منظرنامے کو نمایاں منفی خطرات کا سامنا ہے،

غزہ میں قحط اسرائیلی غیر انسانی پالیسیوں کا نتیجہ ہے، خلیج تعاون کونسل

خلیجی ممالک فلسطینی عوام کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے اور غزہ پر مسلط محاصرہ فوری طور پر ختم ہونا چاہیے، جاسم البدیوی

قاہرہ (این این آئی) خلیجی ممالک نے فلسطینی عوام کے ساتھ اپنے بھرپور اور مستقل تعاون کی پالیسی پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں بڑھتی ہوئی بھوک اور قحط کی کیفیت قابض اسرائیل کی غیر انسانی روش کا واضح ثبوت ہے۔ خلیج تعاون کونسل کے سیکریٹری جنرل جاسم البدیوی نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ فوری طور پر اسرائیلی افواج پر دباؤ ڈالے تاکہ غزہ کی پٹی میں تمام سرحدی گزرگاہیں کھولی جائیں

صوبائی مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی سے مختلف مکتبہ فکر کے لوگ ملاقات کر رہے ہیں

اقوام متحدہ نے غزہ کو قحط زدہ قرار دیدیا، ایک چوتھائی آبادی بھوک کا شکار

فلسطینیوں کا امداد کیلئے قطار میں لگنا علاقائی قوتوں اور عالمی برادری کی دولت کے منہ پر طمانچہ ہے، رپورٹ

اسرائیلی ریاست کی جارحیت کے نئے توسیعی منصوبے کے بعد خواتین اور چھوٹے بچوں اور سینکڑوں دوسرے لوگوں کے افراتفری اور نقل مکانی کے ایک نئے دھچکے سے دوچار پایا گیا ہے

نیویارک (این این آئی) عالمی ادارے اقوام متحدہ کی طرف سے جنگ زدہ غزہ میں قحط کا اعلان کرنے کے ایک دن بعد فلسطینیوں میں مایوسی مزید بڑھ رہی ہے۔ ہزاروں فلسطینی غزہ شہر میں ایک خیراتی باورچی خانے میں برتنوں اور پلاسٹک کی بالٹیاں پکڑے ہوئے فلسطینی چاول حاصل کرنے کے لیے بے چینی کا شکار تھے وہ علاقائی قوتوں اور عالمی برادری کی دولت کے منہ پر طمانچہ ہے۔ غزہ کے سب سے بڑے اس شہر کو اسرائیل جنگی جارحیت کے نئے توسیعی منصوبے کے حوالے سے دیکھ رہا ہے۔ تاکہ غزہ کے بڑے حصے کو اپنے کنٹرول میں لے سکے اور فلسطینی مزاحمت کا مکمل خاتمہ کر سکے۔ اسرائیلی ریاست کی جارحیت کے نئے توسیعی منصوبے کے بعد خواتین اور چھوٹے بچوں اور سینکڑوں دوسرے لوگوں کے افراتفری اور نقل مکانی کے ایک نئے دھچکے سے دوچار پایا گیا ہے۔ یہ فلسطینی ایک جانب کھانے کے ایک ایک لقمے کے لیے اور پینے کے پانی کی ایک ایک بوند کو ترس رہے ہیں۔ تصاویر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایک فلسطینی نوجوان کھانا پکانے کے برتن کے اندر سے چند بچ جانے والے اناج کے دانوں کو کھرچنے کی کوشش کر رہا تھا۔ غزہ کے شمالی شہر بیت حنون سے بے گھر ہو چکے 58 سالہ یوسف حماد کا کہنا تھا کہ ہمارا گھر بچا ہے، نہ ہمارے پاس کھانے کوئی چیز ہے۔ اس لیے ہم خیراتی کچن کا رخ کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ مگر یہ خیراتی کچن سے اتنا نہیں ملتا کہ بھوک مٹا سکیں۔ دیر البلاح میں قائم ایک خیراتی باورچی خانے میں 34 سالہ ام محمد نے کہا کہ اقوام متحدہ کا قحط کا اعلان بھی بہت دیر سے سامنے آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھوک سے بچے لڑکھڑا کر گر جاتے ہیں۔ کھانے اور پانی کی کمی کی وجہ ایسے نڈھال ہو جاتے ہیں کہ اٹھ نہیں پاتے۔

نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ اسرائیل پر پابندیاں لگانے میں ناکامی پر مستعفی

ویلڈکیمپ کہا کہ وہ مؤثر اقدامات پر اتفاق رائے حاصل نہیں کر سکے اور انہیں پہلے سے موجود پابندیوں پر بھی بار بار ساتھیوں کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا

ان کی کوششوں میں اسرائیلی دائیں بازو کے وزرا بیزلیل اسموٹریچ اور ایتامار بن گویر پر داخلے کی پابندی شامل تھی، جن پر فلسطینیوں کے خلاف آبادکاروں کے تشدد کو ہوا دینے کا الزام ہے

جنیوا (مانیٹرنگ ڈیسک): ڈچ وزیر خارجہ کاسپر ویلڈکیمپ نے غزہ پر اسرائیلی فوجی حملوں کے خلاف مزید پابندیاں لگانے کے لیے کابینہ کی حمایت حاصل نہ ہونے پر استعفی دے دیا ہے۔ ویلڈکیمپ کہا کہ وہ مؤثر اقدامات پر اتفاق رائے حاصل نہیں کر سکے اور انہیں پہلے سے موجود پابندیوں پر بھی بار بار ساتھیوں کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ واضح رہے کہ ان کی کوششوں میں اسرائیلی دائیں بازو کے وزرا بیزلیل اسموٹریچ اور ایتامار بن گویر پر داخلے کی پابندی شامل تھی، جن پر فلسطینیوں کے خلاف آبادکاروں کے تشدد کو ہوا دینے کا الزام ہے، ویلڈکیمپ نے بحری جہازوں کے پرزہ جات کی تین برآمدی اجازت نامے بھی منسوخ کیے تھے۔ انہوں نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں زمین پر جو کچھ ہو رہا ہے، میں دیکھ رہا ہوں، غزہ سٹی پر حملہ، مغربی کنارے میں کارروائیاں، متنازعہ سیٹلمنٹ ای 1 کی منظوری، اور مشرقی یروشلم کے حالات دیکھ رہا ہوں۔ ڈچ وزیر خارجہ کے استعفے کے بعد نیو سوشل کنٹریکٹ جماعت سے تعلق رکھنے والے تمام وزرا اور ریاستی سیکرٹریوں نے بھی یکجہتی کے طور پر نگراں حکومت سے استعفی دے دیا ہے۔ الجزیرہ کی اسٹیپ ویسن نے برلن سے رپورٹ کرتے ہوئے بتایا کہ ویلڈکیمپ پر پارلیمان میں قانون سازوں، خاص طور پر اپوزیشن کی جانب سے اسرائیل کے خلاف سخت پابندیاں لگانے کے مطالبات کے باعث دباؤ بڑھتا جا رہا تھا۔ ویسن کے مطابق اگرچہ ویلڈکیمپ نے چند ہفتے پہلے دو اسرائیلی وزرا پر سفری پابندیاں عائد کی تھیں، لیکن غزہ سٹی پر اسرائیل کے حملوں اور بڑھتی ہوئی جارحیت کے بعد ان پر دباؤ بڑھتا گیا کہ ڈچ حکومت کو مزید سخت اقدامات کرنے چاہئیں۔ ویسن نے مزید بتایا کہ ویلڈکیمپ یورپی یونین اور اسرائیل کے درمیان تجارتی معاہدے کو معطل کرنے کے لیے بھی زور دے رہے تھے،

معاشی تھنک ٹینک اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ نے نئے صوبوں سے متعلق 3 منصوبے پیش کردیئے

پہلے منظر نامے میں 12 چھوٹے صوبے، دوسرے میں 15 سے 20، تیسری صورت میں 38 وفاقی ڈویژنز ہوسکتے ہیں

لاہور (این این آئی) معاشی تھنک ٹینک اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ نے نئے صوبوں سے متعلق 3 منصوبے پیش کردیئے جبکہ موجودہ انتظامی ڈھانچے کو معاشی مسائل حل کرنے میں ناکامی کا ذمہ دار قرار دے دیا گیا ہے۔ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے پہلے منظر نامے میں ملک میں 12 چھوٹے صوبے بن سکتے ہیں، دوسرے منظر نامے میں 15 سے 20 چھوٹے صوبے قائم ہوسکتے ہیں، تیسری صورت میں 38 وفاقی ڈویژنز ہوسکتے ہیں۔ معاشی تھنک ٹینک اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ کی جانب سے جاری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 12 چھوٹے صوبے قائم کرنے سے ہر صوبے کی آبادی کم ہو کر 2 کروڑ تک ہوجائے گی، 12 چھوٹے صوبوں کے قیام سے صوبائی بجٹ 994 ارب روپے تک ہو جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق 15 سے 20 چھوٹے صوبوں کے قیام سے صوبائی بجٹ 600 سے 800 ارب روپے تک ہوجائے گا، ہر صوبے کی آبادی ایک کروڑ 20 لاکھ سے ایک کروڑ 60 لاکھ افراد تک ہوسکتی ہے۔ معاشی تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق 38 وفاقی ڈویژنز قائم کرنے سے ہر ڈویژن کی آبادی 63 لاکھ نفوس تک ہوجائے گی، پاکستان کی 24 کروڑ 15 لاکھ آبادی صرف 4 صوبوں میں قیام پذیر ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کی اوسط صوبائی آبادی 6 کروڑ سے زائد ہے،

راہل گاندھی کی مودی سرکار کیخلاف ووٹر ادھیکار یاترا عوامی تحریک میں بدل گئی

لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی ووٹ چوری کے خلاف بہار میں ووٹر ادھیکار یاترا نکال رہے ہیں

2014 میں ٹھگوں کا ایک گروہ بنا تھا، اس گروہ نے ملک کے اقتدار پر قبضہ کرلیا تھا، راہول گاندھی

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی ووٹ چوری کے خلاف بہار میں ووٹر ادھیکار یاترا نکال رہے ہیں۔ اس درمیان انڈیا بلاک کے لیڈران نے بہار میں پریس کانفرنس کر وزیر اعظم نریندر مودی اور الیکشن کمیشن کو ہدف تنقید بنایا۔ کانگریس، آر جے ڈی اور سی پی آئی جیسی پارٹیوں کے نمائندوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کر بتایا کہ کس طرح بی جے پی مختلف حربوں کا استعمال کر ملک بھر میں اپنی حکومت قائم کر رہی ہے۔ مدھیہ پردیش کانگریس کے صدر جیتو پٹواری نے میڈیا کے سامنے اپنی بات رکھتے ہوئے کہا کہ 2014 میں ٹھگوں کا ایک گروہ بنا تھا، اس گروہ نے ملک کے اقتدار پر قبضہ کرلیا تھا۔ اس گروہ نے گورنر کو ذریعہ بنا کر منی پور جیسی کئی ریاستوں کی حکومت گرا دی۔ پھر کھوکھا سسٹم لے کر آئے، جس میں 600 سے زائد اراکین پارلیمنٹ اور اراکین اسمبلی کی خریداری ہوئی، پھر ایک نیا کرائم لے کر آئے جس میں مدھیہ پردیش، مہاراشٹر اور کرناٹک کے اراکین اسمبلی کو ریسورٹ لے جا کر دل بدل کروایا گیا۔ اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے وہ کہتے ہیں اب نریندر مودی الیکشن کمیشن کے ساتھ مل کر ووٹ چوری کی پالیٹکس لے کر آئے ہیں۔ اس میں مخالفین کے ووٹ کم کر دو، اپنے بڑھا دو کی پالیسی سے کام کیا جا رہا ہے۔ جیتو پٹواری کا کہنا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعہ کی گئی ووٹ چوری کو راہل گاندھی نے پکڑ لیا اور اس کا ثبوت بھی پورے ملک کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی کی ووٹ چوری کو راہل گاندھی جی نے پکڑ لیا ہے۔ آج ملک کا ہر شہری کہہ رہا ہے ووٹ چور، گدی چھوڑ۔ جیتو پٹواری نے وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعہ آج بہار میں کی گئی تقریر کا ذکر بھی پریس کانفرنس میں کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ نریندر مودی نے گیا میں کہا ہم دراندازوں کو نکال رہے ہیں

لاہور، سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹہ سہولت آن دی گو بازار کی تعمیر کا جائزہ لے رہے ہیں

اسرائیل پر پابندیوں کیلئے کابینہ کی حمایت حاصل کرنے میں ناکامی، نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ مستعفی

ایمسٹرڈیم (این این آئی) نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ کیسپر ویلڈکیمپ عہدے سے مستعفی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ کیسپر ویلڈکیمپ نے غزہ میں اسرائیلی فوجی حملے کے خلاف اضافی پابندیوں کے لیے کابینہ کی حمایت حاصل کرنے میں ناکامی کے بعد استعفی دے دیا۔ استعفی سے متعلق دیے گئے بیان میں کیسپر نے کہا کہ میں اضافی طور پر بامعنی اقدامات پر حمایت حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ ان کا کہنا تھا میں دیکھ رہا ہوں کہ غزہ کی سرزمین پر کیا ہو رہا ہے، ایک کابینہ کے طور پر ہم نے پہلے بھی کئی اقدامات کیے ہیں،

عباسی شہید اسپتال میں تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر ڈاکٹرز سراپا احتجاج

تین دن میں مطالبات پورے نہ ہوئے تو کے ایم ایم سے ہیڈ آفس پر دھرنا دیں گے، احتجاجی ڈاکٹرز

کراچی (این این آئی) عباسی شہید اسپتال میں تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر ڈاکٹرز سراپا احتجاج بن گئے۔ احتجاجی ڈاکٹرز نے تین دن کا الٹی میٹم دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر مطالبات پورے نہ ہوئے تو کے ایم سی بلڈنگ کے باہر دھرنا دیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق بلدیہ عظمی کراچی کے ماتحت سب سے بڑے عباسی شہید اسپتال میں ڈاکٹرز کا احتجاج دوسرے روز بھی جاری ہے۔ تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر درجنوں پوسٹ گریجویٹس اور ہاؤس آفیسرز نے او پی ڈیز کا بائیکاٹ برقرار رکھا۔ ڈاکٹرز کے مطابق پوسٹ گریجویٹس کو گزشتہ ایک ماہ سے جبکہ ہاؤس آفیسرز کو تین ماہ سے تنخواہیں نہیں ملی ہیں۔ چیئرمین ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سندھ ڈاکٹر محبوب نوناری کا کہنا ہے کہ عباسی شہید اسپتال میں ہر سال نئے آنے والے ہاؤس آفیسرز کو چھ ماہ تک تنخواہوں سے محرومی کا سامنا رہتا ہے۔ کے ایم سی کے ڈاکٹرز کی تنخواہیں سندھ حکومت کے ڈاکٹروں سے کم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوسٹ گریجویٹس کو کل تنخواہیں تو ملی ہیں لیکن اس میں اضافہ شامل نہیں کیا گیا۔ ڈاکٹر محبوب نوناری نے تین دن کا الٹی میٹم دیتے ہوئے خبردار کیا کہ مطالبات پورے نہ ہوئے تو ڈاکٹرز کے ایم سی بلڈنگ کے باہر احتجاج کریں گے۔ صدر وائی ڈی اے عباسی شہید اسپتال ڈاکٹر شہریار نے کہا کہ سندھ حکومت کے برابر تنخواہوں کی منظوری تو مل گئی ہے

عقیدہ جماعت اسلامی کا محور و مرکز کلمہ طیبہ ہے، جاوید قصوری

مسلط حکمرانوں کا ایجنڈا پاکستان کو استعماری قوتوں کا آلہ کار بنانا ہے، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے "عقیدہ جماعت اسلامی" کے موضوع پر مرکزی تربیت گاہ برائے حلقہ لاہور کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے کلمہ طیبہ کو بنیادی عقیدہ قرار دیتے ہوئے جماعت اسلامی کی بنیاد رکھی تھی، ہماری ساری جدوجہد کا محور و مرکز صرف اور صرف اس زمین پر اللہ کے نظام کے نفاذ کی خاطر اپنی تمام تر توانائیاں لگانے اور ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے خود کو تیار کرنا ہے۔ اللہ کا خوف بندہ مومن کو اللہ کے راستے میں شجاعت والا اور بہادری والا بنا دیتا ہے۔ اس موقع پر امیر حلقہ لاہور ضیاء الدین انصاری، قیم ضلع لاہور اظہر بلال، امیر جنوبی لاہور مرزا عبدالرشید، مرکزی ناظم شعبہ دعوت و تربیت حافظ سیف الرحمن و دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے نفس کے بجائے اللہ کی مرضی کا غلام بننا ہوگا، ہماری جان و مال صرف اللہ کا دیا ہوا ہے اس لئے اللہ کے دین کے غلبے کے لئے سعی کرنا، وقت دینا اور اپنا مال خرچ کرنا ثواب کا کام ہے اور اس کو معمولی نہیں سمجھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے قرب کو زندگی کا محور بنا کر ہی ہم دنیا و آخرت میں کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔ جماعت اسلامی پاکستان میں نظام مصطفیٰ کیلئے سرگرم ہے۔ ہم حقیقی معنوں میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کو مدینہ کی طرز پر اسلامی فلاحی ریاست بنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک و قوم پر جو حکمران مسلط ہیں

جہانگیر ترین سیلاب متاثرین کی جلد بحالی کے لئے سرگرم، 5 کروڑ روپے امداد کا اعلان

سیلاب متاثرہ پاکستانیوں کی مدد کے لیے مشترکہ قومی کاوش کی ضرورت ہے، جہانگیر خان ترین

لاہور (این این آئی) جہانگیر خان ترین خیبر پختونخواہ کے سیلاب متاثرین کی جلد بحالی کے لئے سرگرم ہیں۔ جہانگیر ترین نے سیلاب متاثرین کے لئے 5 کروڑ روپے امداد کا اعلان کیا ہے۔ جہانگیر ترین کی خصوصی ہدایت پر انکی سماجی تنظیم لودھراں پائلٹ پراجیکٹ کی جانب سے بونیر، باجوڑ اور سوات میں سیلاب متاثرین میں راشن، ادویات، کھانا، کمبل، بستر، کچن سیٹ سمیت دیگر اشیاء کی تقسیم کا عمل جاری ہے

یرغمالیوں کے تبادلے کے لیے اسرائیل، حماس میں مذاکرات کی تیاریاں شروع

مذاکرات کی اگلی دور کی میٹنگ ایک نئی اور غیر اعلانیہ جگہ پر منعقد ہونے کا امکان ہے، ذرائع

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی ذرائع نے کہا ہے کہ فلسطینی گروپوں اور تل ابیب کے درمیان یرغمالیوں کے تبادلے کے معاہدے کے لیے مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کے لیے مشاورت کا آغاز ہو چکا ہے اور توقع ہے کہ یہ جلد ہی شروع ہو جائیں گے۔ مذاکرات کی اگلی دور کی میٹنگ ایک نئی اور غیر اعلانیہ جگہ پر منعقد ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع نے عندیہ دیا کہ دوحا میں ہونے والے حالیہ مذاکرات میں شرکت کرنے والا اسرائیلی وفد دوبارہ مذاکرات میں شامل ہوگا، اس امکان کے ساتھ کہ وہ کسی نئے مقام پر ہوں گے جس کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ یہ پیش رفت اسرائیلی قیدیوں کے اہل خانہ کی جانب سے ایک معاہدے کے لیے بڑھتے ہوئے دباؤ کے درمیان سامنے آئی ہے جس سے ان کے پیاروں کی رہائی یقینی ہوگی۔ وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے غزہ کی پٹی پر قبضے کے منصوبے کے متوازی قیدیوں کی رہائی کے لیے فوری مذاکرات کا حکم دیا۔ مجوزہ تجویز میں انسانی امداد کے داخلے کو آسان بنانے کے لیے سرحد کے قریب اسرائیلی افواج کی دوبارہ تعیناتی، اور 60 دنوں کے لیے ایک عارضی جنگ بندی شامل ہے، جس کے دوران یہ تبادلہ دو مرحلوں میں عمل میں آئے گا: پہلے دن 10 زندہ اسرائیلی قیدیوں کی رہائی اور 18 لاشوں کے بدلے میں فلسطینی قیدیوں کی بڑی تعداد میں رہائی کے ساتھ ساتھ مستقل جنگ بندی کے مذاکرات پر بات چیت کی جائے

ایران پر تجزیہ، پینٹاگون کی خفیہ ایجنسی کے سربراہ سمیت سینئر فوجی کمانڈر برطرف

جنرل کروزی نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ ایران کے ایٹمی پروگرام کو امریکی کارروائیوں سے خاطر خواہ نقصان نہیں پہنچا

رپورٹ صدر ٹرمپ کے اس دعوے کے برخلاف تھی، جس میں انھوں نے ایرانی ایٹمی صلاحیت کو مکمل طور پر تباہ کر دینے کا اعلان کیا تھا

واشنگٹن: (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران پر تجزیہ مہنگا پڑ گیا، ڈیفنس انٹیلیجنس چیف عہدے سے فارغ کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پینٹاگون نے ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی کے سربراہ جنرل جیفری کروزی کو ان کے عہدے سے برطرف کر دیا، وائس ایڈمرل نینسی لیکور اور ریئر ایڈمرل ملٹن سینڈز بھی برطرف ہونے والوں میں شامل ہیں۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق جنرل کروزی نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ ایران کے ایٹمی پروگرام کو امریکی کارروائیوں سے خاطر خواہ نقصان نہیں پہنچا، یہ رپورٹ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے کے برخلاف تھی، جس میں انہوں نے ایرانی ایٹمی صلاحیت کو مکمل طور پر تباہ کر دینے کا اعلان کیا تھا۔ روئٹرز کے مطابق اس اقدام پر ڈیموکریٹک پارٹی کے سینئر ڈیموکریٹ سینیٹر نے کہا کہ انتظامیہ انٹیلیجنس کو ملک کی بجائے اپنی وفاداری کا امتحان بنا رہی ہے۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق چند ہفتے قبل ایجنسی نے ایک ابتدائی رپورٹ تیار کی تھی جو صدر ٹرمپ کے اس دعوے کی تردید کرتی تھی کہ ایران کے جوہری مقامات امریکی فوجی حملوں میں تباہ کر دیے گئے ہیں۔ وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے نائب ایڈمرل نینسی لیکور کو بھی برطرف کر دیا، جو نیوی ریزرو کی سربراہ تھیں، نیز ریئر ایڈمرل جیمی سینڈز کو بھی، جو نیوی سیل افسر تھے اور نیول اسپیشل وارفیئر کمانڈ کے انچارج تھے۔ پینٹاگون نے ان برطرفیوں کی فوری طور پر کوئی وضاحت پیش نہیں کی ہے۔ واضح رہے کہ ایئر فورس کے لیفٹیننٹ جنرل جیفری کروز پینٹاگون کے تازہ ترین سینئر عہدیدار ہیں، اور وہ دوسرے اعلی فوجی انٹیلیجنس افسر ہیں جنھیں صدر ٹرمپ کی دوبارہ صدارت سنبھالنے کے بعد عہدے سے ہٹایا گیا ہے۔ اس سے قبل نیشنل سیکیورٹی ایجنسی (NSA) کے سربراہ جنرل ٹموتھی ڈی ہف کو بھی برطرف کیا گیا تھا۔

بھارت کیخلاف پاکستانی میزائلوں کی کامیابی نے امریکا کو نئے میزائل بنانے پر مجبور کر دیا

پاک فضائیہ نے چین کے تیار کردہ جدید میزائل پی ایل 15 سے بھارتی جنگی طیاروں کو 100 میل سے کامیابی کے ساتھ نشانہ بنایا

امریکی فضائیہ اور بحریہ نے خفیہ منصوبے "ای آئی ایم 260" پر تیز کام کیلئے مالی سال 2026 میں ایک ارب ڈالر مانگ لئے، بلوم برگ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی جریدے بلوم برگ کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق پاکستان فضائیہ نے چین کے تیار کردہ جدید میزائل پی ایل 15 کو استعمال کرتے ہوئے بھارتی جنگی طیاروں کو 100 میل سے زیادہ فاصلے سے کامیابی کے ساتھ نشانہ بنایا۔ اس کارروائی کے دوران پاکستانی طیاروں کو جوابی حملے کا کوئی خطرہ درپیش نہیں ہوا۔ یہ کامیاب تجربہ نہ صرف خطے میں بلکہ عالمی سطح پر طویل فاصلے تک مار کرنے والے فضائی ہتھیاروں کی اہمیت اجاگر کرنے کا باعث بنا۔ اس کے بعد امریکی فوج کو اپنی فضائی برتری برقرار رکھنے کے لیے فوری طور پر نئی حکمت عملی اپنانے پر مجبور ہونا پڑا۔ پینٹاگون کی ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ چینی فضائیہ نے 2023 میں پی ایل 17 کو عملی طور پر فعال کر دیا تھا۔ یہ میزائل پی ایل 15 کا جدید ورژن ہے جو 400 کلو میٹر یعنی تقریباً 248 میل تک اپنے اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پاکستان کے اس کامیاب آپریشن نے خطے میں فضائی طاقت کا توازن بدل دیا۔ اس کے جواب میں امریکی فضائیہ اور بحریہ نے لاک ہیڈ مارٹن کے خفیہ منصوبے "ای آئی ایم 260" پر کام تیز کرنے کیلئے مالی سال 2026 میں ایک ارب ڈالر کی فنڈنگ کی درخواست کی ہے۔ ای آئی ایم 260 جسے "جوائنٹ ایڈوانسڈ ٹیکٹیکل میزائل" بھی کہا جاتا ہے، خاص طور پر ایف 22 اور ایف 35 طیاروں کے اندرونی ہتھیاروں کے خانوں کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ مستقبل میں اسے ایف 16، ایف 15 اور ڈرون جنگی طیاروں کے ساتھ بھی مربوط کرنے کا منصوبہ ہے۔ امریکی فضائیہ کے مطابق پاکستان کے پی ایل 15 کے کامیاب استعمال نے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ امریکی فضائی برتری کو چیلنج کرنے والے نئے خطرات اب حقیقی صورت اختیار کر چکے ہیں۔

آکسفورڈ، مسجد کے دروازے پر سور کا گوشت اور اسرائیلی پرچم پھینک دیا گیا

ہم کمیونٹی رہنماؤں کے ساتھ قریبی رابطے میں ہیں اور تحقیقات جاری ہیں، چیف سپرنٹنڈنٹ بین کلارک

لندن (این این آئی) مرکزی آکسفورڈ مسجد کے داخلی دروازے پر سور کا گوشت اور ایک اسرائیلی پرچم چھوڑا گیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق تھیمز ویلی پولیس کے چیف سپرنٹنڈنٹ بین کلارک نے کہا کہ یہ ایک اشتعال انگیز عمل تھا جس کا مقصد مسجد آنے والوں کو ناراض اور مشتعل کرنا تھا۔ ایسا رویہ ہماری کمیونٹی میں کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔ تھیمز ویلی پولیس کے چیف سپرنٹنڈنٹ نے کہا کہ ہم اپنی پوری کوشش کریں گے کہ اس میں ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے

مریم نواز کا ایکشن! ستھرا پنجاب کے ورکرز کو تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنانے کا حکم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کے ورکرز کو پوری تنخواہ نہ ملنے کا نوٹس لے لیا۔ وزیراعلیٰ نے کم از کم تنخواہ نہ دینے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ کنٹریکٹرز کو فائنل وارننگ جاری کر دی۔ مریم نواز شریف نے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب کے ورکرز کو ہر شہر میں کم از کم تنخواہ کی مکمل ادائیگی کو یقینی بنایا جائے۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

منگلا میں پانی کی سطح 1218.70 فٹ تک پہنچ گئی، ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ ہے

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد ایک لاکھ 83 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 6 ہزار 700 کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 37 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 37 ہزار 600 کیوسک، خیرآباد پل آمد ایک لاکھ 79 ہزار 200 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 79 ہزار 200 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 28 ہزار 100 کیوسک اور اخراج 7 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 63 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 38 ہزار 300 کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 2 لاکھ 15 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 8 ہزار 900 کیوسک، چشمہ آمد 2 لاکھ 18 ہزار 100 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 80 ہزار کیوسک، تونسہ آمد 2 لاکھ 48 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 35 ہزار 800 کیوسک، گدو آمد 5 لاکھ 13 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 4 لاکھ 81 ہزار رہا

برطانیہ، میوزک میلے کے دوران فلسطینی پرچم لہرانے پر آئرش بینڈ کو اسٹیج سے اتار دیا گیا

لندن (این این آئی) برطانیہ میں میوزک فیسٹیول کے دوران فلسطینی پرچم لہرانے پر آئرلینڈ کے لوک بینڈ 'دا میری وانڈرز' کو اسٹیج سے اتار دیا گیا۔ آئرلینڈ کے لوک بینڈ دا میری وانڈرز کی پرفارمنس پورٹسموتھ میں جاری تھی کہ اس دوران بینڈ نے فلسطین کا پرچم لہرایا

گورنر خیبر پختونخوا کی بیلجیئم کے سابق وزیر اعظم سے ملاقات

موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث پاکستان میں حالیہ سیلاب اور ان کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان سے آگاہ کیا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی بیلجیئم کے سابق وزیر اعظم و ممبر یورپین پارلیمنٹ، ایلیوڈی روپو سے ملاقات ہوئی، جس میں دو طرفہ تعلقات اور موسمیاتی تبدیلی کے مضمرات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث پاکستان میں حالیہ سیلاب اور ان کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے مضمرات سے نمٹنے کیلئے عالمی برادری کو مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا ہوگا۔ اگر اس مسئلے پر فوری توجہ نہ دی گئی تو شدید غذائی قلت پیدا ہوسکتی ہے۔ گورنر خیبر پختون خوا نے ممبر یورپین پارلیمنٹ کو مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے حوالے سے بھی آگاہ کیا

لاہور، شہری ذوالفقار کمبوہ قبضہ گروپ کیخلاف وکلاء کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہا ہے

بنوں، میران شاہ روڈ اور بکاخیل منڈی سمیت مختلف علاقوں میں دفعہ 144 نافذ

پابندی سیدگی، میران شاہ، غلام خان، آزاد منڈی روڈ اور بکاخیل منڈی پر بھی نافذ ہوگی

بنوں (این این آئی) ضلعی انتظامیہ نے بنوں، میران شاہ روڈ اور بکاخیل منڈی سمیت مختلف علاقوں میں دفعہ 144 نافذ کر دی۔ اعلامیہ کے مطابق شہریوں اور نجی گاڑیوں کی آمدورفت پر اتوار کی صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک پابندی عائد رہے گی، یہ پابندی نفری اور لاجسٹک سامان کی نقل و حرکت کے پیش نظر لگائی گئی ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ تخریبی کارروائی سے عوام کے جان و مال کو محفوظ بنایا جا سکے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ پابندی سیدگی، میران شاہ، غلام خان، آزاد منڈی روڈ اور بکاخیل منڈی پر بھی نافذ ہوگی،

جنوبی کوریا کی فوج کی سرحد عبور کرنے والے شمالی کوریائی فوجیوں پر انتباہی فائرنگ

کئی شمالی کوریائی فوجی سرحد پار کر گئے تھے، اس خلاف ورزی پر انتباہی فائرنگ کی، لیفٹیننٹ جنرل کو جونگ چول

سیئول (این این آئی) جنوبی کوریا نے سرحد عبور کرنے والے شمالی کوریائی فوجیوں پر انتباہی فائرنگ کرنے کی تصدیق کی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب شمالی کوریا نے جنوبی کوریا پر کشیدگی پیدا کرنے کا الزام لگایا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی کوریا کے صدر لی جائے میونگ شمالی کوریا کے ساتھ بہتر تعلقات اور فوجی اعتماد قائم کرنے کے خواہاں ہیں تاہم پیانگ یانگ کا کہنا ہے کہ اسے سیئول کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ جنوبی کوریا کی فوج کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف نے اپنے بیان میں کہا کہ کئی شمالی کوریائی فوجی بارودی سرنگوں سے بھرے غیر فوجی علاقے میں کام کرتے ہوئے سرحد پار کر گئے تھے، اس خلاف ورزی پر ہماری فوج نے انتباہی فائرنگ کی

خواتین کو 10 ہزار مفت الیکٹرک موٹر سائیکلیں دیں گے، وزیر محنت سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر محنت سندھ شاہد تھہیم کا کہنا ہے کہ سندھ ورکرز ویلفیئر بورڈ 10 ہزار خواتین کو مفت الیکٹرک موٹر سائیکلیں دے گا۔ خصوصی گفتگو میں صوبائی وزیر نے بتایا کہ خواتین کو با اختیار بنانے کے منصوبے کے تحت خواتین کو الیکٹرک موٹر سائیکل دینے کیلئے رجسٹریشن جاری ہے

پاکستانی آم پہچان، دنیا بھر میں پسند کیے جاتے ہیں، ڈاکٹر محمد فیصل

پاکستان میں کاشت کیے جانے والے آم ہماری زرعی زرخیزی اور محنت کی نمایاں مثال ہیں، مینگو فیسٹول سے خطاب

لندن (این این آئی) پاکستان ہائی کمیشن لندن میں "مینگو فیسٹیول" کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں نامور گلوکار عارف لوہار نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں سفارت کاروں، برطانیہ حکومت کے اعلیٰ حکام، پاکستانی کمیونٹی کی ممتاز شخصیات اور میڈیا کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں کاشت کیے جانے والے آم ہماری زرعی زرخیزی اور محنت کی نمایاں مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی آم اپنی منفرد خوشبو اور ذائقے کی بدولت دنیا بھر میں پاکستان کی پہچان بنا ہوا ہے۔

لاہور، نویں جماعت کی طالبہ کے اغوا کا معاملہ، پولیس کی بروقت کارروائی سے مغویہ بازیاب

لاہور (این این آئی) ہربنس پورہ میں اغوا ہونے والی نویں جماعت کی طالبہ کو پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے فوری کارروائی کرتے ہوئے بازیاب کرا لیا ہے۔ لاہور پولیس کے مطابق نویں جماعت کی طالبہ اسکول جانے کے لیے صبح سوا 7 بجے گھر سے نکلی تھی

اے آئی نے بولنے سے قاصر انسانوں کو زبان دے دی، نیا سائنسی کرشمہ

ماہرین نے ایسا اے آئی ماڈل ایجاد کر لیا جو انسانی دماغ کے خیالات پڑھ کر انہیں کمپیوٹر اسکرین پر لکھ یا بول سکتا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) یہ جدید سائنس کا مثبت پہلو ہے کہ انسان کے مسائل حل کرنے میں اے آئی پیش پیش ہے، اب امریکی اسٹینفورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر ارین کنز کی زیر قیادت ماہرین نے ایسا اے آئی ماڈل (سافٹ ویئر) ایجاد کر لیا جو انسانی دماغ کے خیالات پڑھ کر انہیں کمپیوٹر اسکرین پر لکھ یا بول سکتا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق ماڈل میں ڈیڑھ لاکھ الفاظ ذخیرہ ہیں، وہ لمحوں میں خیالات سمجھ لیتا ہے، یہ انقلابی ایجاد لاکھوں انسانوں کو زبان دے گی جو پیدائشی یا کسی بیماری و حادثے سے بول نہیں سکتے،

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی زیر صدارت پیپلز پارٹی ضلع اٹک کی تنظیم ساز کمیٹی کے اجلاس کے بعد ممبران کا گروپ فوٹو

لاہور، سعودی عرب میں ملازمت حاصل کرنے والے ٹیوٹا کے گریجویٹس کا سیکرٹری ایس ڈی ای ڈی اور چیئرمین ٹیوٹا کیساتھ گروپ فوٹو

روزنامہ بولان Daily BOLAN HUB Balochistan

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

بلوچستان کی ترقی، امن اور قومی یکجہتی؛ مضبوط پاکستان کی بنیاد

بلوچستان پاکستان کا صرف رقبے کے اعتبار سے سب سے بڑا صوبہ نہیں بلکہ اپنی جغرافیائی اہمیت، قدرتی وسائل، ساحلی پٹی، گوادر کی بندرگاہ اور علاقائی تجارت کے وسیع امکانات کے باعث ملکی معیشت، دفاع اور قومی سلامتی میں غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان کا امن، استحکام اور ترقی دراصل پورے پاکستان کے امن، استحکام اور خوشحالی سے جڑی ہوئی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے بلوچستان کی ترقی، امن، قومی یکجہتی اور عوامی اعتماد کو خصوصی اہمیت دینا اس امر کا واضح اظہار ہے کہ ریاست اب بلوچستان کے معاملے کو محض ایک انتظامی یا سکیورٹی مسئلے کے طور پر نہیں بلکہ قومی ترقی کے جامع ایجنڈے کے طور پر دیکھ رہی ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان نیشنل ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے صوبے کے مسائل کے حل کے لئے گرینڈ ڈائیلاگ کی دعوت دی اور واضح کیا کہ ماضی میں جو کچھ ہوا اسے ایک طرف رکھتے ہوئے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ ان کا یہ کہنا کہ بندوق اٹھانا قابل قبول نہیں، تاہم جو لوگ اپنا راستہ درست کرنے کے لئے تیار ہیں انہیں خوش آمدید کہا جانا چاہیے، موجودہ حالات میں ایک متوازن اور دوراندیش قومی پالیسی کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس پالیسی کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ سیاسی اختلافات کا حل مکالمے، مشاورت اور آئینی و جمہوری طریقوں سے نکالا جائے، جبکہ ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں سے قانون کے مطابق نمٹا جائے۔

وزیراعظم نے یہ حقیقت بھی واضح کی کہ بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی دوڑ میں شامل کئے بغیر پاکستان آگے نہیں بڑھ سکتا۔ یہ محض ایک سیاسی بیان نہیں بلکہ ملکی ترقی کی بنیادی حقیقت ہے۔ اگر پاکستان اپنے تمام صوبوں کو مساوی مواقع، وسائل اور ترقی کے ثمرات فراہم کرنے میں کامیاب ہو جائے تو قومی معیشت زیادہ مضبوط، مستحکم اور پائیدار بنیادوں پر استوار ہوسکتی ہے۔ بلوچستان میں معدنیات، توانائی، ساحلی تجارت، ماہی گیری، سیاحت، زراعت اور دیگر شعبوں میں ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں، مگر ان امکانات کو حقیقت میں تبدیل کرنے کے لئے امن، سیاسی استحکام، بہتر انفراسٹرکچر اور مقامی آبادی کی شمولیت بنیادی شرط ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق وزیراعظم کی جانب سے گرینڈ ڈائیلاگ کی دعوت کو بلوچستان کے تناظر میں ایک وسیع تر قومی مکالمے کی ابتدا سمجھا جانا چاہیے۔ صوبے کے سیاسی رہنماؤں، قبائلی عمائدین، نوجوانوں، دانشوروں، کاروباری طبقے اور سول سوسائٹی کو اعتماد میں لے کر ایسی حکمت عملی تشکیل دینا ضروری ہے، جس میں ترقی کے منصوبوں کے ساتھ عوام کے جائز تحفظات اور شکایات کا ازالہ بھی شامل ہو۔ محض سڑکیں، عمارتیں یا بڑے منصوبے کسی خطے کو ترقی یافتہ نہیں بناتے، بلکہ اصل ترقی اس وقت ممکن ہوتی ہے جب عام شہری کو تعلیم، صحت، روزگار، صاف پانی، بجلی، مواصلات اور انصاف کی سہولت میسر ہو اور اسے یہ احساس ہو کہ ریاست اس کے مستقبل کی ضامن ہے۔ دوسری جانب فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بلوچستان کی اہم شخصیات اور سیاسی قیادت سے ملاقات بھی اسی قومی حکمت عملی کا اہم پہلو ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان اور پاکستان کا حال اور مستقبل ایک دوسرے سے جڑا ہوا ہے اور ہمیشہ جڑا رہے گا۔ یہ موقف اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ بلوچستان کو قومی دھارے سے الگ کر کے پاکستان کی مجموعی ترقی کا تصور مکمل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے بلوچستان کے عوام کو باصلاحیت، ثابت قدم، محبِ وطن اور باوقار قرار دیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ صوبے کے نوجوانوں میں صلاحیت اور مواقع کی کوئی کمی نہیں۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی جانب سے بیرونی سرپرستی میں کام کرنے والے پراکسی عناصر کے حوالے سے اظہارِ خیال بھی موجودہ سکیورٹی صورتحال کے تناظر میں اہم ہے۔ بلوچستان میں بدامنی پیدا کرنے، ترقی کے عمل کو متاثر کرنے اور ریاست و عوام کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی کوششیں کسی صورت نظرانداز نہیں کی جاسکتیں۔ تاہم اس چیلنج سے نمٹنے کے لئے سکیورٹی اقدامات کے ساتھ ساتھ عوامی اعتماد کی بحالی بھی ناگزیر ہے۔ دشمن عناصر ہمیشہ انہی کمزوریوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں جہاں ریاست اور عوام کے درمیان فاصلے پیدا ہوں۔ چنانچہ ان فاصلوں کو ختم کرنا بھی قومی سلامتی کی حکمت عملی کا لازمی حصہ ہونا چاہیے۔

حالیہ انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں میں بلوچستان کے مختلف علاقوں مستونگ، مچھ، خضدار اور پنجگور میں دہشت گرد عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی اور خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں دہشت گردوں کی ہلاکت اس بات کا ثبوت ہے کہ ریاست دہشت گردی کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے پوری قوت اور عزم کے ساتھ کارروائی کر رہی ہے۔ سکیورٹی فورسز اور پولیس کی قربانیاں قومی سلامتی کے تحفظ میں بنیادی کردار ادا کر رہی ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرنا بھی اس قومی احساس کی ترجمانی ہے کہ ملک کے دفاع اور شہریوں کی حفاظت کے لئے قربانیاں دینے والے اہلکار پوری قوم کے محسن ہیں۔

تاہم یہ حقیقت بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف بندوق کے ذریعے نہیں جیتی جاسکتی۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے سکیورٹی آپریشنز ضروری ہیں لیکن مستقل امن کے لئے اس کے ساتھ تعلیم، روزگار، معاشی ترقی، سیاسی شمولیت اور انصاف کا نظام بھی مضبوط بنانا ہوگا۔ اگر ایک نوجوان کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع دستیاب ہوں، اسے اپنے مستقبل کے بارے میں امید نظر آئے اور وہ ریاستی نظام میں اپنا کردار محسوس کرے تو انتہا پسند عناصر کے لئے اس نوجوان کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بلوچستان کے حوالے سے سب سے اہم مسئلہ عوامی محرومیوں کا ازالہ ہے۔ طویل عرصے سے صوبے کے مختلف علاقوں میں بنیادی سہولتوں کی کمی، روزگار کے محدود مواقع، تعلیمی پسماندگی اور صحت کی ناکافی سہولتوں جیسے مسائل موجود رہے ہیں۔

نئے صوبے



میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاکستان کی 240 ملین سے زائد آبادی ایک وسیع اور جغرافیائی طور پر تنوع سے بھرپور علاقے میں پھیلی ہوئی ہے، لیکن اس کے باوجود حکومت صرف چار صوبوں میں مرکوز ہے، جن میں سے ہر ایک صوبہ 60 ملین سے زیادہ لوگوں کا ذمہ دار ہے۔ یہ امر صوبائی انتظام کو دور دراز اور بوجھل بنا دیتا ہے، بالخصوص پنجاب میں جہاں ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، سیالکوٹ اور دیگر دور دراز علاقوں کے فاصلے کے باوجود آدھی سے زیادہ آبادی کا نظامِ حکومت لاہور سے چلایا جاتا ہے۔ دورافتادہ علاقوں کے شہری اکثر اوقات دستاویزی کاموں، زمین کے تنازعات، مخصوص طبی دیکھ بھال اور دیگر خدمات کے لیے صوبائی دارالحکومتوں تک طویل اور مہنگے سفر کرنے پر مجبور ہوتے ہیں؛ چترال کے لوگ پشاور پہنچنے کے لیے جدوجہد کر سکتے ہیں، جبکہ بلوچستان کے ساحلی علاقوں کے لوگ کوئٹہ تک سینکڑوں میل کا سفر طے کرتے ہیں اور لسانی و ثقافتی رکاوٹوں کا سامنا کرتے ہیں۔ ایسا انتظامی فاصلہ محرومی اور وسائل کی غیر مساوی تقسیم کا احساس پیدا کرسکتا ہے، جس سے دور دراز کی آبادی مناسب پانی، اسکولوں، صحت کی دیکھ بھال اور دیگر سہولیات سے محروم رہ جاتی ہے اور یہ صورتحال ممکنہ طور پر علیحدگی پسندی اور عدم استحکام کو ہوا دیتی ہے۔

ہندوستان اپنی بہت بڑی آبادی اور رقبے کے باوجود اپنی 36 ریاستوں، صوبوں اور وفاقی علاقوں کے ذریعے زیادہ انتظامی عدم مرکزیت کی صلاحیت کو ثابت کرتا ہے، جبکہ پاکستان کا 1955 سے 1989 کا ون یونٹ کا تجربہ حد سے زیادہ مرکزیت اور علاقائی شناختوں کو نظر انداز کرنے کے خطرات کو واضح کرتا ہے۔ لہٰذا مجوزہ حل یہ ہے کہ موجودہ چار صوبوں کو مستقل سمجھنے کے بجائے چھوٹے اور زیادہ قابلِ رسائی انتظامی یونٹس قائم کر کے پاکستان کے صوبائی ڈھانچے میں ترقی لائی جائے۔ سب سے عملی طریقہ کار یہ ہے کہ موجودہ انتظامی ڈویژنوں کو صوبوں کا درجہ دیا جائے اور ان کے قائم شدہ ہیڈ کوارٹرز، سرکاری دفاتر، پولیس، عدالتوں اور ترقیاتی اداروں کو نئی صوبائی حکومتوں کی بنیاد کے طور پر استعمال کیا جائے۔ مثال کے طور پر ملتان میں پہلے سے ہی ایک سول سیکرٹریٹ، ہائی کورٹ بینچ، پولیس ہیڈ کوارٹر اور دیگر شعبے موجود ہیں، اس لیے بالکل نئے سیکرٹریٹ، یونیورسٹیاں، ہسپتال، رہائش اور دیگر بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرنے کے بھاری اخراجات کے بغیر اسے صوبائی دارالحکومت کے طور پر تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس سے مالیاتی دباؤ کم ہوگا، نظام میں خلل کم سے کم پڑے گا اور اختیار کو شہریوں کے قریب لانے کی اجازت ملے گی۔ نئے صوبے صوبائی حکومتیں، اسمبلیاں، وزارتی شعبے، عدالتیں، پولیس کے ادارے اور ہزاروں ملازمتیں پیدا کر سکتے ہیں، پیشہ ور افراد کو راغب کر سکتے ہیں، پرہجوم شہروں کی طرف نقل مکانی کو کم کر سکتے ہیں، مقامی طور پر واقف پولیس فورسز کے ذریعے امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنا سکتے ہیں اور تعمیرات، نقل و حمل، مہمان نوازی، سپلائی کے کاروبار اور دیگر چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں کو فروغ دے سکتے ہیں۔ تاہم، اس ساخت کی تبدیلی کے ساتھ جامع حکمرانی کی اصلاحات بھی لازمی ہیں کیونکہ بدعنوانی اور مالیاتی ترسیل میں خرد برد بشمول خیانت، اقربا پروری، رشوت ستانی، جعلی ملازمین، بڑھا چڑھا کر دیے گئے ٹھیکے، فلاحی ادائیگیوں میں دھوکہ دہی اور بجلی و پانی کی چوری ایسے پورے منصوبے کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ خیبر پختونخوا حکومت کے کھاتوں سے مبینہ طور پر 40 ارب روپے سے زائد اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے 25 ارب روپے خرد برد کیے جانے کے حوالہ شدہ آڈٹ نتائج اس مسئلے کی سنگینی کو ظاہر کرتے ہیں۔ کمزور ٹیکس نظام اور بجلی کے شعبے کے نقصانات ریاست کے ریونیو کو مزید کم کرتے ہیں، قرضوں میں اضافہ کرتے ہیں اور ترقیاتی صلاحیت کو محدود کرتے ہیں، اس لیے نئے صوبوں کو خودمختار انسدادِ بدعنوانی کے اداروں، ڈیجیٹلائزڈ سرکاری مالیات اور قابلِ تصدیق آڈٹ نظام، شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیوں، مضبوط احتساب اور ٹیکس جمع کرنے کے نظام کی جامع اور بنیادی تبدیلی کی حمایت حاصل ہونی چاہیے تاکہ شہری اور کاروباری ادارے اپنا جائز حصہ ڈال سکیں۔

صوبوں کا قیام سختی سے قومی مفاد کے تحت ہونا چاہیے، جس کا بنیادی معیار زبان، قومیت، قبیلے یا فرقے کے بجائے آبادی کا حجم اور جغرافیائی تسلسل ہونا چاہیے، تاکہ انتظامی اصلاحات پاکستان کو تقسیم کرنے کے بجائے مضبوط بنائیں۔ یہ دلیل متنبہ کرتی ہے کہ شناخت پر مبنی صوبائی سیاست نسلی اور لسانی تقسیم کو شدید کرسکتی ہے، جو شناخت کی سیاست سے جڑے پاکستان کے تنازعات کی تاریخ سے استدلال کرتی ہے اور یہ نوٹ کرتی ہے کہ سندھ اور خیبر پختونخوا جیسے صوبے تاریخی طور پر لسانی اور نسلی شناختوں سے منسلک رہے ہیں۔ اس کے بجائے نئے صوبوں کو متنوع، کثیر جہتی اور شمولیت پر مبنی انتظامی و ترقیاتی یونٹس ہونا چاہیے جن پر کوئی نسلی یا لسانی گروہ بلا شرکتِ غیرے ملکیت کا دعویٰ نہ کرے؛ علاقائی ثقافتوں اور زبانوں کو محفوظ رکھا جانا چاہیے، لیکن ایک وسیع تر شہری پاکستانی شناخت کے دائرے میں، جس میں صوبوں کو الگ وطنوں کے بجائے ایک قومی ریاست کی شاخوں کے طور پر دیکھا جائے۔ سیاسی جماعتوں پر زور دیا جاتا ہے کہ وہ صوبائی اصلاحات کو انتخابی سودے بازی کے حربے کے بجائے ایک قومی ساخت کی ضرورت سمجھیں، کیونکہ ماضی کی حکومتوں نے اپنے حامیوں کو نوازنے، مخالفین کو سزا دینے، ووٹ حاصل کرنے یا موجودہ اقتدار کے ڈھانچے کو چھیڑنے سے بچنے کے لیے اس مسئلے کا بار بار استعمال کیا ہے۔ مجوزہ اصلاحات کے لیے ایسی سیاسی بصیرت اور تدبر کی ضرورت ہے جو شہریوں کے مفادات کو حزبی اور جماعتی حساب کتاب سے بالاتر رکھے۔ عوام، بشمول ہزارہ، سرائیکی بولنے والے جنوبی پنجاب، بہاولپور اور بلوچستان کے مختلف حصوں کی برادریاں، بہتر انتظامی نمائندگی، وسائل، خودمختاری اور شرکت کے طلبگار ہیں۔ محتاط انداز میں ڈیزائن کیے گئے جغرافیائی اور ڈیموگرافک طور پر قابلِ عمل صوبوں کے ذریعے ان امنگوں کا جواب دینا نمائندگی اور ترقی کو بہتر بنا سکتا ہے، ریاستی اصلاحات کے لیے حقیقی عزم کا مظاہرہ کرسکتا ہے، عوام کے اعتماد کو بحال کرسکتا ہے اور ایک ہمہ گیر قومی شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے حکومت کو اس کے شہریوں کے قریب لا کر پاکستان کی وحدت کو مضبوط کرسکتا ہے۔

پاکستان میں نئے صوبوں کا قیام کوئی ایسی آسائش نہیں ہے جسے ملک ملتوی کرنے کا متحمل ہو سکے یا کوئی ایسی خام خیالی نہیں ہے جسے آسانی سے مسترد کر دیا جائے، بلکہ یہ ایک بنیادی اور ناگزیر اصلاح ہے جو قوم کی طویل مدتی صحت، استحکام اور خوشحالی کے لیے ضروری ہے اور یہ ایک ایسی اصلاح ہے جس کا وقت حتمی طور پر آ چکا ہے۔ موجودہ چار صوبوں کا ڈھانچہ ماضی کی ایک باقیات ہے، نوآبادیاتی دور کی ایک انتظامی سہولت جو اکیسویں صدی کی چوبیس کروڑ سے زائد نفوس کی قوم کے پیچیدہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے ناکافی ہے اور اس کا جاری رہنا اس غیر موثریت، ناہمواری اور بیگانگی کی بنیادی وجہ ہے جو ملک کو گھیرے ہوئے ہے۔ موجودہ ڈویژنوں کو صوبوں میں تبدیل کرنا ایک عملی، کم خرچ اور فوری طور پر قابلِ عمل حل پیش کرتا ہے جو موجودہ انفراسٹرکچر سے فائدہ اٹھاتا ہے اور نئے ریاستی ڈھانچے بالکل صفر سے بنانے کے مالی بوجھ سے بچاتا ہے، جو اسے ایک دانشمندانہ اور ذہین پالیسی کا انتخاب بناتا ہے۔ نئے صوبوں کا قیام نہ صرف حکمرانی اور انتظامی کارکردگی کو بہتر بنائے گا بلکہ بڑی تعداد میں روزگار کے نئے مواقع اور معاشی امکانات بھی پیدا کرے گا جو علاقائی معیشتوں کو ایک اشد ضروری سہارا فراہم کرے گا اور ملک کی بڑھتی ہوئی جوان آبادی کے لیے نئی امیدیں پیدا کرے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ اس ساختی اصلاح کے ساتھ ساتھ کرپشن کے خاتمے اور ان مالیاتی خرابیوں کو دور کرنے کے لیے ایک مسلسل اور پختہ عزم کی ضرورت ہے جو سرکاری خزانے کو خالی کرتی ہیں، کیونکہ یہ وسائل نئے صوبوں کی رگوں میں خون کی مانند ہیں اور ان ترقیاتی منصوبوں کی فنڈنگ کے لیے ضروری ہیں جو لوگوں کی زندگیوں کو بدل دیں گے۔ حد بندی کے اصول آبادی اور جغرافیے پر مبنی ہونے چاہئیں، زبان یا نسل کو نئے یونٹوں کی تعریف بننے کی اجازت نہ دینے کے غیر متزلزل عزم کے ساتھ، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ صوبے قومی وحدت کی علامت بنیں نہ کہ مزید تقسیم کا ذریعہ۔ سیاسی جماعتوں کو اپنے چھوٹے موٹے اختلافات سے بالاتر ہو کر اجتماعی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور اس بات کو تسلیم کرنا چاہیے کہ نئے صوبوں کا قیام ایک ایسا قومی مقصد ہے جو پارٹی خطوط سے بالاتر ہے اور حکومت کے پاس اس ایجنڈے کے ساتھ آگے بڑھنے کا حوصلہ اور عزم ہونا چاہیے، اس اعتماد کے ساتھ کہ پاکستان کے عوام اس فیصلے کو ایک مضبوط، زیادہ خوشحال اور زیادہ عادلانہ قوم کی طرف ایک تاریخی قدم کے طور پر گلے لگائیں گے۔ آگے کا راستہ روشن ہے، دلائل بے حد مضبوط ہیں اور عمل کا وقت اب ہے، کیونکہ نئے صوبوں کی تشکیل میں ہی پاکستان کی عظیم صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور اس کے تمام شہریوں کے لیے ایک روشن مستقبل کو یقینی بنانے کی چابی نہاں ہے، ایک ایسا مستقبل جہاں حکمرانی کوئی دور دراز اور مجرد تصور نہیں بلکہ ملک کے ہر مرد، عورت اور بچے کے لیے ایک ٹھوس، حساس اور بااختیار حقیقت ہو۔

انتظامی اصلاحات ہی بہتر حکمرانی کی بنیاد

پاکستان میں ترقی، خوشحالی اور مضبوط جمہوری نظام کے قیام کی بحث اکثر سیاسی قیادت، حکومتوں کی کارکردگی اور معاشی پالیسیوں کے گرد گھومتی ہے، حالانکہ کسی بھی ریاست کی کامیابی کا ایک بنیادی ستون اس کا انتظامی نظام بھی ہوتا ہے۔ اگر انتظامی ڈھانچہ عوام کی ضروریات پوری کرنے، وسائل کی منصفانہ تقسیم، فوری فیصلوں اور مقامی مسائل کے بروقت حل کی صلاحیت نہ رکھتا ہو تو بہترین سیاسی قیادت بھی مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کرسکتی۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کو اب صرف حکمرانوں کی تبدیلی نہیں بلکہ انتظامی طرزِ حکمرانی میں مثبت اور بنیادی اصلاحات کی ضرورت ہے۔

چیئرمین پنجاب گروپ آف کالجز، ماہر تعلیم اور سابق ضلع ناظم لاہور میاں عامر محمود کی جانب سے "میرا صوبہ، میرا نظام" آگاہی مہم کا آغاز اسی اہم قومی ضرورت کی طرف توجہ دلاتا ہے۔ ان کا یہ مؤقف قابلِ غور ہے کہ ہمیں صرف حکمران تبدیل کرنے کے بجائے نظام کو بہتر بنانا ہوگا۔ یہ سوچ کسی سیاسی جماعت یا حکومت تک محدود نہیں بلکہ ریاستی نظم و نسق کو مؤثر بنانے کے وسیع تر قومی تصور کی نمائندگی کرتی ہے۔

پاکستان نے گزشتہ پون صدی کے دوران کئی سیاسی ادوار دیکھے۔ مختلف حکومتیں آئیں، مختلف سیاسی جماعتوں نے اقتدار سنبھالا، آئینی اور انتظامی سطح پر متعدد تبدیلیاں بھی ہوئیں، مگر عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی، دور دراز علاقوں تک ریاستی اداروں کی مؤثر رسائی اور مقامی سطح پر فیصلہ سازی میں شراکت کے مسائل مکمل طور پر حل نہیں ہو سکے۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمارا انتظامی ڈھانچہ بڑھتی ہوئی آبادی، بدلتی ہوئی معاشی ضروریات اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق مطلوبہ رفتار سے تبدیل نہیں ہوسکا۔

قیام پاکستان کے وقت ملک کی آبادی موجودہ آبادی کے مقابلے میں بہت کم تھی۔ آج آبادی کئی گنا بڑھ چکی ہے، شہری مراکز پھیل گئے ہیں، معاشی سرگرمیوں کا دائرہ وسیع ہو چکا ہے اور عوام کی ضروریات میں بھی غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔ اس کے باوجود انتظامی اکائیوں کی تشکیل اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے حوالے سے وہ پیش رفت نہیں ہوسکی جو بدلتے ہوئے حالات کا تقاضا ہے۔ دنیا کے کئی ممالک نے آبادی، رقبے اور انتظامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے انتظامی یونٹس میں وقتاً فوقتاً اضافہ کیا۔ اس عمل کا مقصد ریاستی اداروں کو عوام کے قریب لانا، انتظامی فیصلوں میں آسانی پیدا کرنا اور ترقیاتی وسائل کی مؤثر تقسیم یقینی بنانا تھا۔ پاکستان میں بھی نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام کی بحث نئی نہیں، تاہم اسے اکثر سیاسی مفادات، علاقائی خدشات اور اخراجات کے سوالات میں الجھا دیا جاتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس معاملے کو سیاسی کشمکش کے بجائے خالصتاً انتظامی، معاشی اور عوامی فلاح کے زاویے سے دیکھا جائے۔

نئے صوبوں یا چھوٹی انتظامی اکائیوں کے حوالے سے یہ تاثر بھی پایا جاتا ہے کہ اس سے سرکاری اخراجات میں بہت زیادہ اضافہ ہوگا۔ یہ اعتراض بظاہر اہم ضرور ہے لیکن اس کا جائزہ مکمل انتظامی تناظر میں لینا چاہیے۔ بڑے صوبوں میں حکومت کے انتظامی مراکز سے دور علاقوں تک وسائل، اداروں اور سرکاری سہولتوں کی رسائی میں مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ ایک وسیع انتظامی یونٹ میں متعدد محکموں کے لیے بڑے پیمانے پر علاقائی ڈھانچہ قائم کرنا پڑتا ہے، جبکہ مناسب انداز میں تقسیم شدہ انتظامی اکائیوں کے ذریعے اختیارات کو مقامی سطح پر منتقل کیا جا سکتا ہے۔

اس کے نتیجے میں فیصلہ سازی کا عمل تیز، نگرانی مؤثر اور عوامی شکایات کے ازالے کا نظام بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ اصل مقصد محض صوبوں کی تعداد بڑھانا نہیں ہونا چاہیے بلکہ ایسا انتظامی نظام تشکیل دینا ہونا چاہیے جو کم سے کم اخراجات میں زیادہ سے زیادہ عوامی خدمت فراہم کرے۔

انتظامی اصلاحات کا ایک اہم پہلو وسائل کی منصفانہ تقسیم بھی ہے۔ پاکستان کے کئی علاقے قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت یا انسانی صلاحیتوں کے باوجود ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ گئے ہیں۔ جب فیصلے بہت دور بیٹھے مرکزی مراکز میں ہوتے ہیں تو مقامی ضروریات بعض اوقات قومی یا صوبائی ترجیحات میں مطلوبہ اہمیت حاصل نہیں کر پاتیں۔ اختیارات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم سے ایسے علاقوں کو ترقی کے برابر مواقع فراہم کیے جا سکتے ہیں۔

یہاں بلدیاتی نظام کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ عام شہری کے لیے قومی یا صوبائی سیاست کے مقابلے میں مقامی حکومت وہ سطح ہے جہاں وہ براہ راست اپنے مسائل بیان کرسکتا ہے۔ سڑک، صفائی، نکاسی آب، پینے کا پانی، مقامی صحت، بنیادی تعلیم، پارک، بازار اور دیگر روزمرہ مسائل کا تعلق براہ راست مقامی حکومت سے ہے۔ اگر منتخب بلدیاتی نمائندوں کے پاس اختیار اور وسائل موجود ہوں تو عوام کو اپنے مسائل کے حل کے لیے صوبائی دارالحکومتوں یا وفاقی اداروں کے چکر نہیں لگانے پڑیں گے۔

اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد صوبوں کو مالی اور انتظامی اختیارات میں نمایاں اضافہ ہوا۔ اس عمل کے ساتھ مقامی حکومتوں کو سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات منتقل کرنے کی ذمہ داری بھی اہمیت اختیار کر گئی۔ تاہم عملی طور پر یہ منتقلی اس سطح تک نہیں پہنچ سکی جس کی توقع کی جا رہی تھی۔ صوبوں کو قومی مالیاتی کمیشن یعنی این ایف سی کے ذریعے وسائل کی تقسیم پر توجہ رہتی ہے، لیکن صوبائی مالیاتی کمیشن یعنی پی ایف سی کے ذریعے مقامی حکومتوں تک وسائل کی باقاعدہ اور شفاف منتقلی کا نظام کئی جگہ کمزور دکھائی دیتا ہے۔

یہ خلا پُر کیے بغیر اچھی حکمرانی کا تصور مکمل نہیں ہوسکتا۔ ایک مضبوط وفاق، بااختیار صوبے اور مؤثر بلدیاتی حکومتیں ایک دوسرے کی مخالف نہیں بلکہ ایک دوسرے کی تکمیل کرتی ہیں۔ وفاق قومی نوعیت کے معاملات سنبھالے، صوبے تعلیم، صحت، امن و امان اور بڑے ترقیاتی منصوبوں پر مؤثر کردار ادا کریں اور مقامی حکومتیں شہریوں کی روزمرہ ضروریات پوری کریں تو ریاستی نظام میں اختیارات کی ایک متوازن تقسیم پیدا ہوسکتی ہے۔

پاکستان کی نوجوان آبادی بھی انتظامی اصلاحات کا اہم محرک بن سکتی ہے۔ نوجوان ملک کا قیمتی انسانی سرمایہ ہیں۔ انہیں صرف روزگار کے متلاشی افراد کے طور پر نہیں بلکہ قومی ترقی کے فعال شراکت دار کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ بہتر تعلیم، فنی تربیت، ڈیجیٹل مہارت، کاروباری مواقع اور مقامی سطح پر روزگار کی فراہمی کے ساتھ نوجوانوں کو فیصلہ سازی کے عمل میں بھی شامل کرنا ہوگا۔ بلدیاتی نظام نوجوانوں کے لیے سیاسی اور سماجی قیادت کی تربیت کا ایک بہترین پلیٹ فارم بن سکتا ہے۔ جو نوجوان اپنے محلے، یونین کونسل یا شہر کے مسائل حل کرنے کی صلاحیت پیدا کرے گا، وہ مستقبل میں صوبائی اور قومی سطح پر بھی بہتر قیادت کا مظاہرہ کرسکتا ہے۔ اس طرح سیاست چند خاندانوں یا محدود حلقوں تک محدود رہنے کے بجائے معاشرے کے وسیع طبقات کے لیے کھل سکتی ہے۔

انتظامی اصلاحات ہی بہتر حکمرانی اور روشن مستقبل کی بنیاد

پاکستان کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت نمایاں ہوتی ہے کہ ملک کی ترقی صرف حکومتوں کی تبدیلی یا سیاسی قیادت کے آنے جانے سے ممکن نہیں۔ پائیدار ترقی کے لیے ایسے انتظامی نظام کی ضرورت ہے جو عوام کے مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کرے، وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائے اور ریاستی اداروں کو مؤثر، جواب دہ اور عوام دوست بنائے۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق پاکستان میں اچھی حکمرانی کے قیام کے لیے سیاسی اصلاحات کے ساتھ انتظامی اصلاحات کو بھی قومی ترجیح بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

چیئرمین پنجاب گروپ آف کالجز، ماہر تعلیم اور سابق ضلع ناظم لاہور میاں عامر محمود نے "میرا صوبہ، میرا نظام" آگاہی مہم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایک اہم نکتے کی طرف توجہ دلائی کہ ملک میں صرف حکمران تبدیل کرنے کے بجائے نظام کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ یہ بات دراصل پاکستان کے موجودہ انتظامی مسائل کی بنیادی حقیقت کی نشاندہی کرتی ہے۔ ملک میں مختلف ادوار کے دوران سیاسی حکومتیں بھی آئیں، مختلف نظام بھی آزمائے گئے اور کئی بار اصلاحات کے دعوے بھی کیے گئے، تاہم عام شہری کو آج بھی اپنے بنیادی مسائل کے حل کے لیے سرکاری دفاتر کے طویل چکروں اور پیچیدہ انتظامی مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔

پاکستان کی آبادی میں قیام پاکستان کے بعد کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے، لیکن انتظامی ڈھانچے میں اس رفتار سے تبدیلی نہیں آئی۔ آبادی، شہری ضروریات اور معاشی سرگرمیوں کے بڑھتے ہوئے حجم نے نئے انتظامی تقاضے پیدا کیے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک نے آبادی اور رقبے کے مطابق اپنے انتظامی یونٹس میں اضافہ کیا تاکہ حکومتی ادارے عوام کے قریب رہیں، مگر پاکستان میں انتظامی اختیارات اور وسائل کی تقسیم اب بھی بڑی حد تک مرکزی اور صوبائی سطح کے گرد گھومتی ہے۔ بڑے صوبوں کا وسیع رقبہ اور بڑی آبادی حکومت کے لیے ایک بڑا انتظامی چیلنج ہے۔ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہری اکثر یہ شکایت کرتے ہیں کہ ان کے مسائل صوبائی دارالحکومتوں تک پہنچتے پہنچتے ترجیحات کی فہرست میں پیچھے چلے جاتے ہیں۔ اگر انتظامی یونٹس کو عوامی ضروریات کے مطابق منظم کیا جائے تو حکومت اور عوام کے درمیان فاصلے کو کم کیا جاسکتا ہے۔ اس سے نہ صرف انتظامی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، وسائل کی تقسیم اور عوامی خدمات کی فراہمی بھی زیادہ مؤثر انداز میں ممکن ہوسکے گی۔

نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کی تشکیل کے حوالے سے ہمیشہ سیاسی خدشات اور مالی اخراجات کی بات کی جاتی ہے۔ یہ ضرور ہے کہ کسی بھی انتظامی تبدیلی کے لیے جامع منصوبہ بندی، آئینی تقاضوں اور مالی استطاعت کو مدنظر رکھنا ضروری ہے، تاہم اس معاملے کو محض اخراجات کے زاویے سے دیکھنا مناسب نہیں۔ اگر انتظامی یونٹس چھوٹے اور مؤثر ہوں تو سرکاری مشینری کو عوام کے قریب لایا جا سکتا ہے، ترقیاتی ترجیحات کو مقامی ضرورت کے مطابق مرتب کیا جا سکتا ہے اور وسائل کے استعمال کی نگرانی بھی بہتر ہوسکتی ہے۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق انتظامی اصلاحات کا اصل مقصد نئے عہدے یا نئے دفاتر بنانا نہیں بلکہ موجودہ نظام کو زیادہ مؤثر، سادہ اور عوام دوست بنانا ہونا چاہیے۔ اگر کسی انتظامی تبدیلی کے نتیجے میں سرکاری اخراجات بڑھنے کے بجائے خدمات کی فراہمی بہتر ہوتی ہے، بدعنوانی کے مواقع کم ہوتے ہیں اور عوام کو بروقت سہولت ملتی ہے تو اسے قومی مفاد کے تناظر میں دیکھنا چاہیے۔ وسائل کی منصفانہ تقسیم بھی بہتر حکمرانی کا بنیادی تقاضا ہے۔ پاکستان میں صوبوں کو قومی مالیاتی کمیشن کے ذریعے وسائل ملتے ہیں، لیکن صوبوں سے ضلعی اور مقامی سطح تک وسائل کی منتقلی کا نظام اب بھی مطلوبہ مؤثریت حاصل نہیں کر سکا۔ یہی وجہ ہے کہ کئی اضلاع اور دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولتوں کا معیار بڑے شہری مراکز کے مقابلے میں کم نظر آتا ہے۔ اگر مالی وسائل واضح اور شفاف فارمولے کے تحت مقامی حکومتوں تک منتقل ہوں تو تعلیم، صحت، صفائی، سڑکوں، پینے کے پانی اور دیگر شہری سہولتوں میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔

اٹھارہویں آئینی ترمیم نے صوبوں کو وسیع مالی اور انتظامی اختیارات دیے، تاہم اس کے ساتھ مقامی حکومتوں کو سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات منتقل کرنے کی ذمہ داری بھی عائد کی گئی تھی۔ اس پہلو پر ابھی مزید سنجیدہ پیش رفت کی ضرورت ہے۔ صوبائی خودمختاری اسی وقت حقیقی معنوں میں عوامی فائدے کا ذریعہ بن سکتی ہے جب صوبوں کے اندر اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جائیں۔

بلدیاتی نظام اس سلسلے میں بنیادی کردار ادا کرسکتا ہے۔ عام شہری کے لیے وفاقی یا صوبائی سیاست میں براہ راست کردار ادا کرنا نسبتاً مشکل ہوتا ہے، لیکن مقامی حکومتیں اسے اپنے علاقے کے مسائل کے حل اور سیاسی عمل میں شمولیت کا حقیقی موقع فراہم کرتی ہیں۔ ایک فعال بلدیاتی نظام نوجوانوں، خواتین، ماہرین اور عام شہریوں کو قیادت کے مواقع فراہم کرسکتا ہے۔

پاکستان میں بلدیاتی انتخابات باقاعدگی سے نہ ہونے کی وجہ سے مقامی حکومتوں کا ادارہ اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ کام نہیں کرسکا۔ مختلف ادوار میں بلدیاتی ادارے تشکیل دیے گئے، لیکن انہیں مسلسل اور مستحکم بنیادوں پر اختیارات اور وسائل منتقل نہیں کیے جاسکے۔ اس صورتحال کو تبدیل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ بلدیاتی نظام کو سیاسی ضرورت کے بجائے آئینی اور انتظامی ذمہ داری کے طور پر دیکھا جائے۔ نوجوانوں کی شمولیت بھی انتظامی اور سیاسی اصلاحات کا اہم حصہ ہے۔ پاکستان کی آبادی میں نوجوانوں کا حصہ بہت زیادہ ہے اور یہی نوجوان ملک کی معاشی، سماجی اور سیاسی قوت بن سکتے ہیں۔ انہیں صرف روزگار کے مواقع ہی نہیں بلکہ تعلیم، فنی تربیت، کاروبار، تحقیق اور فیصلہ سازی کے عمل میں بھی جگہ دینا ہوگی۔ اگر نوجوانوں کو نظام میں مثبت کردار ادا کرنے کے مواقع نہ ملیں تو ان میں مایوسی اور بے اعتمادی پیدا ہونا فطری امر ہے۔ اس مسئلے کا حل صرف سرکاری ملازمتوں میں اضافہ نہیں بلکہ نجی شعبے، صنعت، ٹیکنالوجی، زراعت اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا بھی ہے۔ مقامی حکومتیں اگر اپنے علاقوں کی معاشی صلاحیت کو سمجھ کر منصوبہ بندی کریں تو روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔

صاف چمن، بہتر زندگی: وزیر اعلیٰ بلوچستان کا بروقت اقدام

تحریر: فاطمہ خان

کسی بھی شہر کی خوبصورتی کا اصل معیار صرف اس کی عمارتیں، سڑکیں اور بازار نہیں بلکہ اس کا صاف ستھرا اور صحت مند ماحول بھی ہوتا ہے۔ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے اور صفائی ستھرائی ان سہولیات میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ اسی تناظر میں چمن میں صفائی کی ناقص صورتحال پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے نوٹس لینا ایک اہم اور بروقت اقدام ہے، جس کے نتیجے میں شہر میں صفائی کی خصوصی مہم شروع کی گئی۔ چمن بلوچستان کا ایک اہم شہر ہے جو اپنی جغرافیائی، تجارتی اور سماجی اہمیت کے باعث ہمیشہ نمایاں رہا ہے۔ شہر کے مصروف بازار، رہائشی علاقے، مرکزی شاہراہیں اور روزمرہ کی تجارتی سرگرمیاں مؤثر بلدیاتی نظام اور بہتر صفائی کی متقاضی ہیں۔ ایسے شہر میں گندگی اور کچرے کا طویل عرصے تک موجود رہنا نہ صرف شہر کے حسن کو متاثر کرتا ہے بلکہ شہریوں کی صحت اور روزمرہ زندگی پر بھی منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے صفائی کی صورتحال کا نوٹس اس اعتبار سے اہم ہے کہ اس اقدام نے ایک بنیادی شہری مسئلے کو حکومتی ترجیحات میں شامل کیا۔ اچھی طرز حکمرانی کا بنیادی تقاضا یہی ہے کہ حکومت صرف بڑے منصوبوں اور پالیسی معاملات پر توجہ نہ دے بلکہ ان مسائل کا بھی فوری ازالہ کرے، جن کا براہ راست تعلق عام شہری کی روزمرہ زندگی سے ہو۔ صفائی محض شہر کی ظاہری خوبصورتی کا معاملہ نہیں بلکہ اس کا براہ راست تعلق صحت عامہ سے ہے۔ سڑکوں، گلیوں اور عوامی مقامات پر کچرے کے ڈھیر نہ صرف بدبو اور آلودگی کا باعث بنتے ہیں بلکہ مختلف بیماریوں کے پھیلا کے امکانات بھی بڑھاتے ہیں۔ خصوصاً بچوں، بزرگوں اور کمزور طبقات کے لیے غیر صحت مند ماحول زیادہ نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ چمن میں شروع کی جانے والی صفائی مہم کو اسی لیے محض ایک وقتی سرگرمی کے طور پر نہیں بلکہ ایک مستقل اور مؤثر بلدیاتی نظام کی بنیاد کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ کچرا اٹھانا اور سڑکیں صاف کرنا فوری ضرورت ہے، تاہم دیرپا نتائج کے لیے باقاعدہ صفائی، کچرے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے، نگرانی اور ذمہ دار اداروں کی مؤثر کارکردگی بھی ضروری ہے۔ یہاں مقامی حکومت اور متعلقہ بلدیاتی اداروں کا کردار نہایت اہم ہو جاتا ہے۔ شہریوں کا حکومت سے سب سے براہ راست رابطہ اکثر بنیادی شہری سہولیات کے ذریعے ہوتا ہے۔ صاف سڑکیں، مناسب نکاسی آب، بروقت کچرا اٹھانے کا نظام اور صاف عوامی مقامات حکومت کی کارکردگی کا وہ پہلو ہیں جنہیں شہری روزانہ کی بنیاد پر محسوس کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ کا نوٹس اس بات کا واضح پیغام ہے کہ بنیادی شہری سہولیات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ صفائی کے نظام کو بہتر بنائے، متعلقہ اداروں کو وسائل فراہم کرے اور کارکردگی کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائے تاکہ صفائی مہم کے مثبت اثرات مستقل بنیادوں پر برقرار رہیں۔ تاہم کسی بھی شہر کو مستقل طور پر صاف رکھنے کے لیے صرف حکومتی اقدامات کافی نہیں ہوتے۔ شہریوں کا تعاون بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ گھروں، دکانوں اور کاروباری مراکز کا کچرا مقررہ مقامات پر ڈالنا، سڑکوں اور گلیوں میں کچرا پھینکنے سے گریز کرنا اور صفائی کے عملے کے ساتھ تعاون کرنا ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ چمن کے تاجر بھی اس حوالے سے اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ بازاروں اور تجارتی مراکز میں صفائی نہ صرف ماحول کو بہتر بناتی ہے بلکہ خریداروں اور کاروباری افراد کے لیے بھی ایک بہتر ماحول پیدا کرتی ہے۔ ایک صاف شہر نہ صرف رہنے کے لیے بہتر ہوتا ہے بلکہ تجارت اور معاشی سرگرمیوں کے لیے بھی زیادہ سازگار ماحول فراہم کرتا ہے۔ اس مہم کی کامیابی کا اصل پیمانہ یہ نہیں ہونا چاہیے کہ پہلے مرحلے میں کتنی سڑکیں صاف کی گئیں یا کتنا کچرا اٹھایا گیا۔ اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب صفائی چند روزہ مہم کے بجائے معمول کا مستقل حصہ بن جائے اور چمن کے شہری آنے والے مہینوں میں بھی اپنے شہر کو صاف ستھرا دیکھیں۔ اس مقصد کے لیے باقاعدہ مانیٹرنگ، ذمہ داریوں کا واضح تعین، صفائی کے عملے کی مؤثر تعیناتی، مناسب وسائل اور شہری شکایات کے فوری ازالے کا نظام ضروری ہے۔ اگر صفائی مہم کے بعد بھی یہی تسلسل برقرار رکھا جائے تو چمن میں شہری سہولیات کے معیار میں نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے چمن کی صفائی کی صورتحال کا نوٹس لینا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت عوامی مسائل کے حل کو اہمیت دے رہی ہے۔ تاہم اس اقدام کی حقیقی کامیابی اسی وقت ممکن ہوگی جب فوری کارروائی کو مستقل نظام میں تبدیل کیا جائے۔ صاف چمن صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ تمام شہریوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ حکومت صفائی کا نظام فراہم کرسکتی ہے، ادارے اس پر عمل درآمد کر سکتے ہیں، لیکن اس نظام کو کامیاب بنانے کے لیے شہریوں کا تعاون ناگزیر ہے۔ بالآخر کسی بھی حکومت کی کارکردگی کا اصل مقصد عوام کی زندگی آسان بنانا ہے۔ چمن میں صفائی مہم اسی سوچ کا عملی اظہار بن سکتی ہے۔ اگر حکومتی اقدامات، ادارہ جاتی ذمہ داری اور شہری تعاون ایک دوسرے کا ساتھ دیں تو ایک صاف، صحت مند اور باوقار چمن محض ایک خواہش نہیں بلکہ ایک مستقل حقیقت بن سکتا ہے۔

بلوچستان کی ترقی، مکالمہ اور قومی یکجہتی کا راستہ

تحریر: خزیمہ انصاری

بلوچستان پاکستان کا وہ خطہ ہے جس کی جغرافیائی اہمیت، قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، ساحلی پٹی اور تزویراتی محلِ وقوع اسے ملکی معیشت اور قومی سلامتی دونوں کے لیے غیر معمولی اہمیت عطا کرتے ہیں۔ اس کے باوجود یہ حقیقت نظرانداز نہیں کی جاسکتی کہ بلوچستان طویل عرصے سے سیاسی، معاشی، انتظامی اور امن و امان کے حوالے سے پیچیدہ مسائل کا سامنا کرتا رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی بلوچستان نیشنل ورکشاپ سے خطاب میں گرینڈ ڈائیلاگ کی دعوت اسی پس منظر میں ایک اہم سیاسی پیش رفت قرار دی جاسکتی ہے۔ وزیراعظم کا یہ کہنا کہ جو کچھ ہوگیا سو ہوگیا، اب آگے بڑھنے کے لیے مکالمے کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، اس بات کی علامت ہے کہ ریاست بلوچستان کے مسئلے کو محض انتظامی یا طاقت کے زاویے سے نہیں بلکہ سیاسی اور قومی مفاہمت کے تناظر میں بھی دیکھنا چاہتی ہے۔

بلوچستان کے مسئلے کا کوئی فوری اور یک طرفہ حل ممکن نہیں۔ اس کے لیے ریاست، سیاسی جماعتوں، قبائلی قیادت، نوجوانوں، دانشوروں، کاروباری طبقے اور مقامی آبادی سمیت تمام متعلقہ فریقوں کو ایک دوسرے کی بات سننا ہوگی۔ وزیراعظم نے واضح کیا ہے کہ مجوزہ مکالمے کا مقصد صرف حکومتی مؤقف بیان کرنا نہیں بلکہ بلوچ عوام اور دیگر فریقوں کے تحفظات اور تجاویز سننا بھی ہے۔ یہی پہلو اس پیشکش کو اہم بناتا ہے، کیونکہ حقیقی مکالمہ اسی وقت نتیجہ خیز ہوتا ہے جب فریقین اپنی بات کہنے کے ساتھ دوسروں کا مؤقف سننے کے لیے بھی تیار ہوں۔

بلوچستان میں احساسِ محرومی ایک ایسا مسئلہ ہے جسے نظرانداز کر کے دیرپا امن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ روزگار کے محدود مواقع، بنیادی سہولیات کی کمی، دور دراز علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کی سست رفتاری، تعلیم اور صحت کے مسائل، وسائل میں مقامی آبادی کے حصے کے بارے میں تحفظات اور سیاسی نمائندگی سے متعلق شکایات ایسے عوامل ہیں جن پر سنجیدہ غور ضروری ہے۔ اگر ریاست یہ تسلیم کرتی ہے کہ بلوچستان کے وسائل پر پہلا حق وہاں کے عوام کا ہے تو اس اصول کو عملی پالیسیوں میں بھی واضح طور پر نظر آنا چاہیے۔ وسائل کی منصفانہ تقسیم، مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار، تعلیم و صحت کی سہولیات اور ترقیاتی منصوبوں میں مقامی لوگوں کی شمولیت اعتماد کی بحالی میں بنیادی کردار ادا کرسکتی ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے صرف ترقیاتی منصوبے کافی نہیں بلکہ ترقی کے ساتھ اعتماد بھی پیدا کرنا ہوگا۔ سڑک بنانا، بجلی پہنچانا، بندرگاہ کو فعال کرنا یا معدنی منصوبے شروع کرنا اپنی جگہ اہم اقدامات ہیں، لیکن اگر مقامی آبادی خود کو ان منصوبوں کا حقیقی فریق محسوس نہ کرے تو معاشی سرگرمی کے مطلوبہ نتائج حاصل کرنا مشکل ہوگا۔ اس لیے ضروری ہے کہ بلوچستان کے بڑے منصوبوں میں مقامی افراد کی شرکت، روزگار، تربیت اور کاروباری مواقع کو ترجیح دی جائے۔ ترقی کا ثمر مقامی آبادی تک پہنچے گا تو منصوبے محض انفراسٹرکچر نہیں رہیں گے بلکہ عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کا ذریعہ بن جائیں گے۔

بلوچستان کے بارے میں ماضی کی پالیسیوں کا جائزہ بھی ضروری ہے۔ 2009ء میں آغازِ حقوقِ بلوچستان پیکیج کا بنیادی مقصد صوبے میں احساسِ محرومی کم کرنا اور اسے قومی سیاسی عمل میں زیادہ مؤثر انداز سے شامل کرنا تھا۔ بعدازاں 2013ء میں بلوچستان میں سیاسی مفاہمت اور مختلف فریقوں کو قومی دھارے میں لانے کے لیے اقدامات کیے گئے۔ ان تجربات سے یہ سبق حاصل کیا جاسکتا ہے کہ صرف پیکیج کا اعلان کافی نہیں ہوتا، بلکہ اس کے عملی نفاذ، نگرانی اور نتائج کا مستقل جائزہ بھی ضروری ہے۔ اگر کسی منصوبے یا پالیسی کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچتے تو وقت گزرنے کے ساتھ بداعتمادی دوبارہ جنم لے سکتی ہے۔

گڈانی کے نوجوان، فشریز کی بھرتیاں اور انصاف کا سوال

تحریر: فیصل جان بزنجو
(نمائندہ روزنامہ بولان حب)

کہتے ہیں چراغ تلے اندھیرا۔ گڈانی کی صورتحال بھی کچھ ایسی ہی دکھائی دیتی ہے۔ جس ساحلی علاقے کے نوجوان سمندر کی موجوں سے روزی کشید کرتے ہیں، جہاں ماہی گیری ہزاروں خاندانوں کے روزگار کا ذریعہ ہے، اسی علاقے کے نوجوان آج سرکاری ملازمت کے ایک معمولی سے موقع کے لیے در در کی خاک چھاننے پر مجبور ہیں۔ محکمہ فشریز بلوچستان کی جانب سے ضلع حب، خصوصاً گڈانی میں کلاس فور کی حالیہ بھرتیوں کے حوالے سے مقامی حلقوں کی طرف سے جو سوالات اٹھائے جا رہے ہیں، وہ نظرانداز کرنے کے قابل نہیں۔ اطلاعات اور عوامی اعتراضات یہ ہیں کہ گڈانی اور ضلع حب کی آسامیوں پر دیگر اضلاع کے امیدواروں کو تعینات کیا گیا، جبکہ مقامی نوجوان روزگار کے حصول کے لیے خالی ہاتھ رہ گئے۔ اب سوال یہ ہے کہ گھر کی مرغی دال برابر کیوں؟ کیا گڈانی کا نوجوان اس لیے کم اہل ہے کہ وہ اسی سرزمین کا رہنے والا ہے؟ کیا مقامی امیدواروں کے لوکل ڈومسائل، قابلیت اور میرٹ کی کوئی حیثیت نہیں؟ یا پھر سرکاری آسامیوں کے دروازے کھولنے کے لیے بھی کسی اور ضلع کا راستہ اختیار کرنا ضروری ہے؟ یہاں یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ کسی دوسرے ضلع کے نوجوان کو روزگار ملنے پر اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ وہ بھی کسی خاندان کا سہارا ہے۔ لیکن اگر کسی مخصوص آسامی کے لیے قواعد مقامی امیدواروں کو ترجیح دیتے ہیں تو پھر اس ترجیح کا احترام بھی لازم ہے۔ قانون سب کے لیے برابر کا اصول صرف کتابوں میں اچھا نہیں لگتا، اس کا عملی مظاہرہ بھی ہونا چاہیے۔ گڈانی کے نوجوانوں کا سوال سیدھا ہے اگر محکمہ فشریز کی آسامی گڈانی میں ہے، امیدوار مقامی ہے، تعلیم اور مطلوبہ اہلیت رکھتا ہے اور میرٹ پر پورا اترتا ہے تو پھر اسے نظرانداز کیوں کیا جائے؟ نہ نو من تیل ہوگا، نہ رادھا ناچے گی کے مصداق اگر ہر شکایت کے جواب میں صرف فائلیں کھولی جائیں، کمیٹیاں بنائی جائیں اور معاملہ وقت کے حوالے کردیا جائے تو پھر نوجوانوں کو انصاف کب ملے گا؟ یہ معاملہ کسی ایک فرد یا ایک سیاسی جماعت کے خلاف نہیں۔ یہ ایک اصول کا معاملہ ہے۔ اگر بھرتیاں میرٹ اور قواعد کے مطابق ہوئی ہیں تو محکمہ فشریز کو مکمل ریکارڈ سامنے لانا چاہیے۔ ضلع وار امیدواروں کی تفصیل، میرٹ لسٹ، ڈومیسائل اور تقرری کے طریقہ کار کو واضح کیا جائے تاکہ کسی کے ذہن میں کوئی ابہام باقی نہ رہے۔ لیکن اگر تحقیقات میں یہ ثابت ہوجائے کہ مقامی امیدواروں کو نظرانداز کیا گیا، ضابطے کی خلاف ورزی ہوئی یا کسی غیر قانونی طریقے سے تقرریاں کی گئیں تو پھر دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہونا چاہیے۔ گڈانی پہلے ہی بے روزگاری کے مسئلے سے نبرد آزما ہے۔ ایک طرف روزگار کے مواقع محدود ہیں، دوسری طرف اگر دستیاب سرکاری مواقع میں بھی مقامی نوجوان خود کو نظرانداز ہوتا دیکھے تو اس کے دل میں مایوسی پیدا ہونا فطری ہے۔ صوبائی حکومت کو یہ بات سمجھنی ہوگی کہ سرکاری ملازمت صرف ایک تقرری کا کاغذ نہیں۔ ایک نوکری ایک گھر کا چولہا جلاتی ہے، ایک باپ کی پریشانی کم کرتی ہے، ایک ماں کی دعا پوری کرتی ہے اور ایک نوجوان کو معاشرے میں باعزت مقام دیتی ہے۔ اسی لیے گڈانی کے نوجوانوں کا مطالبہ کسی رعایت کا مطالبہ نہیں، بلکہ شفافیت، میرٹ اور اپنے جائز حق کا مطالبہ ہے۔ محکمہ فشریز بلوچستان اگر اپنے فیصلے کو درست سمجھتا ہے تو اسے چھپانے کی ضرورت نہیں۔ ریکارڈ سامنے لایا جائے، سوالات کے جواب دیے جائیں اور عوام کو مطمئن کیا جائے۔ اور اگر کہیں واقعی بے ضابطگی ہوئی ہے تو پھر ایک غلطی سو عیب نکالتی ہے کے مصداق معاملہ مزید پیچیدہ کرنے کے بجائے اسے قانون کے مطابق درست کیا جائے۔ گڈانی کے نوجوانوں کو سیاسی وعدوں سے زیادہ عملی انصاف چاہیے۔ انہیں تقریروں سے زیادہ میرٹ لسٹ چاہیے۔ انہیں یقین دہانیوں سے زیادہ شفاف بھرتی کا نظام چاہیے۔ آخر میں سوال پھر وہی ہے جس گڈانی کے ساحل سے صوبے کی معیشت کو روزگار ملتا ہے، اسی گڈانی کے نوجوان کو روزگار کے ایک جائز موقع کے لیے آخر کب تک انتظار کرنا ہوگا؟ صوبائی حکومت اور محکمہ فشریز کو چاہیے کہ اس سوال کا جواب خاموشی سے نہیں بلکہ عمل، شفاف تحقیقات اور میرٹ پر مبنی فیصلے سے دیں۔ کیونکہ عوام میں ایک اور کہاوت بھی مشہور ہے جس کا حق ہو، اسے حق ملنا چاہیے ورنہ خاموشی بھی ایک دن سوال بن جاتی ہے۔

عوامی خدمت کا سفر۔ پنجاب میں صحت کے شعبے کی نئی سمت

تحریر: مقصود عالم

پنجاب میں عوامی فلاح اور بالخصوص صحت کے شعبے میں حالیہ اقدامات نے صوبائی حکومت کی ترجیحات کو نمایاں کردیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے جدید طبی سہولیات کی فراہمی، مفت علاج، ادویات، ایئر ایمبولینس، ہوم ڈائیلاسز اور امراض قلب کے پیچیدہ علاج کی سہولتوں کے اعلانات کو عوامی سطح پر اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ لاہور میں جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا افتتاح بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جہاں جدید طبی آلات، ہائبرڈ کیتھ لیب اور امراض قلب کے علاج کی دیگر سہولیات فراہم کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ان کے خوابوں میں سے ایک ہے اور ملک میں امراض قلب کے بڑھتے ہوئے مسائل کے پیش نظر ایسے اداروں کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کے عوام کو دل کے امراض کا مفت علاج فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جبکہ ہارٹ ٹرانسپلانٹ کے لیے بھی فنڈ قائم کیا جائے گا۔

** تجزیہ بی این پی کے مطابق ** صحت کسی بھی فلاحی ریاست کی بنیادی ترجیح ہوتی ہے۔ عام آدمی کے لیے بیماری صرف طبی مسئلہ نہیں بلکہ اکثر ایک بڑا مالی بحران بھی بن جاتی ہے۔ بالخصوص دل، گردوں، فالج اور دیگر پیچیدہ امراض کا علاج متوسط اور کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے بھاری اخراجات کا باعث بنتا ہے۔ ایسے میں سرکاری سطح پر جدید علاج کی سہولت اور مالی معاونت کی فراہمی یقیناً ایک مثبت حکومتی اقدام ہے۔ جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں جدید ہائبرڈ کیتھ لیب، عالمی معیار کے وارڈز، جدید مشینری اور تربیت یافتہ طبی عملے کی فراہمی کے حوالے سے سامنے آنے والی تفصیلات بھی قابلِ توجہ ہیں۔ اگر یہ سہولیات مطلوبہ معیار کے مطابق مسلسل فعال رہتی ہیں تو لاہور سمیت پنجاب بھر کے مریضوں کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ خاص طور پر ایسے مریض جنہیں پیچیدہ امراض کے علاج کے لیے بیرونِ شہر یا بیرونِ ملک جانا پڑتا ہے، ان کے لیے صوبے میں ہی بہتر سہولت دستیاب ہونا ایک اہم پیش رفت ہوگی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے صوبے میں 16 کیتھ لیبز کے فعال ہونے کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ امراض قلب کے علاج کے لیے کیتھ لیبز کی اہمیت کسی سے پوشیدہ نہیں۔ دل کے مریضوں کو بروقت تشخیص اور علاج کی ضرورت ہوتی ہے اور اس معاملے میں وقت کا معمولی سا فرق بھی سنگین نتائج کا باعث بن سکتا ہے۔ اگر کیتھ لیبز ضلعی سطح تک مؤثر انداز میں کام کریں تو مریضوں کو بڑے شہروں کے ہسپتالوں پر انحصار کم کرنا پڑ سکتا ہے۔ صحت کے شعبے میں پنجاب حکومت کی جانب سے ایئر ایمبولینس سروس کا آغاز بھی ایک نمایاں اقدام سمجھا جاسکتا ہے۔ دور دراز علاقوں میں حادثات یا سنگین بیماریوں کی صورت میں مریض کو بروقت بڑے طبی مرکز تک پہنچانا ایک مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔ ایئر ایمبولینس اس مشکل کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔

پنجاب میں صحت کے شعبے کی کارکردگی۔ دعوے، اقدامات اور عوامی توقعات

تحریر: ہمدان عبداللہ

پنجاب میں وزیر اعلیٰ مریم نواز کی حکومت کے تقریباً دو سالہ دورِ اقتدار میں صحت کے شعبے کو حکومتی ترجیحات میں نمایاں مقام حاصل رہا ہے۔ صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کے حالیہ بیان کے مطابق حکومت نے اس عرصے میں دل کے امراض، کینسر کے علاج اور سرکاری ہسپتالوں کی استعداد بڑھانے کے حوالے سے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں۔ ان دعوؤں کو اگر وسیع تر تناظر میں دیکھا جائے تو پنجاب حکومت کی توجہ صرف نئے ہسپتال بنانے تک محدود نہیں بلکہ صحت کی سہولیات کو عام شہری تک پہنچانے اور علاج کے اخراجات کم کرنے پر بھی مرکوز دکھائی دیتی ہے۔

حکومت کی جانب سے جناح انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا آغاز اس سلسلے میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ عظمیٰ بخاری کے مطابق یہاں ہارٹ ٹرانسپلانٹ کا علاج مکمل طور پر مفت فراہم کیا جائے گا۔ لاہور جیسے بڑے شہر میں دل کے مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اور پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی پر بڑھتے ہوئے دباؤ کے پیش نظر ایک نئے بڑے مرکزِ قلب کا قیام بلاشبہ صحت کے نظام پر بوجھ کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ تاہم اس منصوبے کی حقیقی کامیابی کا اندازہ اس وقت ہوگا جب ہسپتال مستقل بنیادوں پر معیاری علاج، تربیت یافتہ عملہ، جدید آلات اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے میں کامیاب ہوگا۔

اسی طرح نواز شریف کینسر ہسپتال کا مجوزہ منصوبہ بھی پنجاب کے صحت کے نظام کے لیے اہم سمجھا جاسکتا ہے۔ وزیر اطلاعات کے مطابق یہ ہسپتال ایک ہزار بستروں پر مشتمل ہوگا اور وزیر اعلیٰ جلد اس کا افتتاح کریں گی۔ پاکستان میں کینسر کا علاج عام شہری کے لیے انتہائی مہنگا ہے، اس لیے سرکاری سطح پر بڑے پیمانے پر کینسر کی تشخیص اور علاج کی سہولت فراہم کرنا ایک اہم عوامی ضرورت ہے۔ اگر یہ منصوبہ اپنی مقررہ استعداد کے مطابق فعال ہوتا ہے تو کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے یہ ایک بڑی سہولت ثابت ہوسکتا ہے۔

سرگودھا میں کارڈیالوجی ہسپتال کی تکمیل بھی پنجاب کے صحت کے نظام میں جغرافیائی توازن پیدا کرنے کی کوشش قرار دی جاسکتی ہے۔ لاہور میں صحت کی جدید سہولیات کا ارتکاز طویل عرصے سے ایک اہم مسئلہ رہا ہے۔ بڑے شہروں کے علاوہ ڈویژنل اور ضلعی سطح پر خصوصی علاج کی سہولیات دستیاب ہونے سے مریضوں کو دور دراز علاقوں سے لاہور آنے کی ضرورت کم ہوسکتی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے یہ بھی کہا ہے کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں ملک کے دیگر علاقوں سے آنے والے مریضوں کا مفت علاج کیا جا رہا ہے۔ اگر اس سہولت کا دائرہ وسیع اور معیار برقرار رکھا جائے تو یہ پنجاب کے سرکاری شعبۂ صحت کی ایک مثبت خصوصیت بن سکتی ہے۔ تاہم مفت علاج کے ساتھ ادویات کی دستیابی، ٹیسٹوں کی سہولت، انتظار کے اوقات، ڈاکٹروں اور نرسنگ اسٹاف کی تعداد اور ہسپتالوں کی مجموعی انتظامی کارکردگی بھی اتنی ہی اہم ہے۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق کسی بھی حکومت کی کارکردگی کو صرف اعلانات، افتتاحی تقریبات یا تعمیراتی منصوبوں کی تعداد سے نہیں پرکھا جاسکتا۔ اصل پیمانہ یہ ہے کہ عام شہری کو عملی طور پر کتنی سہولت ملی، علاج کے لیے اس کا مالی بوجھ کتنا کم ہوا اور سرکاری ہسپتالوں میں علاج کے معیار میں کس حد تک بہتری آئی۔ اس حوالے سے پنجاب حکومت کے منصوبوں کے نتائج کو اعداد و شمار، مریضوں کے تجربات اور آزادانہ کارکردگی کے اشاریوں کی روشنی میں جانچنا زیادہ مؤثر طریقہ ہوگا۔ مریم نواز حکومت کا ایک اہم امتحان یہ بھی ہے کہ نئے ہسپتالوں کے ساتھ موجودہ سرکاری طبی مراکز کی حالت بھی بہتر بنائی جائے۔ صرف نئی عمارتیں صحت کے مسائل حل نہیں کرتیں۔ ہسپتالوں کو مستقل بجٹ، ماہر ڈاکٹرز، نرسز، پیرا میڈیکل اسٹاف، جدید مشینری، ادویات اور مضبوط انتظامی نظام درکار ہوتا ہے۔

غزہ کا انسانی بحران اور عالمی برادری کی ذمہ داری

غزہ کی صورتِ حال ایک مرتبہ پھر اس تلخ حقیقت کی طرف توجہ دلا رہی ہے کہ جنگیں صرف میدانِ جنگ میں نہیں لڑی جاتیں بلکہ ان کے سب سے گہرے اثرات عام شہریوں کی زندگی، گھروں، بنیادی سہولتوں اور مستقبل پر مرتب ہوتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی حالیہ رپورٹ میں غزہ میں شہری آبادی کو درپیش مشکلات کی جو تصویر سامنے آئی ہے، وہ نہ صرف انسانی المیے کی سنگینی کو واضح کرتی ہے بلکہ عالمی برادری کے لیے ایک سنجیدہ سوال بھی اٹھاتی ہے کہ جنگ بندی اور امن کے اعلانات کے باوجود اگر شہری مسلسل عدم تحفظ، بے گھری اور بنیادی ضروریات کی قلت کا شکار رہیں تو پائیدار امن کا تصور کس طرح حقیقت بن سکتا ہے۔

رپورٹ کے مطابق غزہ میں بڑی تعداد میں لوگ اپنے گھروں سے محروم ہو چکے ہیں اور بیشتر خاندانوں کو مناسب پناہ گاہ میسر نہیں۔ رہائش کا مسئلہ محض چھت کی عدم دستیابی تک محدود نہیں بلکہ اس کے ساتھ پانی، خوراک، ایندھن، توانائی، صفائی اور صحت جیسی بنیادی ضروریات بھی جڑی ہوئی ہیں۔ جب کسی معاشرے کی ایک بڑی آبادی طویل عرصے تک ان بنیادی سہولتوں سے محروم رہے تو اس کے اثرات صرف موجودہ نسل تک محدود نہیں رہتے بلکہ آنے والی نسلوں کی جسمانی، ذہنی اور معاشرتی نشوونما بھی متاثر ہوتی ہے۔

غزہ میں پچاس افراد کی لاشوں کا برآمد ہونا بھی اسی المناک صورتِ حال کی ایک کڑی ہے۔ ان میں بچوں کی موجودگی اس بحران کو مزید حساس بنا دیتی ہے۔ جنگ کے دوران سب سے زیادہ متاثر ہونے والوں میں بچے، خواتین، بزرگ اور بیمار افراد شامل ہوتے ہیں کیونکہ وہ نہ تو اپنے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کر سکتے ہیں اور نہ ہی جنگی حالات سے بچ نکلنے کے لیے ان کے پاس ہمیشہ مناسب وسائل موجود ہوتے ہیں۔ کسی بھی تنازعے میں شہریوں کا تحفظ عالمی انسانی قانون کا بنیادی اصول ہے، اس لیے اس اصول کی خلاف ورزی جہاں بھی ہو، اس پر غیر جانبدارانہ اور مؤثر توجہ ضروری ہے۔

یہاں یہ بات بھی اہم ہے کہ غزہ کے بحران کو صرف ایک عسکری یا سیاسی تنازعے کے طور پر دیکھنا مسئلے کی مکمل تصویر پیش نہیں کرتا۔ یہ بنیادی طور پر ایک انسانی بحران بھی ہے۔ اگر ایک خاندان کے پاس رہنے کے لیے محفوظ جگہ نہ ہو، کھانا پکانے کے لیے ایندھن دستیاب نہ ہو، پینے کے صاف پانی کی فراہمی متاثر ہو اور علاج معالجے کی سہولتیں محدود ہو جائیں تو جنگ بندی کے باوجود معمول کی زندگی بحال نہیں ہوسکتی۔ اسی لیے کسی بھی جنگ بندی کو محض فائرنگ رکنے تک محدود کرنے کے بجائے اسے انسانی امداد کی بلا رکاوٹ فراہمی، شہریوں کے تحفظ اور بنیادی سہولتوں کی بحالی سے جوڑنا ضروری ہے۔

اس صورتحال میں امدادی سرگرمیوں کی راہ میں حائل رکاوٹیں بھی ایک اہم مسئلہ ہیں۔ انسانی امداد کا بنیادی مقصد کسی سیاسی فریق کی حمایت کرنا نہیں بلکہ ضرورت مند انسانوں تک خوراک، پانی، ادویات، خیمے اور دیگر ضروری سامان پہنچانا ہوتا ہے۔ عالمی اداروں اور امدادی تنظیموں کو ایسے ماحول کی ضرورت ہوتی ہے جہاں وہ بلا خوف اور بلا رکاوٹ اپنی ذمہ داریاں ادا کر سکیں۔ اگر امداد کی فراہمی محدود ہو تو اس کا براہِ راست اثر عام شہریوں پر پڑتا ہے، جن کا کسی سیاسی یا عسکری فیصلے میں کوئی کردار نہیں ہوتا۔ غزہ کے ساتھ ساتھ مغربی کنارے اور مقبوضہ بیت المقدس میں آبادکاری کے منصوبے بھی مسئلے کی پیچیدگی میں اضافہ کر رہے ہیں۔ متعدد ممالک اور اسلامی تعاون تنظیم کی جانب سے ایسے اقدامات پر تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ ان کا بنیادی مؤقف یہ ہے کہ متنازع علاقوں میں آبادکاری کا پھیلاؤ مستقبل کے سیاسی حل کو مشکل بنا سکتا ہے۔ اگر زمینی حقائق مسلسل تبدیل ہوتے رہیں تو فریقین کے درمیان قابلِ قبول اور پائیدار سیاسی سمجھوتا طے کرنا مزید دشوار ہو جاتا ہے۔

دو ریاستی حل کے حوالے سے عالمی سطح پر طویل عرصے سے گفتگو ہوتی رہی ہے۔ اس تصور کی بنیاد یہ ہے کہ اسرائیلی اور فلسطینی عوام اپنے اپنے علاقوں میں امن و سلامتی کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔ تاہم اس مقصد کے حصول کے لیے صرف سفارتی بیانات کافی نہیں۔ اس کے لیے زمینی سطح پر ایسے اقدامات ضروری ہیں جو فریقین کے جائز حقوق، شہریوں کے تحفظ اور بین الاقوامی قانون کے احترام کو یقینی بنائیں۔ اگر ایک طرف مذاکرات کی بات ہو اور دوسری طرف ایسے اقدامات جاری رہیں جو اعتماد کو کمزور کریں تو مذاکراتی عمل اپنی معنویت کھو سکتا ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق غزہ کا بحران عالمی سفارت کاری کے لیے ایک اہم امتحان ہے۔ اقوام متحدہ سمیت مختلف عالمی اداروں نے متعدد مواقع پر جنگ بندی، انسانی امداد اور شہریوں کے تحفظ پر زور دیا ہے، لیکن مسئلہ یہ ہے کہ عالمی فیصلوں اور زمینی حالات کے درمیان واضح فرق دکھائی دیتا ہے۔ یہی فرق عالمی نظام کی مؤثریت کے بارے میں سوالات پیدا کرتا ہے۔ اگر عالمی ادارے کسی تنازعے کے دوران انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا نہ کر سکیں تو عام انسان کا ان اداروں پر اعتماد کم ہونا فطری امر ہے۔

تاہم اس معاملے میں متوازن نقطہ نظر اختیار کرنا بھی ضروری ہے۔ خطے میں امن کے لیے اسرائیلی اور فلسطینی دونوں شہری آبادیوں کی سلامتی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ کسی بھی فریق کے عام شہریوں کو نشانہ بنانا، خوف و ہراس پھیلانا یا اجتماعی سزا کا ماحول پیدا کرنا مسئلے کا حل نہیں۔ اسی طرح دہشت گردی اور مسلح تشدد کی ہر شکل کی مذمت ضروری ہے۔ پائیدار امن اسی وقت ممکن ہوسکتا ہے جب شہریوں کے تحفظ کو سیاسی اختلافات اور عسکری مفادات سے بالاتر حیثیت دی جائے۔ اسرائیل کی سلامتی کے تقاضوں کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، لیکن سلامتی کا تصور بھی بین الاقوامی قانون، شہری حقوق اور انسانی جان کے احترام سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔

سیلاب، متاثرہ علاقوں میں ریلیف اور صفائی کے بیشتر اقدامات مکمل

متاثرہ عوام کو صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق جلد ہی نقصانات کا معاوضہ فراہم کیا جائیگا، کمشنر ملاکنڈ

سوات (این این آئی) کمشنر ملاکنڈ ڈویژن عابد وزیر نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف اور صفائی کے بیشتر اقدامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جبکہ متاثرہ عوام کو صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق جلد ہی نقصانات کا معاوضہ فراہم کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر آفس سوات کے کانفرنس روم میں منعقدہ میڈیا بریفنگ کے دوران کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محبّ اللہ خان یوسفزئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) سید نعمان علی شاہ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریلیف و ہیومن رائٹس) نعمت اللہ خان بھی موجود تھے۔ میڈیا نمائندگان نے سیلاب سے متاثرہ مقامات میں جاری ریلیف و بحالی سرگرمیوں، صفائی کے آپریشن، سڑکوں اور گلیوں سے ملبہ ہٹانے، متاثرہ گھروں کی بحالی، سیلاب زدہ علاقوں میں قائم میڈیکل کیمپس اور دیگر متعلقہ امور پر سوالات کیے۔ کمشنر ملاکنڈ نے میڈیا کو تفصیلات دیتے ہوئے بتایا کہ اب تک سیلاب سے کل 321 اموات، 166 افراد زخمی، 3000 سے زیادہ مکانات، 280 سرکاری عمارات، تقریباً 1400 دکان، 63000 زرعی ایکٹر زرعی زمین، تقریباً 6000 مویشی، کو نقصان پہنچا ہے۔ شہدا کے لواحقین کو صوبائی کی طرف سے 20،20 لاکھ روپے کے چیک فراہم کی جا چکی ہیں۔ مکانات، زرعی زمینوں، مال مویشیوں کے نقصانات کا تخمینہ لگانے کیلئے سروے جلد از جلد مکمل کیا جائیگا۔ کمشنر ملاکنڈ کا کہنا تھا کہ ضلع بونیر میں سب سے زیادہ جانی و مالی نقصانات ہوئی ہیں۔

غلط فیصلوں کا خمیازہ عوام بھگت رہی ہے' جے یو آئی (س)

بدقسمتی سے ملک میں سیاسی جماعتوں کی انا پرستی اور غیر سنجیدہ رویہ سے پارلیمنٹ کمزور ہو رہی ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا تو قیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ غلط فیصلوں کا خمیازہ عوام بھگت رہی ہے، ان فیصلوں سے نہ ملک میں سیاسی استحکام آئے گا اور نہ ہی ملک کو بحرانوں سے نجات ملے گی، بدقسمتی سے ملک میں سیاسی جماعتوں کی انا پرستی اور غیر سنجیدہ رویہ سے پارلیمنٹ کمزور ہو رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں عملاً سیاسی مارشلا نافذ ہے، ملک آئینی سیاسی اور معاشی بحران سے دوچار ہو رہا ہے، مداخلت سے ملک مزید آئینی بحران میں پھنستا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا استحکام، خودمختار پالیسیوں اور پارلیمنٹ کے آزادانہ فیصلوں کی بغیر ممکن نہیں، غلط فیصلوں سے نہ تو ملک میں سیاسی استحکام آئے گا اور نہ ہی ملک کو بحرانوں سے نجات ملے گا، حکمران جماعتوں نے ملک کی خودمختاری کو بھی داؤ پر لگا دیا ہے

راولپنڈی، صدر چیمبر آف کامرس کا خواتین کی ایس ایم ای ایز نمائش کے موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

(ن) لیگ نے ہمیشہ عوامی اعتماد کو خدمت کے ذریعے سراہا ہے' چودھری شہزاد نذیر سندھو

اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے ہماری کارکردگی، خدمت کے جذبے کا عملی ثبوت ہیں' مسلم لیگی رہنما

رائے ونڈ (این این آئی) چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی و مسلم لیگی رہنما چودھری شہزاد نذیر سندھو نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کا منشور ہمیشہ عوامی خدمت اور ترقی رہا ہے، آج جس طرح اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے عوام کی دہلیز پر پہنچائے جا رہے ہیں، یہ مسلم لیگ (ن) کی کارکردگی اور خدمت کے جذبے کا عملی ثبوت ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوامی اعتماد کو خدمت کے ذریعے سراہا ہے اور آنے والا وقت ثابت کرے گا کہ عوام کی ترقی اور خوشحالی صرف (ن) لیگ کی حکومت ہی یقینی بنا سکتی ہے۔ ہم اپنے قائدین میاں نواز شریف، شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں عوامی خوشحالی اور ترقی کے سفر کو جاری رکھیں گے۔ چودھری شہزاد نذیر سندھو نے کہا کہ قانون اشتہاریوں اور مفروروں کو پکڑنے کا پابند ہے، یہ کسی کی ذاتی خواہش نہیں بلکہ ریاستی ذمہ داری ہے۔ پنجاب میں مریم نواز کی قیادت میں قانون کی حکمرانی قائم ہے، یہ عمران خان کی حکومت نہیں جہاں طے کیا جاتا تھا کہ کس کو اٹھانا ہے اور کس کو چھوڑنا ہے۔ یہ مریم نواز کی حکومت ہے جہاں تمام ادارے آزاد اور خودمختار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت انصاف، قانون اور آئین کے دائرے میں رہ کر ہر قدم اٹھا رہی ہے اور کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا، جو افراد نو مئی کے مقدمات میں نامزد اور قانون کو مطلوب ہیں، ان کا جیل جانا ناگزیر ہے۔

جنید انوار چوہدری کا کراچی کی بندرگاہوں اور سمندری حیات کے تحفظ کیلئے حفاظتی اقدامات کے عزم کا اعادہ

آلودگی کو سمندر میں داخل ہونے اور سمندری ماحولیاتی نظام، ماہی گیری اور ساحلی برادریوں کے نقصان کو کم سے کم کیا جائے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری نے کراچی کی بندرگاہوں پر بار بار بارش کے بعد صفائی ستھرائی کے لیے حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد کرنے کا عہد کرتے ہوئے کہا ہے کہ آلودگی کو سمندر میں داخل ہونے اور سمندری ماحولیاتی نظام، ماہی گیری اور ساحلی برادریوں کے نقصان کو کم سے کم کیا جائے گا۔ وزارت بحری امور کے مطابق وفاقی وزیر کی ہدایت پر کراچی کی بندرگاہوں پر برتھوں، جیٹیوں اور نیوی گیشن چینلز سے کچرے کو صاف کرنے کے لیے پوسٹ رین کلین اپ مہم کا آغاز کیا گیا ہے تاکہ آلودگی کو سمندر میں جانے سے روکا جا سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جب بھی شہر میں شدید بارشیں ہوتی ہیں تو کراچی اور قاسم بندرگاہیں آلودگی سے بہت زیادہ متاثر ہوتی ہیں کیونکہ شہری نالوں سے نکلنے والا سیوریج، ٹھوس فضلہ، تیل کی باقیات اور غیر پراسیسڈ صنعتی فضلہ کراچی ہاربر اور کھلے سمندر میں جاتا ہے۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے ساتھ یہ چیلنج شدت اختیار کر رہا ہے جس کی وجہ سے مون سون کی شدید بارشیں ہو رہی ہیں۔ انہوں نے بارش کے بعد کی صفائی اور احتیاطی تدابیر پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر نے آلودگی پر قابو پانے کو ایک سماجی ذمہ داری قرار دیتے ہوئے کہا کہ نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ اور زمینی سطح پر اوزون کی بڑھتی ہوئی سطح سمندری ماحولیاتی نظام اور انسانی صحت دونوں کو خطرے میں ڈال رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ غیر مرئی گیسیں حیاتیاتی تنوع، خوراک کی حفاظت اور صحت عامہ کو مسلسل تباہ کر رہی ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ زیادہ تر آلودگی بندرگاہوں کے دائرہ اختیار سے باہر پڑی ہوئی ہے، کراچی کے نکاسی اور سیوریج کے نظام سے روزانہ تقریباً 450 ملین گیلن سیوریج اور 600 ملین گیلن صنعتی فضلہ سمندر میں جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شدید بارشوں کے دوران یہ زہریلا مواد شدت اختیار کرتا ہے جس سے ماحولیاتی اور صحت کے بحران میں اضافہ ہوتا ہے۔ جنید انوار چوہدری نے وضاحت کی کہ کراچی میں موسم گرما کی سمندری ہوائیں بحیرہ عرب کے ساتھ جنوب مغرب سے شمال مشرق کی طرف زیادہ آتی ہیں جو نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ اور اوزون سے صحت کے خطرات کو بڑھاتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تیرتے ہوئے پلاسٹک، تیل اور کیمیائی باقیات سے بھی سمندری غذا کو آلودہ کرنے اور ساحلی پانیوں کو آلودہ کر کے شدید خطرات لاحق ہیں

زرعی مداخل کے لئے کسان تک براہ راست سبسڈی پہنچائی جائے' ہمایوں اختر خان

ترقی اور وسائل کی تقسیم میں شہری اور دیہی علاقوں کی تفریق کو ختم کرنا ہوگا' سابق وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ زراعت ہماری معیشت کی بنیاد ہے اس لئے کسان اور زراعت دونوں پر غیر معمولی توجہ دینا ہوگی، زرعی مداخل کے لئے کسان تک براہ راست سبسڈی پہنچائی جائے، حلقے کی عوام کو دہائیوں کی محرومیوں سے چھٹکارا دلانا ہمارا عزم اور مشن ہے اس کے لئے دن رات ایک کر دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے دورے کے دوران مختلف مقامات پر مقامی لوگوں، علاقہ عمائدین اور کسانوں سے ملاقاتوں میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے گھروں میں بھی گئے اور اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کی۔ سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ترقی اور وسائل کی تقسیم میں شہری اور دیہی علاقوں کی تفریق کو ختم کرنا ہوگا،

راولپنڈی، ایک شخص گاہکوں کو متوجہ کرنے کے لیے مکئی بھوننے میں مصروف ہے

پاک فوج ہمارا فخر، پاک فوج کے شہدا ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، مرکزی چیئرمین محافظین اسلام و پاکستان

پاک فوج کے بارے میں غلط پراپیگنڈہ پھیلانے والے ملک اور قوم کے دشمن ہیں، پاکستانی قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے، گفتگو

صحبت پور کے عوام کے لئے اہم ترقیاتی منصوبوں کی منظوری

عوامی محرومیاں دور ہوں گی، بنیادی سہولیات دہلیز پر ملیں گی، بابے محمد علی کھوسہ

چھتر (یو این اے) ضلع کونسل صحبت پور کے چیئرمین بابے محمد علی کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ کی قیادت میں صحبت پور کے عوام کے لئے اہم ترقیاتی منصوبے منظور کیے گئے ہیں۔ ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی، پینے کے صاف پانی کی اسکیمیں اور صحت عامہ کے منصوبے شامل ہیں۔ چیئرمین ضلع کونسل نے کہا کہ صوبائی وزیر نے ہمیشہ عوامی مسائل کو ترجیح دی ہے اور ان منصوبوں کی تکمیل سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے اور خوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی کاموں کی بروقت اور معیاری تکمیل کے لئے خصوصی ہدایات دی گئی ہیں تاکہ وسائل ضائع نہ ہوں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میر سلیم احمد خان کھوسہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں یکساں ترقی پر یقین رکھتے ہیں اور کوئی علاقہ پسماندگی کا شکار نہیں رہے گا۔ عوام نے بھی ترقیاتی منصوبوں کی منظوری پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی وزیر کا شکریہ ادا کیا۔

گوادر، پانی اور بجلی کے بحران پر جی پی اے ہیڈ آفس میں اہم اجلاس

امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمٰن اور چیرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے فوری اقدامات کی ضرورت پر زور دیا

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور چیرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کی سربراہی میں پانی اور بجلی ...

ٹرانسمیشن لائنز صرف 80 میگاواٹ بجلی منتقل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ ایران سے ملنے والی بجلی دن کے اوقات میں 12 گھنٹے تک معطل رہتی ہے، جبکہ نیشنل گرڈ ...

لودھراں، منگنی توڑنے پر ملزم نے 2 خواتین کو قتل اور سابقہ منگیتر کو زخمی کر دیا

لودھراں (این این آئی) لودھراں میں منگنی توڑنے پر نالاں ملزم نے تیز دھار آلے کے وار کر کے 2 خواتین کو قتل اور سابقہ منگیتر کو زخمی کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جاں بحق ہونے والی خواتین کی شناخت عطا مائی اور نذیراں کی نام سے ہوئی، ریسکیو اہلکاروں نے لاشوں اور زخمی لڑکی کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔ علاقہ مکینوں نے ملزم احسن کو پکڑ کر پولیس کے ...

ایک لاکھ سے زائد غیر ملکی اور ملکی سیاحوں نے اس سال گلگت بلتستان کی سیاحت کا پروگرام کینسل کر دیا

گلگت (این این آئی) ایک لاکھ سے زائد غیر ملکی اور ملکی سیاحوں نے اس سال گلگت بلتستان کی سیاحت کا پروگرام کینسل کر دیا، ٹورزم انڈسٹری زمین بوس، سیاحت سے وابستہ مقامی افراد کو کروڑوں روپے کا نقصان، کلائمیٹ چینج، گلیشیر پھٹ گئے بادلوں میں گرج اور چمک باعث سیلاب کی وجہ سے موجودہ سال علاقے میں تاریخ کی بدترین جانی اور مالی تباہی، سیلابوں سے سڑکیں تباہ، دریا اور ندی نالوں کے قریبی سینکڑوں رہائشی گھر، لاکھوں قیمتی درخت اور ہزاروں کنال کاشت کی زمین سیلاب کے کیچڑ اور پتھروں کے نیچے دفن ہو چکے ہیں۔ ان خبروں کے بعد گلگت بلتستان کے ٹور پر آنے والے لاکھوں سیاحوں نے اپنا رخ کسی اور طرف کر لیا، سیاحت سے روزی روٹی کمانے والے مقامی لوگوں نے بنکوں اور مالیاتی اداروں سے بھاری شرح سود پر لاکھوں روپے قرض لے کر گلگت بلتستان کے سینکڑوں سیاحتی مقامات پر ہوٹل کرایہ پر لئے تھے اور ٹورسٹ سپاٹ بنا کر ان کو پرآسائش بنایا گیا تھا، ملازم رکھے تھے اشیائے خورد و نوش کا ذخیرہ کیا تھا، ان جگہوں پر گزشتہ دو مہینے دوران سیاحوں کی کوئی چہل پہل نہیں بلکہ ہو کا عالم ہے۔ سال 2025 میں سیلابوں نے جہاں مقامی آبادی کے بھرے پرے گھروں کے رہائشیوں کو کھلے آسمان تلے پہنچا دیا ہے و

نارووال، ریسکیو اہلکار حادثے میں جاں بحق ہونیوالے نوجوان کی لاش کو ہسپتال منتقل کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات کا مینگورہ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

سوات (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات محبّ اللہ خان یوسفزئی نے لیفٹیننٹ کرنل محمد عمران بٹ کے ہمراہ مینگورہ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریلیف و ہیومن رائٹس) سوات نعمت اللہ اور دیگر نمائندگان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات نے لیفٹیننٹ کرنل محمد عمران بٹ کو حالیہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری صفائی و ریلیف آپریشنز کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سوات، متعلقہ محکموں اور اداروں کے ساتھ مل کر متاثرہ علاقوں میں ملبہ ہٹانے، راستوں کی بحالی اور صفائی کے کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر جاری رکھے ہوئے ہے۔ مزید کہا گیا کہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ سماجی رضاکار بھی گھروں اور متاثرہ گلیوں کی صفائی میں سرگرم عمل ہیں

نجمن نیتن یاہو پر غزہ میں جنگ بندی کے لیے دباؤ میں اضافہ

جنگ بندی کے لیے اسرائیلی عوام نے وزیر اعظم یاہو کے گرد گھیرا تنگ کر دیا

تل ابیب (این این آئی) سرائیلی وزیر اعظم نجمن نیتن یاہو کو غزہ میں جنگ بندی اور قیدیوں کی رہائی کے لیے شدید عوامی دباؤ کا سامنا ہے۔ فوج کی جانب سے شہر غزہ پر قبضے کی تیاریوں سے قبل ہزاروں مظاہرین تل ابیب اور دیگر شہروں میں سڑکوں پر نکل آئے اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ حماس کے ساتھ معاہدہ کیا جائے۔ کئی مہینوں کی بالواسطہ مذاکراتی کوششوں کے باوجود اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کا کوئی نتیجہ سامنے نہیں آیا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق نیتن یاہو کی حکومت میں شامل انتہائی دائیں بازو کے وزرا کسی معاہدے کے سخت مخالف ہیں۔ وزیر خزانہ بزلیل سموٹریچ نے قیدیوں کے ... اہلِ خانہ سے کہا کہ اگر نیتن یاہو جنگ بندی پر راضی ہوئے تو وہ حکومت چھوڑ دیں گے۔ اسرائیلی اپوزیشن رہنما اور سابق وزیر دفاع بینی گینٹز نے ہفتے کو تجویز دی کہ فدا الاسری کے نام سے چھ ماہ کے لیے ایک قومی حکومت قائم کی جائے تاکہ معاہدہ ممکن ہو سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر نیتن یاہو اس پر راضی نہ ہوئے تو یہ واضح ہو جائے گا کہ ہر ممکن کوشش کر لی گئی۔ سیاسی مبصرین کے مطابق نیتن یاہو کے لیے یہ تجویز قبول کرنا مشکل ہے کیونکہ ان کا سیاسی وجود دائیں بازو کے اتحادیوں پر منحصر ہے۔ گینٹز کے مطابق اس عبوری حکومت کا پہلا مقصد غزہ میں موجود تمام 50 قیدیوں کی رہائی ہونا چاہیے۔

ایران نے مغرب کی ہدایات کی پالیسی کو مسترد کر دیا، آبنائے ہرمز پر پابندی لگانے کا عندیہ

مغربی ممالک ہمارے میزائل پروگرام پر پابندیاں عائد کرنا اور ہمیں طاقت کے تمام عناصر سے محروم کرنا چاہتے ہیں، ایرانی پارلیمان

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ نے اس بات کو مسترد کر دیا ہے جسے اس نے مغربی ہدایات کی پالیسی یا جوہری پروگرام سے دستبرداری قرار دیا۔ ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے ترجمان ابراہیم رضائی نے کہا کہ فرانس جوہری تنازعے سے آگے بڑھ رہا ہے اور ایران کے میزائل پروگرام پر پابندیاں لگانا چاہتا ہے۔ مغربی ممالک کی جانب سے ایران کو اس کی طاقت سے محروم کرنے کی کوششوں پر تنقید کی گئی۔ یہ ایسے وقت میں سامنے آیا جب ایران نے آج آبنائے ہرمز سے دشمنانہ بحری جہازوں کے گزرنے پر پابندیاں عائد کرنے کے امکان کا اشارہ دیا۔ ایرانی رہنما علی خامنہ ای کے نمائندے نے اخبار کو بتایا کہ خطرے اور جنگ کی صورتحال میں ملک کے مفادات اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے تمام قومی ذرائع استعمال کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بین الاقوامی معاہدوں کے مطابق آبنائے ہرمز ایران کے کنٹرول میں ہے جو دشمن کے بحری جہازوں کے گزرنے پر پابندیاں عائد کرنے کا امکان فراہم کرتا ہے۔ اس اقدام کا مطلب آبنائے کو مکمل طور پر بند کرنا نہیں بلکہ دشمنوں کے خلاف مخصوص پابندیاں لگانا ہے

عوامی اشتہارات

تلاش گمشدگی

میرا اصل قومی شناختی کارڈ 6 ماہ قبل دوران سفر کہیں گر کر گم ہو گیا ہے جس صاحب کو ملے، اس کو منسوخ سمجھا جائے۔ المشتہر۔ منیر احمد ولد چاکر قوم بلوچ
قومی شناختی کارڈ نمبر 52203-3229987-7
رابطہ 03367777306

اطلاع عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ میں نے ایک قطعہ اراضی جس کا پلاٹ نمبر (a)R-13 رقبہ 200 اسکوائر میٹر واقع رہائشی ایریا وائیٹ وندر ضلع لسبیلہ بنام جناب مراد ولد محمد ابراہیم سے خریدنے کا سودا طے کیا ہے جس کسی بھی ادارے، شخص، اشخاص، مالیاتی، غیر مالیاتی، سرکاری، نیم سرکاری، سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، پراپرٹی ٹیکس، ٹی اینڈ ٹی لیڈا اور بنک وغیرہ کو کوئی بھی اعتراض ہو وہ اس اشتہار کے سات یوم (7) کے اندر زیر دستخطی یا ایم ڈی لیڈا کے آفس میں تحریری ثبوت کے ساتھ پیش ہوں بصورت دیگر حسب ضابطہ مذکورہ پلاٹ / پراپرٹی کے ٹرانسفر کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس کے بعد کوئی دعویٰ قابل قبول نہیں ہوگا
المشتہر۔۔ عبد الستار ولد محمد ہاشم فون نمبر 0313-2643819

اطلاع عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ میں نے ایک قطعہ اراضی، پلاٹ نمبر BC-02 & BC-24 برقبہ 166.28 اسکوائر میٹر واضع سیکٹر C رہائشی / کمرشل ایریا ہائیٹ حب ضلع حب بنام جناب محمد رمضان ولد ...

اطلاع عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ میں نے ایک قطعہ اراضی، پلاٹ نمبر BC-03 & BC-25 برقبہ 166.28 اسکوائر میٹر ...

راولپنڈی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ڈاکٹر حسان طارق 12 ربیع الاول کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا الیکٹرک اور میٹرو بسوں کے روٹس و سٹاپز کی گوگل میپس کی موبائل ایپلی کیشن بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف ایف سی کے ساتھ ایم او یو بڑا سنگ میل ہے' ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن

اشتراک سے کاشتکاروں کو معیاری، تصدیق شدہ بیجوں کی باآسانی دستیابی ممکن ہو سکے گی، شبیر احمد خان

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مینجنگ ڈائریکٹر شبیر احمد خان نے کہا ہے کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن اور فوجی فرٹیلائزر کمپنی کے درمیان ایم او یو ایک سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس اشتراک سے کاشتکاروں کو معیاری اور تصدیق شدہ بیجوں کی وسیع پیمانے پر باآسانی دستیابی ممکن ہو سکے گی جس سے زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا، موثر مارکیٹنگ کے لئے جدید ٹولز کو بروئے کار لایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب سیڈ کارپوریشن خانیوال سنٹر کے دورہ کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مارکیٹنگ سمیت تمام شعبوں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گندم، تیل دار اجناس اور جو کے معیاری بیجوں کی فروخت، نرخوں، موثر مارکیٹنگ کی حکمت عملی اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مینجنگ ڈائریکٹر شبیر احمد خان نے بتایا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن اور فوجی فرٹیلائزر کمپنی کے مابین مفاہمتی یادداشت کے تحت پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ بیج فوجی فرٹیلائزر کمپنی کے سونا سیلز سینٹرز پر کاشتکاروں کو فروخت کیلئے دستیاب ہوں گے، یہ معاہدہ یقینی طور پر ایک بڑی کامیابی ہے، ہمیں مزید بہتری کے لئے پہلے سے بڑھ کر انفرادی اور اجتماعی کاوشیں کرنا ہوں گی۔

شورکوٹ WMC کی جانب سے مارکیٹس، پلازوں کے مالکان کو بل پہنچانا شروع

شورکوٹ (این این آئی) FWMC کی جانب سے مارکیٹس، پلازوں کے مالکان کو بل پہنچانا شروع ہو گئے، پہلے مرحلے میں کمرشل پراپرٹی مالکان کو بل دیے جا رہے ہیں۔ ستھرا پنجاب پروگرام آفیسر محمد عثمان ندیم نے بتایا کہ اب تک 7000 بل صارفین کو پہنچ چکے ہیں، اگلے مرحلے میں گھر مالکان کو بھی بل ادا کرنے ہوں گے 5 مرلہ گھر کیلئے 300 روپے، 5 مرلہ سے 10 مرلہ تک گھر کیلئے 500 روپے، 10 سے 20 مرلہ کیلئے 1000 روپے ادا کرنا ہوں گے

لاہور، صوبائی وزراء شافع حسین، بلال یاسین قومی کانفرنس کے شرکاء میں سوینئر تقسیم کر رہے ہیں

جمعیت اہلحدیث پاکستان نے سیلاب زدہ علاقوں کیلئے امدادی سامان کی کھیپ روانہ کر دی

لاہور (این این آئی) جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ، کشمیر کے سیلاب زدہ علاقوں کے لیے جمعیت اہلحدیث پاکستان، اہلحدیث یوتھ فورس اور تحریک طلباء اہلحدیث پاکستان کی طرف سے ایک بڑے امدادی سامان کے ہمراہ قافلہ روانہ کر دیا گیا۔ امدادی سامان میں ادویات، نقد امداد، خشک راشن، کھانے پینے کے سامان سمیت ریلیف کا بڑا ذخیرہ شامل ہے۔ علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا

فرض شناس افسران پورے خطے کے لیے فخر کا باعث ہے، سردار عامر الطاف

ڈی ایس پی جبین کوثر کو آزاد کشمیر کی پہلی خاتون پولیس آفیسر کے طور پر اعزاز ملنا ایک تاریخی لمحہ ہے

راولا کوٹ (این این آئی) آزاد کشمیر کی بیوروکریسی میں شفافیت خدمت خلق اور فرض شناسی کے اعلیٰ ترین مظاہرہ کرنے والے افسران کے لیے اہم قومی اعزازات مرکزی رہنما و وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن سردار عامر الطاف خان کا افسران کو خراج تحسین پیش مبارکباد پیش کی اور ان کی خدمات کو سراہا۔ سردار عامر الطاف نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا کہ آزاد کشمیر کی بیوروکریسی میں موجود قابل باصلاحیت اور عوام دوست افسران کی کارکردگی نہ صرف قابلِ تقلید ہے بلکہ پورے خطے کے لیے فخر کا باعث ہے کمشنر راولاکوٹ سردار مسعود خان، اسسٹنٹ کمشنر ہجیرہ ولید انور ولید، آزاد کشمیر کی پہلی خاتون ڈی ایس پی جبین کوثر اور ایم ایس ڈاکٹر عامر کو ان کی غیر معمولی خدمات پر تمغہ امتیاز اور دیگر اعزازات ملنے پر دلی طور پر مبارکباد دی۔ سردار عامر الطاف نے کہا کہ ایسے اعزازات دراصل ان قربانیوں محنتوں اور خلوص کا صلہ ہیں جو یہ افسران برسوں سے انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا یہ اعزازات صرف شخصیات کی نہیں بلکہ اداروں کی عزت اور عوامی اعتماد کی علامت ہوتے ہیں یہ افسران معاشرے کے لیے باعثِ فخر ہیں اور ہماری نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتے ہیں

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Usta Muhammad at invites sealed percentage Basis on Prevailing Market rates up-to-date /Govt: of Balochistan from interested Contractors and Manufacturing Firms for the year 2026-27 work mentioned below :- Tender Fee 1500/-

S.#	NAME OF WORK/s	E / COST	BID SECURITY 2% (in Shape of CDR)	TIME LIMIT
1	REPAIR AND MAINTANANCE FOR VARIOUS WATER SUPPLY SCHEMES DISTRICT USTA MUHAMMAD TSE-2627081174783	7.441	150,000/-	30.06.2027

Procurements shall be made under B-PPRA Rules 2014 amended up-to-date. **Eligibility of Bidders:-** The contractor/firm must have registration with Tax authorities i.e. BRA, GST & FBR Sales tax department, valid registration with Pakistan Engineering Council **(PEC)** in Category CE09 who have renovated up to the year, 2026-27. If the contractor's/ firm's representative will participate in the tender then the representative must have the original authority issued by the contractor/firm in his name on judicial stamp paper. **Eligibility Criteria :-** Minimum Three (03) assignment of value not less than of estimated cost and Turnover of value not less than (70%) of estimated cost & the Contractor has not been blacklisted earlier by any Procurement Agency or private organization. **Method of Procurement:-** Single stage, Two envelope. **Bid Security:-** The bids must accompany Bid Security in the form of **Call Deposit** of amount specified above in the name of undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents :-** The bidding & BOQ documents can be download from B-PPRA website tender fee (non refundable) (amount mentioned above) **through Green Challan C0-2726-2 PHED (Revenue Receipt) deposited in National Bank of Pakistan also submitted BPPRA Challan Issuance of Tender Documents:-** Tender forms/documents will be issued to the contractor/firm on publication of Notice on authority Website on presentation of requisite documents. **Last date for submission** :- The tender should be submitted on **08.09.2026** till 11:00 P.M. **Tender Opening :-** envelope containing technical bid will be opened on **8th September -2026** at 12:00 PM & 2nd envelope containing financial bid of technically qualified bidder will opened later, financial proposal of technically non-qualified bidders will not be opened and thus will be unopened (In case of public holiday announced by the Government (due to any reason), the tender will be opened the next working day at the same time and venue). Tender committee reserves the right to change the quantities or cancel/reject any or all offers without assigning any reason. **Bids Validity**: Ninety (90) days **Address:- The Tender opening process will be held at Office of The Executive Engineer PHED Usta Muhammad. Contact No.0333-7868808 Email** phe.ustamuhammad@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
PUBLIC HEALTH ENGINEERING
DIVISION USTA MUHAMMAD

DPRQ/PRQ No.997/24-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The SP/ DISTRICT POLICE OFFICER JAFFARABAD invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627081174022 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee 500 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Transportation and Storage and Mail Services (Total Item(s) Count: 17)	35,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 1,750,000 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.1,750,000 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Submission of the required Bidding document Fee Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as ineligible and non-responsive JV is not permissible **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 35,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 07 September, 2026till 10:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:30 AM on EPPS System Address: SSP Office jaffarabad

Phone no: 0838510089Fax no: 0838510497
Email: dpojaffarabad14@gmail.com

SENIOR SUPERINTENDENT OF POLICE JAFFARABAD

DPRQ/PRQNo.980/24-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

THE EXECUTIVE ENGINEER (Roads), CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT KHARAN Invites bids from eligible Bidders for execution of following works for the year 2026 based on composite schedule rates 2023 on Percentage Rates.

S. No	Name of Work's	Estimated Cost	Tender Fee	Bid Security
	CONSTRUCTION OF BLACK TOPPING OF DIFFERENT FARM TO MARKET ROADS OF DISTRICT KHARAN PSPDP NO. 1339/Z2026 .1432 (2026-27)			
1	Construction of Black Top Road from Gazzi to Jamak Phase-II District Kharan **TSE-2627081175193**	80,992,985	1,500 PKR	2%
2	Construction of Black Top Road from Killi Trati to Bangulzai Cross Via Killi Pindokzai District Kharan **TSE-2627081175043**	54,067,798	1,000 PKR	2%
3	Construction of BT Road from Killi Purpet to Killi Rahcheel-II District Kharan **TSE-2627081175253**	39,462,401	1,000 PKR	2%
4	Construction of Black Top Road from Killi Syed Shah Ahmed Noroz Abad to TT Road District Kharan **TSE-2627081175283**	44,959,220	1,000 PKR	2%

Procurement shall be made under the Balochistan Public Procurement Rule-2014 **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 03 Assignment of similar nature of work Turn over of least 56,695,089 PKR, 37,847,458 PKR, 27,623,680 PKR, 31,471,454 PKR Amount in 2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 Million) & C-5 and above (Upto 65 Million) in Relevant Category & Specialized Code is CE01(i) (Road & Pavements Drainage & Retaining Structure. Registration with PEC for the year 2026-27 Green Challan or Tender fee Black listing certificate declaration of judicial stamp paper 03 similar nature assignment required 02 similar nature assignment required **Procedure of Procurements:** Single Stage Two envelope bidding procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.org.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **10 September, 2026** till **10:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **11:00 AM on EPPS System Address:** Office of The Executive Engineer Roads, Communication Works PP&H Department Kharan **Phone no:** 0847510874 **Email:** eeroadskharan@gmail.com

Executive Engineer (Roads),
CW PP&H Department
District Kharan

DPRQ/PRQ No.988/24-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون وفیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

SPORTS سپورٹس

یو ایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا آج سے آغاز

میگا ایونٹ ہارڈ کورٹ پر کھیلا جائے گا جس میں دنیائے ٹینس کے نامور کھلاڑی ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں نظر آئیں گے

نیویارک (این این آئی) رواں برس کے چوتھے اور آخری گرینڈ سلام یو ایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا 145 واں ایڈیشن 25 اگست سے امریکی شہر نیویارک میں شروع ہوگا۔ میگا ایونٹ کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریاں عروج پر ہیں۔ میگا ایونٹ ہارڈ کورٹ پر کھیلا جائے گا جس میں دنیائے ٹینس کے نامور کھلاڑی ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں نظر آئیں گے۔ میگا ایونٹ میں مینز سنگلز، ویمنز سنگلز، مینز ڈبلز ویمنز ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز سمیت دیگر مقابلے ہوں گے۔ اٹلی کے بین الاقوامی شہرہ آفاق ٹینس اسٹار اور عالمی نمبر ون جینک سنر نے گزشتہ یو ایس اوپن مینز سنگلز ٹائٹل اپنے نام کیا تھا، یوں وہ میگا ایونٹ کے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے دفاعی چیمپئن ہیں۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں میں بیلا روس کی نامور ٹینس اسٹار اور عالمی نمبر ون آرینا سبالینکا اپنے اعزاز کا دفاع کریں گی۔ اسی طرح مینز ڈبلز مقابلوں میں میکس پورسل اور ان کے ہم وطن جوڑی دار اردن تھامسن پر مشتمل آسٹریلوی جوڑی اپنے اعزاز کے دفاع کے لئے کوشاں ہوگی۔ ویمنز ڈبلز مقابلوں میں یوکرین کی ٹینس کھلاڑی لیوڈمیلا کیچینوک اور ان کی لٹویا کی جوڑی دار جیلینا اوستاپینکو اپنے ٹائٹل کے دفاع کے لئے پنجہ آزمائی کریں گی۔ مکسڈ ڈبلز مقابلوں میں اٹلی کی ٹینس کھلاڑی سارہ ایرانی اور ان کی ہم وطن جوڑی اینڈریا واواسوری پر مشتمل اٹلی کی جوڑی اپنے اعزاز کا دفاع کرے گی۔

جوکووچ کا گرینڈ سلیم ایونٹس کی انعامی رقم بڑھانے کا مطالبہ

میرے خیال میں اس لحاظ سے بہتری کی ابھی بہت زیادہ گنجائش ہے، ٹینس سٹار

کراچی (این این آئی) سربین ٹینس اسٹار نوواک جوکووچ نے گرینڈ سلیم ایونٹس کی انعامی رقم میں مزید اضافے کا مطالبہ کردیا۔ ریکارڈ 24 گرینڈ سلیم سنگلز ٹائٹل جیتنے والے نوواک جوکووچ کا خیال ہے کہ چاروں گرینڈ سلیمز میں کھلاڑیوں کو دی جانے والی انعامی رقم میں بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ جوکووچ کا کہنا تھا کہ چاہے یہ ہمارے لیے ایک مثالی صورت حال ہو، لیکن مجھے لگتا ہے کہ مجموعی طور پر ایسا نہیں ہے۔ میرے خیال میں اس لحاظ سے بہتری کی ابھی بہت زیادہ گنجائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ظاہر ہے یہ دیکھنا ہمیشہ اچھا اور مثبت ہوتا ہے کہ گرینڈ سلیمز انتظامیہ تمام کھلاڑیوں کے لیے مجموعی طور پر انعامی رقم کو بہتر بنانے کے لیے تیار ہیں۔ خیال رہے کہ ٹورنامنٹ کی انعامی رقم رواں سال ایک متنازعہ مسئلہ رہا ہے۔ سرفہرست 20 مردوں اور خواتین کھلاڑیوں نے ایک خط پر دستخط کیے جس میں گرینڈ سلیم ایونٹس کی انتظامیہ سے زیادہ آمدنی کا مطالبہ کیا گیا۔ واضح رہے کہ ہر سال چار گرینڈ سلیم ایونٹ آسٹریلین اوپن، فرنچ اوپن، ومبلڈن اور یو ایس اوپن کھیلے جاتے ہیں۔

پی ایس ایل کے 10 سالوں پر ڈاکومنٹری بنانے کا فیصلہ

یہ دستاویزی فلم پی ایس ایل کے اتار چڑھاؤ اور کامیابیوں پر مبنی ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 سالوں پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ڈاکومنٹری بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ایل کے 10 سالوں پر جدید عالمی معیار کی دستاویزی فلم بنائی جائے گی، یہ دستاویزی فلم پی ایس ایل کے 2016ء سے 2025ء تک کے سفر کے اتار چڑھاؤ اور کامیابیوں پر مبنی ہوگی۔ اس میں پی ایس ایل کی دبئی سے پاکستان منتقلی اور غیر ملکی کھلاڑیوں کو لانے جیسے چیلنجز پر بات ہوگی جبکہ کورونا وائرس کے دنوں میں پی ایس ایل کو درپیش چیلنجز اور ان مقابلوں کا بھی خصوصی ذکر کیا جائے گا۔ دستاویزی فلم میں پی ایس ایل دنیا کی بڑی لیگوں میں ٹاپ پر کیسے آئی اس کا سارا خلاصہ کیا جائے گا۔

کینیڈا، سی پی کے سی ویمن گالف ٹورنامنٹ میں تھائی لینڈ کی پجاری انانروکارن شاٹ کھیل رہی ہیں

معروف کرکٹر اور سابق کپتان محمد یوسف کی 51ویں سالگرہ 27 اگست کو منائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) معروف کرکٹر اور سابق کپتان محمد یوسف کی 51ویں سالگرہ 27 اگست کو منائی جائے گی۔ محمد یوسف 27 اگست 1974 کو لاہور میں پیدا ہوئے ان کا پرانا نام یوسف یوحنا تھا لیکن پھر دین اسلام کی تعلیمات سے متاثر ہو کر وہ سال 2005 میں حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔ محمد یوسف نے 1998 میں یوسف یوحنا کے نام سے انٹرنیشنل کرکٹ کیریئر کا آغاز کیا انہوں نے 2005 میں اسلام قبول کیا جس کے بعد ان پر فتوحات اور شہرت کے دروازے وا ہوتے گئے۔ محمد یوسف نے 88 ٹیسٹ میچوں میں 7431 رنز بنائے جن میں 24 سنچریاں اور 32 نصف سنچریاں شامل ہیں۔ انہوں نے 282 ون ڈے میچوں میں 9624 رنز بنائے جن میں 15 سنچریاں اور 64 نصف سنچریاں شامل ہیں۔ 10 مارچ 2010 کو محمد یونس اور محمد یوسف پر باہمی اختلافات سے قومی کرکٹ ٹیم کو نقصان پہنچانے کے جرم میں غیر معینہ کیلئے پابندی عائد کردی گئی۔ محمد یوسف نے مارچ 2010 کو ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نے جنوبی افریقہ کیخلاف ویمز سیریز میچ آفیشلز کا اعلان کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے جنوبی افریقہ کیخلاف ویمز سیریز میچ آفیشلز کا اعلان کردیا ہے، پاکستانی امپائر سلیمہ امتیاز پہلی بار دوطرفہ ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں امپائرنگ کریں گی۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ ویمنز ون ڈے سیریز 16 سے 22 ستمبر تک لاہور میں کھیلی جائے گی۔ آسٹریلیا کی کلیئر پولوسیک سیریز میں ایمپائرنگ کی ذمہ داری سرانجام دیں گی۔ ہمیرہ فراح سیریز کیلئے ریزرو امپائر نامزد ہیں۔ طارق رشید آن فیلڈ امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گے۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر علی نقوی بطور میچ ریفری ذمہ داریاں نبھائیں گے۔

بنگلادیش نے ایشیا کپ کیلئے اسکواڈ کا اعلان کردیا

لٹن داس کپتان، 13 ستمبر کو سری لنکا اور 16 ستمبر کو افغانستان کیساتھ مدمقابل ہوگی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) نے نیدرلینڈز کے خلاف ہوم ٹی ٹوئنٹی سیریز اور ایشیا کپ 2025 کے لیے 16 رکنی اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ لٹن داس کو ٹیم کی قیادت سونپی گئی ہے۔ بنگلادیش اور نیدرلینڈز کے درمیان تین میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز 30 اگست سے 3 ستمبر تک ڈھاکا میں کھیلی جائے گی۔ دوسری جانب ایشیا کپ 9 سے 28 ستمبر تک متحدہ عرب امارات میں ہوگا، جہاں بنگلادیش کو گروپ بی میں رکھا گیا ہے۔ ٹیم اپنا پہلا میچ 11 ستمبر کو ہانگ کانگ کے خلاف کھیلے گی، اس کے بعد 13 ستمبر کو سری لنکا اور 16 ستمبر کو افغانستان کے ساتھ مدمقابل ہوگی۔ بنگلادیشی اسکواڈ میں لٹن داس (کپتان)، تنزید حسن، پرویز حسین، سیف حسن، توحید ہری دوئے، جاکر علی، شمیم حسین، قاضی نورالحسن، مہدی حسن، ریشاد حسین، ناصم احمد، مستفیض الرحمان، تنزیم حسن، تسکین احمد، شرفل اسلام اور سیف الدین شامل ہیں۔

آسٹریلیا، این آر ایل راؤنڈ 25 میں سٹارم اور بل ڈاگز کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

میلبرن اسٹارز کا پاکستانی شائقین کیلئے اسٹینڈ بنانے کا اعلان

اقدام سے پاکستانی کلچر، کھانے اور موسیقی کے ذریعے ایک منفرد ماحول بنایا جائیگا

میلبرن (این این آئی) بگ بیش لیگ کی فرنچائز میلبرن اسٹارز نے پاکستانی شائقین کے لیے ایم سی جی میں خصوصی اسٹینڈ قائم کرنے کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق خصوصی اسٹینڈ کو میلبرن اسٹارز کی نمائندگی کرنے والے پاکستانی فاسٹ بولر حارث رؤف کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ میلبرن کرکٹ اسٹیڈیم میں قائم ہونے والے خصوصی اسٹینڈ کو ہاؤس آف رؤف کا نام دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ پاکستانی شائقین اور جنوبی ایشیائی کمیونٹی کو کھیل سے جوڑنے کے لیے کیا گیا ہے اور اس کے لیے حارث رؤف کو مرکزی ایمبیسیڈر مقرر کیا گیا ہے۔ حارث رؤف 2019 سے میلبرن اسٹارز کے ساتھ منسلک ہیں۔ وہ اب تک ایونٹ کے 22 میچز میں 36 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔ میلبرن اسٹارز کے جنرل منیجر میکس ایبٹ نے کہا کہ اس اقدام سے پاکستانی کلچر، کھانے اور موسیقی کے ذریعے ایک منفرد ماحول بنایا جائے گا، یہ کرکٹ آسٹریلیا کے ”ملٹی کلچرل ایکشن پلان“ کا حصہ ہے۔ یاد رہے کہ بگ بیش لیگ کا آغاز 14 دسمبر کو ہوگا، میلبرن اسٹارز 18 دسمبر کو ہوبارٹ ہریکینز کے خلاف اپنی مہم شروع کرے گی۔

لیڈز، اوول انونسیبلز اور نادرن سپر چارجرز کی خواتین کے ٹی ٹوئنٹی میچ کے دوران میری زین کے آؤٹ ہونے کا منظر

لوگ باتیں ضرور کرتے ہیں مگر حقیقت برعکس ہے، شاہین شاہ

بابر اعظم اور محمد رضوان ملکی کرکٹ کا اثاثہ، شاہین نے اختلافات کی تردید کردی

لاہور (این این آئی) شاہین آفریدی نے ٹیم میں اختلافات کی افواہوں کو مسترد کر دیا، ان کے مطابق بابر اور رضوان ملکی کرکٹ کا اثاثہ ہیں لیکن نوجوانوں کو بھی سپورٹ کرنا چاہیے۔ پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو انٹرویو میں شاہین آفریدی نے ٹیم میں اختلافات کے حوالے سے پھیلائی جانے والی افواہوں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ باہر سے لوگ باتیں ضرور کرتے ہیں مگر حقیقت برعکس ہے، جیسے کسی خاندان میں معمولی باتیں ہو جاتی ہیں ویسے ہی ٹیم میں بھی ہو سکتی ہیں، البتہ ہم سب کا اصل مقصد پاکستان کے لیے کرکٹ کھیلنا اور ہم وطنوں کو خوشی دینا ہے، باقی معاملات ذاتی آراء ہیں ان کا احترام ہونا چاہیے۔ بابر اعظم اور محمد رضوان پاکستان کرکٹ کا اثاثہ ہیں تاہم نئے کھلاڑیوں پر اعتماد کر کے ہی ٹیم کو مستقبل کے لیے مضبوط بنایا جاسکتا ہے، اگر ہم نوجوانوں پر تنقید کے بجائے اعتماد ظاہر کریں تو یہ ہمارے لیے فائدہ مند ہوگا۔ یہ بھی پاکستان کے کھلاڑی ہیں اور انھیں آگے لے کر جانا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ٹرائنگولر سیریز ایشیا کپ سے قبل قومی ٹیم کو بہترین تیاری کا موقع فراہم کرے گی، کیمپ میں دوسرے دن کی تیاری اطمینان بخش رہی، جمعرات کی شب کھلاڑیوں نے بھرپور پریکٹس کی جبکہ جمعے کو دبئی اسٹیڈیم میں سیشن اور وارم اپ میچ ہوا، جس سے کھلاڑیوں کے اعتماد اور فٹنس دونوں میں بہتری آگئی، یہ تیاریاں ٹرائنگولر سیریز اور ایشیا کپ میں ٹیم کے لیے مفید ثابت ہوں گی۔ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کسی بھی ٹیم کے لیے آسان نہیں ہوتی تاہم پاکستان کے پاس موجود نوجوان کھلاڑی پوری طرح تیار اور بہترین کارکردگی دکھانے کے لیے پُرعزم ہیں۔

عمر اکمل کے لیے نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے دروازے کھل گئے

ویب سائٹ ’ایکس‘ پر اکیڈمی میں ٹریننگ کی ویڈیو شیئر کردی، عاقب جاوید کا شکریہ

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر عمر اکمل کے لیے نیشنل کرکٹ اکیڈمی (این سی اے) کے دروازے کھل گئے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ’ایکس‘ پر عمر اکمل نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں ٹریننگ کی ویڈیو شیئر کردی۔ انہوں نے کیپشن میں ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس سینٹر عاقب جاوید کا شکریہ ادا کیا۔

برازیل، پالمیراس اور یونیورسٹی ٹاریو کے مابین فٹ بال میچ کا منظر

ڈبلیو ڈبلیو ای کے ریکارڈ 17 بار کے چیمپئن جان سینا کے ریسلنگ کیریئر کی آخری فائٹ کی تاریخ کا اعلان

نیویارک (این این آئی) ڈبلیو ڈبلیو ای کے ریکارڈ 17 بار کے چیمپئن جان سینا کے ریسلنگ کیریئر کی آخری فائٹ کی تاریخ کا اعلان ہوگیا۔ یہ اعلان ڈبلیو ڈبلیو ای اور این بی سی کے اسٹریمنگ پلیٹ فارم، پی کاک کے درمیان ایک نئے معاہدے کے بعد کیا گیا۔ معاہدے کے تحت اب ہفتہ کی رات کا مین ایونٹ سال میں چار بار نشر کیا جائے گا۔ اگلے دو اسپیشل ایونٹ یکم نومبر اور 13 دسمبر کو شیڈول ہیں۔ 13 دسمبر کے ایونٹ میں جان سینا آخری مرتبہ رنگ میں اتریں گے۔ یاد رہے کہ جان سینا نے گزشتہ سال اعلان کیا تھا کہ 2025 رنگ میں ان کا آخری سال ہوگا۔

کیڈٹ نیشنل ریسلنگ چیمپئن شپ 2025 آج پہلوانوں کے شہر گوجرانوالہ میں منعقد ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریسلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام اور ڈویژنل اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے کیڈٹ نیشنل ریسلنگ چیمپئن شپ 2025 (آج) اتوار کو ریسلنگ کمپلیکس (اکھاڑہ انعام بٹ)، شیخوپورہ موڑ، پہلوانوں کے شہر، گجرانوالہ میں منعقد ہوگی۔ گزشتہ روز پاکستان ریسلنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل انعام بٹ نے بتایا کہ ملکی تاریخ میں ایسا ایونٹ پہلی مرتبہ منعقد ہو رہا ہے اور چیمپئن شپ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں جس میں ملک بھر سے سو سے زیادہ پہلوان حصہ لیں گے۔ پہلوان 30 کلو سے لے کر 125 کلو تک مختلف ویٹ کیٹیگریز کے مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ مقابلوں کا آغاز صبح 11 بجے شروع جبکہ فائنل راؤنڈ اور انعامی تقریب شام 4 سے 5 بجے کے درمیان منعقد ہوگی۔ چیمپئن شپ میں جیتنے والے پہلوانوں کو کیش پرائز، میڈلز اور اسناد تقسیم کی جائینگی۔ شاندار کارکردگی دکھانے والے پہلوانوں کو انٹرنیشنل مقابلوں میں نمائندگی کا موقع بھی فراہم کیا جائے گا۔

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون وفیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

SHOWBIZ شوبز

ڈرامے میں دانش تیمور کی ہیروئن نہ سہی ماں ہی بنادو، عتیقہ اوڈھو

بڑی عمر کی خاتون اور جوان لڑکے کی عشق کی کہانی تو ہوتی ہی ہیں، گفتگو

اسلام آباد (شوبز ڈیسک) سینئر اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے ایک بار پھر اپنی حسِ مزاح سے سب کو ہنسنے پر مجبور کردیا۔ نجی ٹی وی کے ایک شو میں دانش تیمور کی وجاہت کی تعریف کرتے ہوئے عتیقہ اوڈھو نے کہا کہ وہ ہر نسل کا کرش ہے۔ وہ میری والدہ کا بھی کرش ہے۔ عتیقہ اوڈھو نے مذاقاً کہا کہ اگر کوئی مجھے کسی ڈرامے میں دانش کی ہیروئن ہی بنادے۔ بڑی عمر کی خاتون اور جوان لڑکے کی عشق کی کہانی تو ہوتی ہیں۔ اگر مجھے دانش کی ہیروئن نہیں بنا رہے ہیں تو مجھے دانش کی ماں ہی بنادیں۔ گفتگو کے دوران نادیہ خان اور مرینہ خان بھی موجود تھیں، جنہوں نے عتیقہ اوڈھو کی بات پر قہقہے لگائے۔ مرینہ خان نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ اگر دانش تیمور اور عتیقہ اوڈھو کی رومانوی جوڑی ڈرامے میں دکھائی گئی تو طوفان آجائے گا۔

سنیتا آہوجا گووندا سے طلاق کیلئے عدالت پہنچ گئیں

سنگین الزامات بھی لگائے، غیر ازدواجی تعلق، حق تلفی اور بے وفائی شامل



اسلام آباد (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے سپر اسٹار گووندا کی اہلیہ نے شادی کے 38 سال بعد اداکار سے طلاق لینے کے لیے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سنیتا آہوجا نے گووندا کے خلاف ہندو میرج ایکٹ 1955 کی مختلف دفعات کے تحت باندرہ فیملی کورٹ میں طلاق کی درخواست دائر کی۔ سنیتا آہوجا نے مبینہ طور پر سنگین الزامات بھی لگائے ہیں جن میں غیر ازدواجی تعلق، حق تلفی اور بے وفائی شامل ہیں۔ بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا کہ طلاق کا مقدمہ دسمبر 2024 میں دائر کیا گیا تھا جس پر عدالت نے گووندا کو 25 مئی کو طلب کیا تھا۔ اداکار کی اہلیہ وقت کی پابندی کے ساتھ عدالت میں پیش ہوتی رہیں لیکن گووندا مسلسل غیر حاضر رہے ہیں۔ عدالت کی جانب سے بار بار نوٹس کے باوجود گووندا نہ تو سماعتوں میں حاضر ہوئے اور نہ ہی کاؤنسلنگ سیشنز میں شریک ہوئے۔ عدالت رواں برس جون سے دونوں کے درمیان معاملات طے کرنے کی کوشش کر رہی ہے لیکن گووندا کی عدم دلچسپی کے باعث ایسا نہ ہو پایا۔

معروف افسانہ نگار، نثر نگار و مصنف اشفاق احمد کی 21ویں برسی 7 ستمبر کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) پرائیڈ آف پرفارمنس، ستارہ امتیاز پانے والے اردو کے معروف افسانہ نگار، نثر نگار و مصنف اشفاق احمد کی 21ویں برسی 7 ستمبر کو منائی جائے گی۔ اس موقع پر مختلف شہروں میں خصوصی تعزیتی تقریبات، ریفرنسز، کانفرنسز، سیمینارز اور دیگر تقریبات کا بھی انعقاد کیا جائے گا جن میں اشفاق احمد مرحوم کی اردو ادب کے حوالے سے طویل خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اس دن کی مناسبت سے قرآن خوانی کی محافل بھی منعقد کی جائیں گی اور مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی جائے گی۔ افسانہ نگار و نثر نگار، مصنف، ریڈیو پاکستان کے مشہور کردار تلقین شاہ سے شہرت حاصل کرنے والے اشفاق احمد 22 اگست 1925 کو پیدا ہوئے انہوں نے لاہور کے علاوہ اٹلی، فرانس اور نیویارک کی یونیورسٹیوں سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ اشفاق احمد کا شمار سعادت حسن منٹو اور کرشن چندر کے بعد ادبی افق پر نمایاں رہنے والے افسانہ نگاروں میں ہوتا ہے، انہوں نے اپنے ایک مشہور افسانے گڈریا سے غیر معمولی شہرت حاصل کی اس کے علاوہ ایک محبت سو افسانے، من چلے کا سودا، سفر در سفر، کھیل کہانی، طوطا کہانی اور دیگر ان کی معروف تصانیف ہیں۔ اشفاق احمد نے زندگی کا بیشتر حصہ ریڈیو پاکستان میں گزارا انہوں نے 1965 میں ریڈیو پاکستان لاہور سے ایک فیچر پروگرام کا آغاز کیا جس کا اہم ترین کردار تلقین شاہ اشفاق نے ادا کیا عوام کو تلقین شاہ کا مخصوص لہجہ اور دھیمہ پن ملک کے دور دراز قصبات اور دیہاتوں میں آج بھی یاد کیا جاتا ہے۔ انہیں پرائڈ آف پرفارمنس اور ستارہ امتیاز کے ایوارڈز سے نوازا گیا۔ اردو ادب کا یہ عظیم افسانہ نگار 7 ستمبر 2004 کو 79 برس کی عمر میں اس دنیا سے ہمیشہ کیلئے رخصت ہوگیا۔

پاکستان کے مزاحیہ اداکار جمشید انصاری کی 20ویں برسی آج منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) ٹی وی کے معروف مزاحیہ اداکار جمشید انصاری کی 20ویں برسی (آج) 24 اگست کو منائی جائے گی۔ جمشید انصاری 31 دسمبر 1942 کو بھارت کے شہر سہارن پور میں پیدا ہوئے، وہ چھ برس کے تھے کہ ان کا خاندان بھارت سے ہجرت کر کے کراچی منتقل ہوگیا۔ وہ گریجویشن کرنے کے بعد برطانیہ چلے گئے جہاں انہوں نے کچھ عرصہ برطانوی نشریاتی ادارے میں کام کیا اور ٹی وی پروڈکشن کے کورسز بھی کیے۔ 1968 میں وطن واپس آکر انہوں نے ٹی وی ڈراموں میں کام شروع کردیا اور اپنے کیریئر کا آغاز ڈرامہ جھروکے سے کیا۔ انہوں نے کیریئر میں دو سو کے قریب ٹی وی ڈراموں اور فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ جمشید انصاری نے ٹیلی ویژن کے ڈراموں، انکل عرفی، تنہائیاں، زیر زبر پیش، منزلیں، افشاں، ہمارے گھر میں اور دیگر میں بہترین اداکاری سے لوگوں کے دل جیت لیے۔

علیزے شاہ نے منسا ملک کیخلاف ہتکِ عزت کا مقدمہ دائر کردیا

منسا ملک کی جانب سے مجھے اب بھی قتل کی دھمکیاں دی جارہی ہیں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) اداکارہ علیزے شاہ اور منسا ملک کے درمیان جاری تنازع نے نیا رخ اختیار کرلیا ہے، علیزے شاہ نے منسا ملک کے خلاف کردار کشی اور جھوٹے الزامات کے باعث ہتکِ عزت کا مقدمہ دائر کردیا ہے۔ مقدمے میں مقف اختیار کیا گیا ہے کہ منسا ملک نے عوام کو گمراہ کرنے اور جھوٹی معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ علیزے شاہ کی کردار کشی کی، جس سے ان کی عوامی ساکھ کو نقصان پہنچا۔ علیزے شاہ نے انسٹاگرام پر قانونی نوٹس کی تصاویر بھی شیئر کیں، جن میں انہوں نے منسا ملک سے 48 گھنٹوں میں معافی مانگنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اداکارہ کی جانب سے بھیجے گئے قانونی نوٹس میں منسا ملک کو بتایا گیا ہے کہ انہوں نے جعلی ویڈیوز کے ذریعے علیزے شاہ کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، ان کے لیے غلط الفاظ استعمال کیے اور انہیں تھپڑ بھی مارا۔ نوٹس میں منسا ملک سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ عوامی سطح پر علیزے شاہ سے معافی مانگیں اور اب تک سوشل میڈیا پر ان کی بدنامی کے لیے جو کچھ بھی شیئر کیا ہے، وہ سب کچھ ہٹا دیں۔ علیزے شاہ اور منسا ملک کے درمیان تنازع کئی دنوں سے جاری ہے، علیزے شاہ کی جانب سے دعویٰ کیا گیا تھا کہ تین سال قبل ڈرامے کی شوٹنگ کے دوران منسا ملک نے پہلے انہیں تھپڑ مارا تھا، جس پر انہوں نے اداکارہ کو چپل دے ماری تھی۔ اداکارہ نے یہ بھی بتایا تھا کہ منسا ملک نے ان پر جھوٹے الزامات عائد کیے، ان کے خلاف پولیس مقدمہ درج کروایا، جب کہ بااثر شوبز شخصیات سے فون کروا کر انہیں دھمکیاں بھی دلوائیں۔ بعدازاں علیزے شاہ نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ منسا ملک کی جانب سے انہیں اب بھی قتل کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ ان کے مطابق، اداکارہ انہیں نامعلوم نمبروں کے ذریعے دھمکیاں دے رہی ہیں، جب کہ تین سال قبل بھی مذکورہ خاتون نے انہیں ایسی ہی دھمکیاں دی تھیں۔

شادی نہ کرکے عقلمندی کی ہے، توثیق حیدر

زندگی میں کچھ ایسے لوگ موجود ہیں جو مشکل وقت میں میرا سہارا بنیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستانی ڈراما انڈسٹری کے سینئر اداکار توثیق حیدر نے شادی نہ کرنے کے فیصلے کو عقلمندی قرار دے دیا۔ ڈرامہ سیریل کبھی میں کبھی تم میں شرجینا (ہانیہ عامر) کے والد کا کردار نبھانے والے اداکار توثیق حیدر کا شمار انڈسٹری کے جانے مانے اداکاروں میں کیا جاتا ہے، انہوں نے اپنے کریئر میں کئی پراجیکٹس کا حصہ بن کر مداحوں کی داد وصول کی۔ لیکن انکی زندگی کا ایک سچ یہ بھی ہے کہ وہ تاحال غیر شادی شدہ ہیں اور اپنی زندگی کا زیادہ حصہ تنہا گزر چکے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر ایسی بھی کیا وجہ تھی کہ کامیاب ہونے کے باوجود انہوں نے سنگل رہنے کو ترجیح دی اور آج تک اسی فیصلے پر قائم ہیں؟ اس بارے میں بات کرتے ہوئے حال ہی میں توثیق حیدر نے نجی پوڈکاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے کئی اہم پہلو پر گفتگو کرنے کیساتھ اپنی نجی زندگی کو بھی موضوع بحث بنایا۔ دوران گفتگو اداکار نے بتایا کہ لوگ اکثر ان سے بڑھاپے کے منصوبوں کے بارے میں سوال کرتے ہیں، جسکے جواب میں میں ان سے یہی کہتا ہوں کہ، صرف اس لیے بچے پیدا کرنا کہ بڑھاپے میں سہارا بنیں، یہ ایک خودغرضانہ سوچ ہے۔ بچے اللہ کی نعمت ہوتے ہیں، لیکن انہیں انشورنس کے طور پر دیکھنا درست نہیں۔ انہوں نے یہ واضح کیا کہ انہیں امید ہے کہ انکی زندگی میں کچھ ایسے لوگ موجود ہیں جو مشکل وقت میں انکا سہارا بنیں گے اور انکا خیال رکھیں گے۔

ہانیہ عامر کو نیا بوائے فرینڈ مل گیا؟ نئی تصاویر پر دلچسپ ردعمل

حالیہ شیئر کی گئی تصویر میں وہ ریسٹورنٹ میں مذکورہ لڑکے کیساتھ بیٹھی دکھائی دیں

اسلام آباد (شوبز ڈیسک) اداکارہ ہانیہ عامر کی نئی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہیں جس نے صارفین اور مداحوں کی توجہ سمیٹ لی ہے۔ ہانیہ عامر سوشل میڈیا پر اپنی ویڈیوز اور تصاویر کی وجہ سے مقبول رہتی ہیں مگر اس مرتبہ اداکارہ کی نئی تصاویر نے مداحوں کو تجسس میں مبتلا کردیا ہے۔ ان تصاویر میں ہانیہ عامر ایک لڑکے کیساتھ دکھائی دے رہی ہیں۔ ایک تصویر میں وہ ریسٹورنٹ میں مذکورہ لڑکے کیساتھ بیٹھی دکھائی دیں جبکہ ایک اور تصویر میں لڑکے نے اداکارہ کو اپنے کندھے پر اُٹھا رکھا ہے۔ ایک صارف نے اس متنازع تصویر پر ہانیہ سے سوال کیا کہ کیا یہ ان کا نیا بوائے فرینڈ ہے؟ جس پر اداکارہ کی جانب سے جواب بھی سامنے آگیا۔ ہانیہ نے سوال پر کمنٹ میں جواب دیتے ہوئے لکھا کہ ’ہاں اور کوئی کام نہیں ہے میرا‘۔

بالی ووڈ نے کلاسک فلم دی وزرڈ آف اوز کو جدید ٹیکنالوجی سے زندہ کردیا

نیویارک (این این آئی) بالی ووڈ نے کلاسک فلم دی وزرڈ آف اوز کو جدید ٹیکنالوجی سے دوبارہ زندہ کردیا، اے آئی کے استعمال سے سجی فلم اب نئے انداز میں لاس ویگاس کے تفریحی مرکز میں پیش کی جائے گی۔ تین فٹبال اسٹیڈیمز کے برابر اور 22 منزلہ اونچا ایل ای ڈی وال ناظرین کیلئے فلم کو حقیقت جیسے ماحول میں لے جائے گا۔ 1939 کی مشہور کلاسک فلم دی وزرڈ آف اوز اب نئے انداز میں ناظرین کو اپنے سحر میں جکڑنے آرہی ہے، لاس ویگاس کے مشہور تفریحی مرکز دی اسفیئر میں 28 اگست کو پیش کی جائے گی، لیکن یہ بات صرف اتنی نہیں، اس بار فلم میں جدید ٹیکنالوجی اور اے آئی کا استعمال کیا گیا ہے۔ یہ پروجیکٹ وارنر برادرز اور گوگل کی جدید پیشکش ہے۔ شو کے دوران ناظرین 1 لاکھ 60 ہزار مربع فٹ کی ایل ای ڈی وال پر مناظر سے لطف اندوز ہوں گے، جبکہ یہ ویڈیو وال 22 منزلہ عمارت جتنی اونچی بھی ہے، اس ماحول میں فلم دیکھنا ناظرین کو ایک نئی دنیا میں لے جائے گا۔ یہ منصوبہ اس رجحان کو اجاگر کرتا ہے کہ مستقبل میں فلمیں صرف دیکھنے کی چیز نہیں رہیں گی بلکہ ناظرین انہیں محسوس اور جی سکیں گے۔

فلم انڈسٹری کے بانی، اداکار پروڈیوسر، ہدایتکار نذیر احمد کی 42ویں برسی 26 اگست کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) متحدہ ہندوستان، پاکستان فلم انڈسٹری کے بانی، ورسٹائل اداکار، پروڈیوسر، ہدایتکار اور فلم کے دیگر شعبوں میں مہارت رکھنے والے نذیر احمد خان کی 42ویں برسی 26 اگست کو منائی جائے گی، انہیں پاکستان اور بھارت میں باؤجی کے نام سے بھی پہچانا جاتا ہے۔ انہوں نے پاکستان میں پہلی پنجابی فلم بنائی جو پہلی سلور جوبلی کرنے والی پاکستانی فلم تھی جبکہ اس کے علاوہ بھی انہوں نے متعدد سپرہٹ فلمیں دیں۔ نذیر احمد خان کا شمار ان چند اداکاروں اور ہدایتکاروں میں ہوتا ہے جو 1947 میں بمبئی (ممبئی) کو چھوڑ کر لاہور آئے اور یہاں آکر فلم انڈسٹری کی بنیاد رکھی۔ ان کی پروڈکشنز نے سپرہٹ اور سدابہار حمد پاگاں والیو نام جپو مولا نام، نعت شاہِ مدینہ، گیت رب دی سوں تیرے نال پیار ہوگیا چنا کچی کچی، لوری راج دلارے، اساں جان کے میٹ لئی اکھ وے، نین نہیں لانا، میں اُڈی اُڈی جاواں سمیت دیگر بہت سے شاہکار گیت شامل ہیں۔ نذیر احمد خان نے فلم انڈسٹری کیلئے بہت سے نئے چہرے تلاش کئے اور انہیں فلم انڈسٹری میں بطور سٹارز متعارف کرایا۔ انہوں نے حیران کن طور پر 30 دنوں کے اندر فلم مکمل کرنے بشمول پوسٹ پروڈکشن کا کام مکمل کرنے کا منفرد ریکارڈ بھی قائم کیا اور یہ کارنامہ انہوں نے صرف ایک بار نہیں بلکہ متعدد بار سرانجام دیا اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہ 1940 اور 1950 کی دہائیوں میں ہوا۔ نذیر احمد خان وژن رکھنے والے اور لگن سے کام کرنے والے فلمساز تھے۔

کنیکا کپور نے بالی ووڈ انڈسٹری کی حقیقت بے نقاب کردی

بھارت میں گلوکاروں کو احسان جتا کر صرف 101 روپے دیے جاتے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (شوبز ڈیسک) ’بے بی ڈول‘ گانے سے شہرت پانے والی گلوکارہ کنیکا کپور نے بھارتی گانوں کی انڈسٹری کی حقیقت بے نقاب کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کنیکا کپور نے انٹرویو میں انکشاف کیا کہ بھارت میں گلوکاروں کو احسان جتا کر صرف 101 روپے دیے جاتے ہیں۔ انہوں نے بھارتی گلوکاروں کی مالی مشکلات اور نظام کی ناکامی پر گفتگو کی اور کہا کہ گیت انڈسٹری میں گلوکاروں کو مناسب معاوضہ نہیں ملتا، سنگرز کو اصل پیسے نہیں ملتے ہیں، میں سارے کنٹریکٹس دکھا سکتی ہوں، صرف 101 روپے ملتے ہیں اور کہتے ہیں، یہ آپ پر احسان کر رہے ہیں۔ گلوکارہ نے مزید کہا کہ میں آپ کو بھارت کے بڑے سنگرز کے بارے میں بتا سکتی ہوں کہ انہیں بھی اپنے بہترین گانوں کے پیسے نہیں ملے ہیں، بھارت میں ایسی کوئی چیز موجود نہیں کہ سنگر کو پیسے مل جائیں، یہاں نہ رائلٹی ہے اور نہ ہی پبلشنگ ہے، گلوکاروں کے لیے تو کوئی پنشن پلان بھی نہیں۔ سنگر کی کمائی تب تک ہے، جب تک وہ زندہ ہے اور اُس کی آواز چل رہی اور وہ شو کر پا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 1

نگرانی کے نظام، جرائم کی روک تھام اور ادارے کی استعداد کار میں اضافے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے اجلاس کو بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی اور مختلف اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے مؤثر نگرانی کے نظام کے ذریعے ملک بھر سے چوری شدہ 138 گاڑیوں کی نشاندہی کی گئی، جبکہ 9 مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کے نتیجے میں دہشت گردی کی بڑی کارروائیوں کو ناکام بنانے میں مدد ملی اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی نے مختلف جرائم کے مقامات سے متعلق پولیس کو 631 اہم شواہد فراہم کیے، جن کی مدد سے جرائم کی تحقیقات اور ملزمان تک پہنچنے کے عمل کو مؤثر بنانے میں معاونت حاصل ہوئی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ 15 مددگار ایمرجنسی رسپانس سروس کو سی ٹی ڈی سے منسوب کردیا گیا ہے، جس سے ہنگامی حالات میں رسپانس اور متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے جرائم کی روک تھام کے عمل کو مزید تیز کیا جائے اور نگرانی کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی نظام کو مزید مستحکم اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی سے پولیس کی کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہریوں کے تحفظ کے لیے جدید نگرانی کے نظام کو صوبے کے مزید علاقوں تک وسعت دی جائے گی، جبکہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار بڑھانے کے لیے پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے تجربات اور مہارت سے استفادہ کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار میں مزید اضافے کے لیے چیف منسٹر پنجاب کو مراسلہ ارسال کیا جائے گا، جس میں پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے تجربات، تکنیکی معاونت اور استعداد کار میں بہتری کے لیے تعاون کی درخواست کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان امن و امان کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر رسپانس میکنزم کو مزید مضبوط بنا رہی ہے۔ جدید نگرانی کے نظام، بروقت اطلاعات اور مؤثر رسپانس کے ذریعے جرائم کی روک تھام کے ساتھ ساتھ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ مزید یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار میں اضافے، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال اور نگرانی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات تیز کیے جائیں، تاکہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے دستیاب وسائل سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور حکومت اس مقصد کے لیے تمام ضروری وسائل بروئے کار لائے گی۔ ادھر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع پشین کے علاقے سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف مزدوروں پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بار پھر معصوم پاکستانیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہید کیا گیا، دہشت گردوں نے انسانیت کی تمام حدیں پار کردی ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ محنت کش مزدور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے اور ملک وصوبے کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے کام کر رہے تھے، انہیں نشانہ بنانا دہشت گردوں کی سفاک ذہنیت کا واضح ثبوت ہے۔ معصوم شہریوں اور محنت کش پاکستانیوں کا خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد سمجھ لیں کہ معصوم پاکستانیوں کی شہادت ہمارے عزم کو کمزور نہیں بلکہ مزید مضبوط کرتی ہے۔ بلوچستان میں امن، ترقی اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ بلوچستان میں معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ وزیراعلیٰ نے شہید مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل جبکہ زخمی مزدوروں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی

بقیہ نمبر 2

پروفیسر ڈاکٹر ہمابقائی کی طلباء و طالبات کے ساتھ نشست ہوئی، پروگرام میں پاکستان بھر کے 21 مختلف سٹیشنز سے 6 ہزار 150 سے زائد طلبہ شریک ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی نے قومی سلامتی، علاقائی صورتحال، بھارت کے کردار، افغانستان اور معاشی استحکام پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ ریکٹر ملینیم انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اینڈ انٹرپرینیورشپ پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان قومی سلامتی اور معاشی استحکام کے ساتھ ساتھ علاقائی سلامتی اور استحکام کیلئے بھی مسلسل اقدامات کر رہا ہے، بھارت افغانستان کے ذریعے پاکستان کیلئے مشکلات اور دہشتگردی کے خطرات بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے، جس سے خطے میں عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مئی 2025 میں معرکہ حق کے دوران پاکستان نے سرحدی اور فضائی محاذ پر کامیابی حاصل کی، معرکہ حق میں پاکستان نے خطے میں بھارت کے "نیٹ سیکورٹی پرووائیڈر" ہونے کے بیانیے اور اس سے جڑی سٹریٹجک سوچ کو بھی شکست دی۔ پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی نے کہا کہ بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال کے تناظر میں پاکستان کے قومی مفادات کا تحفظ اور قومی سلامتی و معاشی استحکام کو مزید مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 3

بی ریلے سے متاثرہ سڑک بحال کردی گئی۔ نیشنل ہائی ویز اتھارٹی (این ایچ اے) کے ترجمان کے مطابق عشریت کے مقام پر رات سے بند شاہراہ ون وے ٹریفک کیلئے کھول دی گئی ہے۔ این ایچ اے کی بھاری مشینری نے کلومیٹر 243 تا 247 تک ملبہ ہٹادیا۔

بقیہ نمبر 4

ئے نجکاری نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے پہلے بیچ میں شامل فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)، گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (گیپکو) اور اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ری اسٹرکچرنگ پلان کی منظوری دے دی۔ یہ فیصلہ حکومت پاکستان کی جانب سے پاور سیکٹر کی وسیع تر اصلاحات کے سلسلے کا ایک اہم قدم ہے، جس سے ایسی تقسیم کار کمپنیوں کی بنیاد ڈالی جا سکے گی جو مالی طور پر پائیدار، پیشہ ورانہ طور پر منظم، ڈیجیٹل طور پر فعال اور گھریلو، کاروباری اور صنعتی صارفین کی خدمت کے لیے بہتر طریقے سے لیس ہوں۔ منظور کردہ منصوبے کے تحت، منتخب اثاثہ جات، بشمول زمین کے تمام ٹکڑے، اور منتخب واجبات، بشمول پہلے سے ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن اور ریٹائرمنٹ کے تمام تر واجبات، حکومت پاکستان کی ملکیت میں قائم کی جانے والی کمپنی، اسپیشل پرپز وہیکل (SPV) میں شامل کئے جائیں گے، جبکہ موجودہ ملازمین کی ریٹائرمنٹ سے متعلق تمام معاملات اور واجبات ڈسکوز کے ذمے رہیں گے۔ حکومت کے ذمہ قابل وصولی واجبات، تمام تر بین الحکومتی قابل وصولی اور قابل ادائیگی واجبات کے فرق سے ضم کیے جائیں گے۔ تنظیم نو کا منصوبہ حکومت کے لیے کسی بھی مالی بوجھ سے پاک ہے، اور اس کا مقصد حکومت پاکستان کے لیے قدر میں اضافہ کرنا ہے، اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ لین دین قابل عمل ہو۔ حکومت کو ادراک ہے کہ ان اصلاحات کا صارفین، ملازمین، صنعت اور مقامی کمیونٹیز پر براہ راست اثر پڑے گا۔ سہولیات کا تسلسل پورے عمل میں سب سے اہم رہے گا۔ ملازمین کے مفادات کو قابل اطلاق قوانین اور لین دین کے طریق کار کے مطابق تحفظ فراہم کیا جائے گا جبکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو لین دین کے ہر مرحلے کے دوران مناسب طریقے سے آگاہ رکھا جائے گا۔ وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے کہا کہ صارفین کو پاکستان کے ریگولیٹری فریم ورک کے تحت تحفظ حاصل رہے گا۔ بجلی کے نرخوں کا تعین نیپرا کے قابل اطلاق عمل اور حکومت کے جاری ٹیرف نوٹیفکیشن کے ذریعے ہوتا رہے گا، جبکہ اصلاحاتی عمل کے ذریعے سروس کے معیار، کارکردگی اور کسٹمر سروس میں قابل قدر بہتری آئے گی۔ فیسکو، گیپکو اور آئیسکو مشترکہ طور پر بڑے صنعتی، تجارتی اور شہری مراکز میں 14 ملین سے زائد صارفین کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ اس باعث، ان کمپنیوں کی کارکردگی کو بہتر بنانا بجلی کے نرخوں کو کم کرنے اور پاکستان کی معیشت میں بجلی کی بہتر مسابقتی قیمت پر فراہمی کے لیے اہم ہے۔ ری اسٹرکچرنگ پلان کی منظوری، روایتی رکاوٹوں کے انتظام سے ہٹ کر مستقبل کے لیے جدید، جوابدہ اور صارفین سے وابستہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی جانب ایک فیصلہ کن پیش رفت ہے۔

بقیہ نمبر 5

پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل اپنے دورے کے دوران مشرق وسطی میں جاری تنازع کے حل کی کوششوں کو فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستانی آرمی چیف کا دورہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا، دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ روابط میں مسلسل بہتری آرہی ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے پریس بریفنگ کے دوران بتایا کہ پاکستان کے آرمی چیف کا طے شدہ دورہ ایران دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ اس وقت ایران اور پاکستان کے درمیان تعلقات بہترین مراحل میں سے ایک

سے گزر رہے ہیں۔ ان کے مطابق دونوں ممالک باہمی تعاون اور علاقائی معاملات پر رابطے میں ہیں۔ ایرانی ترجمان نے ایران کے خلاف جاری جنگ کے حوالے سے کہا کہ تہران نے جنگ شروع نہیں کی بلکہ اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا دفاع کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران جنگ کے خاتمے کے لیے اپنے مخالفین کی شرائط قبول نہیں کرے گا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران کسی جارح فریق کو یہ اجازت نہیں دے گا کہ وہ جنگ کے خاتمے کی شرائط خود طے کرے۔ ان کے مطابق ایران کے ریاستی ادارے ملکی خودمختاری کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں اور کسی جارحیت کے سامنے سرنڈر نہیں کریں گے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ جنگ شروع کرنے والے فریق کو اپنے اقدامات کے لیے جواب دہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اپنی قومی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ نمبر 6

دہ حالات میں سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطوں اور باہمی مشاورت کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کے مؤثر کردار، جمہوری اقدار کے تحفظ اور ملک میں سیاسی استحکام کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 7

کمرشل اور شریعہ سے ہم آہنگ ثالثی کے پانچ روزہ تربیتی پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعاون اور شراکت داری پر معزز مہمانوں کے شکر گزار ہیں، پاکستان اپنے دوستوں کے تعاون سے بامقصد اور منفرد شراکت داری کو آگے بڑھائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور عالمی شراکت داروں کے درمیان تعاون ایک نئے عالمی سفر کی بنیاد ہے۔ میڈی ایشن اور مصالحت کو صرف وکلا، ججز اور سرکاری افسران تک محدود نہیں رکھا جائے گا بلکہ اس کے دائرہ کار کو معاشرے کے مختلف شعبوں تک وسعت دی جا رہی ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ چیمبرز، مختلف اداروں، سرکاری افسران اور سول سوسائٹی کے نمائندگان کو تربیتی پروگرام کا حصہ بنایا گیا ہے۔ سول قانون کے ساتھ شرعی اصولوں اور اسلامی تصور مصالحت پر مبنی تربیتی پروگرام تشکیل دیا گیا، جو میڈی ایشن کے حوالے سے وزارت قانون کے وژن کی عملی شکل ہے۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ مقدمہ بازی کے کلچر کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، غیر ضروری اور غیر سنجیدہ مقدمہ بازی نے عدالتی نظام کو تقریباً 23 لاکھ زیر التوا مقدمات کے بوجھ تلے دبا دیا ہے۔ غیر ضروری مقدمات سے عدالتوں کا قیمتی وقت اور قومی وسائل ضائع ہوتے ہیں، اس لیے غیر سنجیدہ اور بے بنیاد مقدمہ بازی کی حوصلہ شکنی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی نظام کی ازسرنو اصلاح اور تجدید کی ضرورت ہے۔ دیوانی اور فوجداری دونوں شعبوں میں عدالتی اصلاحات پر کام جاری ہے جبکہ اس مقصد کے لئے قانون و انصاف کمیشن، سپریم کورٹ، ہائی کورٹس اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ عدالتی اصلاحات کے لیے قانون سازی کے ذریعے اہم پیش رفت ہو چکی ہے، پورے ملک میں متبادل تنازعاتی حل اور مصالحت کے مؤثر نظام کو وسعت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً ڈیڑھ سال قبل شروع کیا گیا میڈی ایشن کا مشن اب مزید وسعت اختیار کر رہا ہے، ملک کے مشائخ اور علما کو بھی مصالحتی نظام کا حصہ بنایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ او آئی سی آربیٹریشن سینٹر اور پاکستان کے ادارے آئی ایم اے سی کے درمیان نیشنل ڈیز لیشن سینٹر کا قیام اہم پیش رفت ہے، نیشنل ڈیز لیشن سینٹر کا قیام پاکستان میں ثالثی کے فروغ کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا ہمارے آئین کا تقاضا اور ہمارے دین کا حکم ہے۔

بقیہ نمبر 8

چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تشکیل جیسے اہم فیصلوں پر اتفاق رائے پیدا کرنا انتہائی ضروری ہے، یہ ایسا فیصلہ نہیں جسے کسی پر زبردستی مسلط کر دیا جائے، یہ معاملہ پارلیمنٹ سے متعلق ہے، اس لیے پارلیمنٹ میں بھی اس پر سیر حاصل بحث ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر صرف پاکستان اور اس کے عوام کے مفادات کو مدنظر رکھنا چاہیے، اہم قومی اور انتظامی معاملات پر سیاست سے بالاتر ہو کر بحث ہونی چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ بھارت نے 1950 میں صوبوں سے متعلق ایک کمیشن تشکیل دیا اور اس حوالے سے فیصلے کیے، بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہماچل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر نئے صوبوں کا قیام پاکستان کے بہترین مفاد اور انتظامی بہتری کے لیے ضروری ہے تو انہیں ضرور بنایا جانا چاہیے۔ تاہم اگر یہ خدشہ ہو کہ نئے صوبوں کے قیام سے مزید تقسیم یا انتشار پیدا ہو گا تو اس معاملے پر مختلف آراء سامنے آسکتی ہیں، اس حساس معاملے کو کھلے دل کے ساتھ صحت مند بحث، مشاورت اور اتفاق رائے کے ذریعے آگے بڑھایا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 9

کی حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے تمام بحری کارکنوں کی جلد وطن واپسی کے لیے فوری اور مؤثر ادارہ جاتی مداخلت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے بحری امور کی حکمرانی کو مضبوط بنانے، بین الاقوامی بحری معیارات پر عمل درآمد اور پاکستان کی بلیو اکانومی کو مزید فروغ دینے کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششوں کو اجاگر کیا۔ دونوں رہنماؤں نے بحری سلامتی و تحفظ، ضابطہ جاتی اصلاحات اور پاکستان کے بحری شعبے کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان اور آئی ایم او کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 10

اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کو فوری امداد، ریسکیو، رہائش اور طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید شدید بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر ہنگامی تیاریوں کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے پیپلز پارٹی کے عہدیداروں اور کارکنوں کو ہدایت کی کہ بارش سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کریں اور متاثرین کو ہر ممکن معاونت فراہم کریں۔

بقیہ نمبر 11

کہ ایران نے حالیہ دنوں میں عراقی تیل لے جانے والے بعض بحری جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے میں سہولت فراہم کی جس پر ان کے شکر گزار ہیں۔ انتظامی امور کے بارے میں جا تا ہم انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز میں صورتحال اب بھی پیچیدہ ہے۔ بحری ٹریفک جنگ سے پہلے کی سطح کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم ہے جبکہ علاقے میں بحری جہازوں کو حملوں کا خطرہ بھی برقرار ہے۔ واضح رہے کہ آبنائے ہرمز کی بندش سے عراق ان اہم ممالک میں شامل ہے جو سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ جنگ سے قبل عراق تقریباً 40 لاکھ بیرل یومیہ تیل پیدا کرتا تھا تاہم آبی گزرگاہ کے بند ہونے کے بعد برآمدات شدید متاثر ہوئی ہیں۔=

بقیہ نمبر 12

نشستوں کے انتخاب کے بعد نو منتخب اراکین نے حلف اٹھالیا۔ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں مخصوص نشستوں کے انتخاب کے بعد 46 ارکان اسمبلی سے اسپیکر چوہدری لطیف اکبر نے حلف لیا۔ قبل ازیں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کی 8 مخصوص نشستوں پر انتخابات ہوئے، خواتین کی 5 مخصوص نشستوں میں پیپلز پارٹی کی 2 اور مسلم لیگ (ن) کی 3 امیدوار کامیاب ہوئیں، خواتین کی 5 مخصوص نشستوں پر (ن) لیگ کی سحر قمر، مریم زمان اور مریم ادریس کامیاب ہوئیں جبکہ پیپلز پارٹی کی فرزانہ یعقوب اور زوبیا خورشید بھی کامیاب قرار پائیں۔ علماء مشائخ کی نشست پر ن لیگ کے پیر مظہر سعید شاہ کامیاب ہوئے، ٹیکنوکریٹ کی نشست پر (ن) لیگ کے بیرسٹر افتخار گیلانی کامیاب قرار پائے جبکہ اوورسیز کشمیریوں کی نشست پر ن لیگ کے عبدالرحمان آرائیں کامیاب قرار پائے۔ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں (ن) لیگ کو مجموعی طور پر 31 نشستوں اور پی پی 14 نشستوں پر کامیاب رہی، عوامی دست و بازو کی ایک نشست پر (ن) لیگ کے ساتھ اتحاد کے بعد (ن) لیگ کی 32 نشستیں ہیں۔ ایوان مکمل ہونے کے بعد نو منتخب ممبران اسمبلی نے حلف اٹھایا، اسپیکر آزاد کشمیر اسمبلی چوہدری لطیف اکبر نو منتخب اراکین سے حلف لیا۔ خیال رہے کہ پونچھ اور سدھنوتی میں انتخاب نہ ہونے کے باعث 7 ممبران کے بغیر حکومت سازی کا عمل سرانجام دیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 13

اسعد الشیبانی نے کہا کہ شام سفارت کاری کے ذریعے تعلقات کا خواہشمند ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل سیکورٹی معاہدے پر عمل درآمد کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا، معاہدے میں اسرائیل سے تمام سیکورٹی امور پر اتفاق ہو گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی فریق میں معاہدے تک پہنچنے کی حقیقی خواہش نہیں دیکھی، شام کی ترجیح سیکورٹی معاہدے تک پہنچنے سے پہلے اسرائیلی جارحیت روکنا ہے۔

بقیہ نمبر 14

چاہیے۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی (سی ایچ ای سی) کی جانب سے کیٹی بندر پورٹ کی مجوزہ ترقی کے حوالے سے دی گئی بریفنگ کے دوران کیا۔ انہوں نے چینی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان کے بنیادی ڈھانچے اور بحری ترقی میں تعاون کے لیے چین کی مسلسل دلچسپی کو سراہا۔ صدر مملکت نے کہا کہ کیٹی بندر میں ایک اضافی بحری گیٹ وے کے طور پر نمایاں صلاحیت موجود ہے

جو پاکستان کے پورٹ اور لاجسٹکس نیٹ ورک کو مضبوط بنانے، رابطہ کاری اور تجارت کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے چینی فریق اور متعلقہ پاکستانی اداروں کے درمیان قریبی تکنیکی رابطہ کاری کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ ماحولیاتی پائیداری کو بنیادی اہمیت حاصل ہونی چاہیے بالخصوص دریائے سندھ کے ڈیلٹا کے نازک ماحولیاتی نظام کے تحفظ اور مقامی ماہی گیر برادریوں کے مفادات اور روزگار کو مدنظر رکھا جائے۔ صدر مملکت نے ماسٹر پلان کو مزید بہتر بنانے اور اس پر عملدرآمد اور مالی معاونت کے مناسب طریقہ کار کی نشاندہی کے لیے مسلسل تکنیکی مشاورت اور تعاون کی حوصلہ افزائی کی۔ چینی وفد نے کیٹی بندر پورٹ کے تصوراتی ماسٹر پلان پر بریفنگ دی جس میں متعدد ٹرمینلز، لاجسٹکس اور معاون بنیادی ڈھانچے کے ساتھ ایک نئے ڈیپ واٹر میری ٹائم گیٹ وے کا تصور پیش کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں 500 میٹر طویل کوے پر مشتمل کثیر المقاصد ٹرمینل شامل ہے جبکہ ابتدائی انجینئرنگ لاگت کا تخمینہ تقریباً 522.34 ملین امریکی ڈالر لگایا گیا ہے۔ چینی وفد میں پاکستان میں سی ایچ ای سی کے چیف نمائندے وو پنگ، مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ وانگ زونگ ڈے اور انجینئر شوجیے لن کے علاوہ سٹریٹجک اینڈ مارکیٹنگ کے جنرل منیجر علی رضا شامل تھے۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، سینیٹرز سلیم مانڈوی والا اور شیری رحمان، سندھ کے وزیر برائے توانائی، منصوبہ بندی و ترقی ناصر حسین شاہ، وزیر اعلیٰ سندھ کے سرمایہ کاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے لیے معاون خصوصی سید قاسم نوید قمر اور چیف سیکرٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 15

شیر افضل مروت نے دعویٰ کیا کہ عمران خان نے نورین نیازی سے ملاقات کے دوران علیمہ خان کو اسٹریٹ موومنٹ سے روکنے کی ہدایت کا حوالہ دیا اور سوال کیا کہ اس کے باوجود وہ احتجاجی سرگرمیوں میں کیوں حصہ لے رہی ہیں۔ شیر افضل مروت کے مطابق عمران خان نے پارٹی کو علیمہ خان کو سیاسی معاملات سے دور رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بانی پی ٹی آئی عدالتی ریلیف سے متعلق پیش رفت سے لاعلم تھے۔ شیر افضل کے مطابق عمران خان نے سوال کیا کہ سپریم کورٹ کیوں گئے اور کیا کسی قسم کی ڈیل کی گئی ہے؟ شیر افضل مروت نے دعویٰ کیا کہ عمران خان نے یہ بھی پوچھا کہ انہیں نواز شریف سے کیوں ملایا جا رہا ہے۔ دوسری جانب چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے شیر افضل مروت کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے اسے من گھڑت قرار دیا ہے۔

بقیہ نمبر 16

کہا کہ حنا جاوید قومی اسمبلی میں نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تحت 2019 سے جون 2026 تک فرائض سرانجام دیتی رہی ہیں۔ انہوں نے حنا جاوید کی بہیمانہ قتل کا نوٹس لیتے ہوئے ویمن پارلیمنٹری کاکس کے کردار کو سراہا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اس کیس کی نگرانی کیلئے ویمن پارلیمنٹری کاکس کو قومی اسمبلی کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے مرحومہ حنا جاوید کے قتل کے معاملے کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے سپرد کرتے ہوئے اس المناک واقعہ کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے حنا جاوید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومہ حنا جاوید کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی

بقیہ نمبر 17

ج بھارتی سرپرستی میں پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں ایسے ہی سیاسی فتنہ الخوارج بھی ہیں جن کا ہمیشہ مقصد پاکستان کو نقصان پہنچانا رہا ہے، ہم جمہوری لوگ ہیں اور حکومت ہمیشہ مذاکرات اور ڈائیلاگ کو ترجیح دیتی رہی ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو بھی کہتے ہیں جمہوری سیاسی طریقہ اپنائے، پارلیمانی طریقہ ہی جمہوریت کا طریقہ ہے، شاید پی ٹی آئی کو اب سمجھ آجائے کہ پارلیمان ہی سب سے بہتر ہے۔ انہوں نے کہا گندم کی کمی کی وجہ سے باہر سے گندم منگوا رہے ہیں۔ چینی برآمد کرنے سے کوئی بحران پیدا نہیں ہو گا کیونکہ ملک میں چینی کے وافر ذخائر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو پاکستان کے ہاتھوں ہر محاذ پر شکست ہوئی ہے، پاکستان بھارت کو جنگ اور سفارتی میدان میں تاریخی شکست دے چکا، اب وہ جھوٹے پراپیگنڈے کے ذریعے دنیا کو گمراہ نہیں کرسکتا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کا امن کا کردار دنیا مان چکی ہے۔

بقیہ نمبر 18

رو ایکو ا کلچر فارم میں تیلاپیا، پینگاسیس اور دیگر اقسام کی مچھلیوں جدید طرز پر افزائش کی جا رہی ہے۔ فارم میں پانی کے معیار، آکسیجن، خوراک اور بائیو سیکیورٹی کی مسلسل نگرانی سے مچھلیوں کی بہتر افزائش یقینی بنائی جا رہی ہے۔ اسی طرح پولی کلچر فارمنگ کے ذریعے ایک ہی فارم میں مختلف اقسام کی مچھلیوں کی افزائش سے پیداوار بڑھائی جا رہی ہے۔ گھارو میں پہلی بار ایکویریم میں پالی جانے والی مچھلیوں کی فارمنگ بھی متعارف کرائی گئی ہے۔ پاک گھارو اور ملائیشیا کی کمپنی جی کے ایکوا ایس ڈی این ایچ ڈی کے اشتراک سے پاکستان کی پہلی آل میل فریش واٹر جائنٹ پراون ہیچری قائم کی گئی ہے۔ منصوبے میں جدید مونوسیکس بریڈنگ ٹیکنالوجی کے ذریعے بڑے سائز، یکساں افزائش اور بہتر تجارتی پیداوار حاصل کی جا رہی ہے۔ یہ جھینگا تیلاپیا اور پینگاسیس کے ساتھ بھی کامیابی سے پالا جا سکتا ہے، جس سے فارم کی مجموعی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ منصوبے سے برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے جبکہ کسانوں کی آمدن، جدید آبی زراعت اور قومی معیشت کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 19

پوسٹ سے متعلق ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر جاری کرنے پر جماعت اسلامی کے صوبائی امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ گوادر پولیس کے مطابق مولانا ہدایت الرحمان نے گوادر میں چیک پوسٹ پر گاڑی روکنے کے واقعے کی ویڈیو بنائی اور اسے سوشل میڈیا پر جاری کیا، جس پر متعلقہ حکام کی جانب سے کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ایف آئی آر کے مطابق مقدمہ ایس ایچ او بشیر احمد کی مدعیت میں درج کیا گیا جس میں پاکستان پینل کوڈ کی دفعات 186،353، 503، 504، 505 اور 506 شامل کی گئی ہیں۔ ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ چیک پوسٹ پر پیش آنے والے واقعے کے دوران سرکاری اہلکاروں کے ساتھ مزاحمت، بدتہذیبی، سخت کلامی اور دھمکی آمیز رویہ اختیار کیا گیا، جبکہ واقعے کی ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر بھی جاری کی گئی۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر 20

رضائی نے ایران کے نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ایران نے امریکی بحری ناکہ بندی کو نظر انداز کرتے ہوئے لاکھوں بیرل تیل فروخت کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک یا دو ماہ میں ہم نے 70 ملین بیرل تیل فروخت کیا۔ اب ہر روز ہم امریکی بحری جہازوں کو تیل بیچتے ہیں۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ دوسرے ممالک کو ایران کے خلاف امریکی اقتصادی جنگ "میں شامل نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یقیناً ہم پہلے بات چیت کرتے ہیں۔ ہم ایک میٹنگ کرتے ہیں، ہم کہتے ہیں جاؤ اور امریکہ سے اپنی صفیں الگ کرو۔ اگر وہ عمل نہیں کرتے تو ہم حملہ کریں گے۔ یہ دشمن ملک کے مفادات پر ضرب لگاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 21

پورٹل فعال کر دیا ہے۔ پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی کے مطابق نئے ضوابط کے تحت ورچوئل اثاثہ جات سروس فراہم کرنے والوں کے لیے باقاعدہ لائسنسنگ نظام نافذ کر دیا گیا ہے۔ اتھارٹی کے مطابق ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 کے تحت 10 مختلف لائسنس کیٹیگریز متعارف کرائی گئی ہیں جن میں ایکسچینج، کسٹوڈی، بروکر ڈیلر، ایڈوائزری، قرض دینے اور لینے کی خدمات، ڈیریویٹو، اثاثہ جاتی انتظام، منتقلی و تصفیہ، ٹوکن اجراء اور مائننگ سے متعلق خدمات شامل ہیں۔ اتھارٹی کے مطابق پاکستان میں پہلے سے ورچوئل اثاثہ جات کی خدمات فراہم کرنے والے آپریٹرز کو 5 ستمبر 2026 تک نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دینا ہوگی۔ قانون کے تحت مقررہ مدت کے بعد بغیر درخواست کے ورچوئل اثاثہ جات کی خدمات جاری رکھنا جرم تصور ہوگا۔ وزیر مملکت اور اتھارٹی کے چیئرمین بلال بن ثاقب کے مطابق نئے ریگولیٹری فریم ورک کا مقصد صارفین کے اثاثوں کو قانونی تحفظ فراہم کرنا اور ورچوئل اثاثہ جات کے شعبے کو ذمہ دار اور قابل نگرانی نظام میں لانا ہے۔ نئے ضوابط کے تحت لائسنس یافتہ اداروں کو صارفین کے اثاثوں کو اپنے اثاثوں سے الگ رکھنے سمیت مختلف حفاظتی تقاضوں کی پابندی کرنا ہوگی۔ بلال بن ثاقب نے ورچوئل اثاثہ جات کے سروس فراہم کرنے والوں پر زور دیا کہ وہ لائسنس حاصل کر کے باقاعدہ بینکاری نظام سے منسلک ہوں۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بھی اتھارٹی سے لائسنس یافتہ اداروں اور مخصوص شرائط کے تحت این او سی رکھنے والے اداروں کے لیے بینک اکاؤنٹس کھولنے کی اجازت دے دی ہے۔ اتھارٹی کے مطابق ریگولیٹری فریم ورک میں کاروباری طرز عمل، مالیاتی تحفظ، ٹیکنالوجی، سائبر سیکیورٹی اور اینٹی منی لانڈرنگ و دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک سے متعلق تقاضے شامل ہیں۔ ایکٹ کی منظوری کے بعد چھ ماہ سے بھی کم عرصے میں لائسنسنگ اور نگرانی کا جامع فریم ورک مکمل کیا گیا جس سے پاکستان میں ورچوئل اثاثہ جات کے شعبے کے لیے قانونی اور ریگولیٹڈ مارکیٹ کی بنیاد قائم ہو گئی ہے۔

بقیہ نمبر 22

مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیدال خان ناصر نے واضح

کیا کہ ملک بھر میں فعال 71 لاکھ 40 ہزار سے زائد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ملکی معیشت کی اصل بنیاد ہیں۔ یہ شعبہ قومی جی ڈی پی میں 40 فیصد، برآمدات میں 30 فیصد اور غیر زرعی شعبے میں روزگار کی فراہمی میں 80 فیصد سے زائد کا غیر معمولی حصہ ڈال رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے کاروباروں کو مالی اور تکنیکی سہولیات فراہم کرنے کا مطلب دراصل پورے ملک کے معاشی نظام کو محفوظ بنانا ہے۔ انہوں نے چھوٹے تاجروں کو آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اسٹیٹ بینک کے ریگولیٹری فریم ورک اور "2026-28 ایکسس ٹو فنانس پلان" کے عملی ثمرات نچلی سطح تک پہنچائے جائیں تاکہ معاشی پالیسیوں کے فوائد صرف فائلوں تک محدود نہ رہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے خواتین انٹرپرینیورز کی حوصلہ افزائی کو معاشی ناگزیر ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، ای کامرس اور عالمی ویلیو چین کے ذریعے پاکستانی مصنوعات کی برآمدات اور زرمبادلہ کے ذخائر میں بڑا اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے کاروباری برادری کو پارلیمان کی جانب سے مکمل قانون سازی اور کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کا یقین دلایا۔ تقریب کے اختتام پر انہوں نے چیمبر کے صدر سردار ثاقب نسیم، اپوا کمیٹی کے چیئرمین محمد رف راجہ اور کامیابی حاصل کرنے والے تمام نمایاں کاروباری اداروں کو مبارکباد پیش کی

بقیہ نمبر 23

اہلکاروں اور 53 گاڑیوں پر مشتمل ٹیم نے موقع پر پہنچ کر آگ بجھانے اور قریبی آبادی کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کا عمل شروع کیا۔ حکام کے مطابق آگ پر قابو پانے میں 4 گھنٹے سے زائد وقت لگا۔ حکام کے مطابق زخمی ہونے والوں میں 12 مقامی شہری اور 3 فائر فائٹرز شامل ہیں، تاہم کسی کی حالت تشویشناک نہیں بتائی گئی۔ دھماکے سے مجموعی طور پر 68 گھروں کو نقصان پہنچا، جبکہ جائے وقوعہ کے قریب موجود متعدد مکانات کو سب سے زیادہ نقصان پہنچا۔ متعدد نجی گاڑیوں اور امدادی اداروں کی گاڑیاں بھی متاثر ہوئیں۔ حکام نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ معاملہ پراسیکیوٹرز کے حوالے کر دیا گیا ہے اور اس بات کی بھی تحقیقات کی جا رہی ہے کہ آیا خالی پلاٹ پر کچرا غیر قانونی طور پر پھینکا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 24

معروف کاروباری گروپ ویگارڈ انٹرنیشنل کے ایک وفد نے ایس آئی ایف سی کے حکام سے اہم ملاقات کی۔ یہ منصوبہ بن قاسم انڈسٹریل پارک میں تقریباً پانچ کروڑ ڈالرز کی سرمایہ کاری سے شروع کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 25

حکام بھی موجود تھے۔ تقریباً پانچ گھنٹے تک جاری رہنے والی کھلی کچہری میں وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے بڑی تعداد میں آئے ہوئے شہریوں کی شکایات کو تفصیل سے سنا اور ان کے حل کے لئے متعلقہ محکموں کو موقع پر ہدایات جاری کیں۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے ضلع جہلم کے عوام کے مسائل براہ راست سننے اور ان کے حل کے اپنے وعدے پر عمل کرتے ہوئے کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے، یہ کھلی کچہریوں کا دوسرا مرحلہ ہے۔ جس میں جہلم کے بعد آج دینہ میں کھلی کچہری منعقد کی گئی۔ پہلے مرحلے میں 4 جولائی کو جہلم، 12 جولائی کو دینہ اور 18 جولائی کو سوہاوہ میں کھلی کچہریاں منعقد کی جا چکی ہیں۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ قبل ازیں دینہ میں وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے دینہ میں پہلے خدمت مرکز کا افتتاح کیا۔ شہری اس خدمت مرکز کے ذریعے کیریکٹر سرٹیفکیٹ سمیت 15 دیگر سہولیات مقامی سطح پر حاصل کر سکیں گے، خدمت مرکز سے عوام کو لرنر ڈرائیونگ لائسنس کے فوری اجراء، انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید، ڈپلیکیٹ لائسنس اور پولیس سے تصدیق ناموں کے حصول، ملازمین اور کرایہ داروں کی رجسٹریشن، ایف آئی آر کی مصدقہ نقول، جرم یا حادثے اور دستاویزات کی گمشدگی کی رپورٹ کے فوری اندراج، گاڑیوں کی تصدیق، خواتین و بچوں کے تحفظ کی شکایات کے اندراج اور فوری معاونت کی فراہمی کی سہولیات مل گئی ہیں، خدمت مرکز میں جانوروں پر تشدد کی شکایات بھی درج ہو سکیں گی، اقلیتی شہری بھی خدمت مرکز میں اپنی شکایات اور مدد کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں، عوام کو مقامی سطح پر سہولت دینے کے لیے گزشتہ سال ڈرائیونگ سینٹر کا افتتاح بھی کیا جا چکا ہے، قبل ازیں دینہ پہنچنے پر وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 26

کا تاریخی دورہ کیا جو دوطرفہ تعلقات میں نئے باب کا آغاز ہے اور دونوں ممالک علاقائی اور عالمی سطح پر پاکستان کے ساتھ سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی لے رہے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی کا 19 سال بعد پاکستان کا اہم اور پہلا دورہ مکمل ہو گیا، اس دوران دمشق اور اسلام آباد کے درمیان سیاسی، سیکیورٹی اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس حوالے سے بتایا گیا کہ شامی وزیر خارجہ گزشتہ بدھ کو اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ اسلام آباد پہنچے، جس سے دوطرفہ تزویراتی تعاون کے نئے دور کا آغاز قرار دیا گیا، پاکستان نے شام کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور مقبوضہ جولان کے معاملے پر شام کے موقف کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا۔ نیوز ایجنسی نے بتایا کہ پاکستان نے ادلب کے ابوالظہور ہوائی اڈے پر اسرائیلی حملوں کو بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے مذمت کی ہے۔ شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور دیگر اعلیٰ حکام سے اہم ملاقاتیں کیں اور انہوں نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کیا اور پاکستان کے علاقائی کردار کی تعریف کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ پاکستان اور شام کے درمیان عوامی اور تجارتی روابط بڑھانے کے لیے براہ راست پروازوں کی بحالی پر تبادلہ خیال ہوا، دمشق یا اسلام آباد میں سرمایہ کاری فورم کے انعقاد اور امریکا۔ ایران کشیدگی کم کرنے میں پاکستان کے کردار پر بات کی گئی۔ شامی مشیر محمد الجھال نے کہا کہ یہ دورہ ایک اہم اور حساس وقت میں ہوا ہے جب دونوں ممالک کے تعلقات مزید علاقائی تعاون کی جانب بڑھ رہے ہیں، دمشق نے ریاض، انقرہ اور اسلام آباد کے ساتھ اپنے تعلقات کو علاقائی استحکام کے لیے خصوصی اہمیت کا حامل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت دونوں ممالک کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط کرے گی۔

بقیہ نمبر 27

ثقافت، مذہب اور باہمی مفادات کی مضبوط بنیادوں پر قائم ہیں۔ انہوں نے قطری سرمایہ کاروں کو پاکستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ مسلم ممالک میں اتحاد اور امن کے لیے مکہ معاہدے کو اہم پیش رفت بھی قرار دیا۔ قطری وفد کے سربراہ شیخ نائف نے پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے دلچسپی کا اظہار کیا۔ عالمی و علاقائی امن کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف بھی کی۔

بقیہ نمبر 28

بار دیکھ چکے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکی دھمکیوں کا مقابلہ کرنا جانتے ہیں، ہم دھمکیوں، پابندیوں سے خوفزدہ نہیں۔ عباس عراقچی نے کہا کہ امریکا کی تمام چالیں ناکام ہو چکی ہیں۔

بقیہ نمبر 29

راور کراچی کے دھرنے آٹھویں روز میں داخل ہو چکے ہیں اور جماعت اسلامی اپنے طے شدہ شیڈول کے مطابق احتجاج جاری رکھے ہوئے ہے۔ نائب امیر لیاقت بلوچ اور امیر لاہور ضیاء الدین انصاری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ عوامی احتجاج کے دباؤ کے نتیجے میں حکومت نے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے کی کمی، ورنہ عوام کو مزید لوٹا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ مافیاز درآمدی ڈیزل اور مقامی ڈیزل کی لاگت کے برابر ظاہر کر کے عوام سے بھاری رقم وصول کر رہے تھے۔ جنگی حالات میں بھی حکمرانوں نے عوام پر پٹرول بم گرائے اور پٹرولیم مصنوعات پر بھاری ٹیکس اور لیوی عائد کردی۔ حافظ نعیم الرحمن نے چینی کے بحران کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اور مافیاز نے مل کر 7 لاکھ 65 ہزار ٹن چینی درآمد کی۔

بقیہ نمبر 30

رشروع ہوتے ہی تیل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی، کیونکہ سرمایہ کار ایران پر مزید پابندیاں عائد کرنے سے متعلق واشنگٹن کے متوقع اعلان کی تفصیلات کے منتظر ہیں۔ برینٹ خام تیل کی قیمت ایک فیصد سے زیادہ کمی کے بعد 93.45 ڈالر فی بیرل ہو گئی، جبکہ امریکی خام تیل بھی ایک فیصد سے زائد کمی کے بعد 86.14 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔

بقیہ نمبر 31

ہو سکتا ہے، جس کے منفی اثرات مجموعی امن وامان پر مرتب ہو سکتے ہیں ڈپٹی کمشنر نے الیکٹرک انتظامیہ پر زور دیا کہ کم ریکوری والے علاقوں میں بھی عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ ریکوری میں اضافے کا واحد حل نہیں ہے اور اس کے متبادل طریقے بھی موجود ہیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ نادہندگان کے انفرادی کنکشن منقطع کیے جائیں بجائے اس کے کہ پورے علاقے کی بجلی بند کر دی جائے اجلاس میں کم ریکوری والے علاقوں میں 24 گھنٹے مسلسل لوڈشیڈنگ کے معاملے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کے۔ الیکٹرک انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ موجودہ 24 گھنٹے لوڈشیڈنگ پالیسی پر نظر ثانی کرتے ہوئے "آن اینڈ آف" پالیسی اختیار کی جائے تاکہ عوام

کو کم از کم بنیادی سطح پر بجلی کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے اور شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ کے۔ الیکٹرک انتظامیہ نے اس تجویز پر غور کرنے اور متعلقہ حکام تک سفارشات پہنچانے کی یقین دہانی کرائی اجلاس میں نئے بجلی کنکشنز کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ فیصلہ کیا گیا کہ نئے کنکشن کے حصول کے لیے درخواست گزار کا قومی شناختی کارڈ، درخواست اور متعلقہ یونین کونسل یا وارڈ کے منتخب کونسلر کی تصدیق و سفارش کو بنیادی دستاویزات کے طور پر قبول کرنے کی تجویز پر عملدرآمد کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ شہریوں کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ کے۔ الیکٹرک غیر قانونی کنکشنز کے خلاف خصوصی آپریشن شروع کرے گی اور بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی جائے گی۔ اس سلسلے میں پولیس کی جانب سے کے۔ الیکٹرک کی ٹیموں کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جائے گی تاکہ کارروائی مؤثر انداز میں انجام دی جا سکے مزید برآں، کم ریکوری والے علاقوں جن میں چیزل آباد، پارٹیکل بورڈ، ساکران روڈ اور انٹرنیشنل گم فیڈرز شامل ہیں، کے منتخب عوامی نمائندوں اور کونسلرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ عوام میں بجلی کے بلوں اور واجبات کی بروقت ادائیگی کے حوالے سے آگاہی پیدا کریں اور شہریوں کو ادائیگی کی ترغیب دیں تاکہ ریکوری کی شرح بہتر بنائی جا سکے اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مشکلات کے خاتمے، بجلی چوری کی روک تھام، نئے کنکشنز کے حصول میں آسانی اور ریکوری میں بہتری کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون کے ساتھ اقدامات کریں گے

بقیہ نمبر 32

مٹی کے برتنوں کی تیاری اور تجارت کا اہم مرکز تھا۔ محققین کے مطابق قریہ کے نخلستان میں دو رنگوں سے پینٹ کیے گئے برتنوں کے شواہد ملے ہیں۔ یہ قدیم برتن سیاہ اور سرخ رنگ کے منفرد جیومیٹریکل نقش و نگار، جانوروں کی علامتی تصاویر اور انسانی اشکال سے سجائے گئے تھے۔ تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ برتن محض گھریلو استعمال تک محدود نہیں تھے بلکہ اپنی مخصوص بناوٹ اور ڈیزائن کی وجہ سے ایک طرح کی قدیم برانڈنگ رکھتے تھے اور ممکنہ طور پر دوسرے علاقوں میں بھی فروخت یا برآمد کیے جاتے تھے۔ تحقیق کی مرکزی مصنفہ اور ماہر آثار قدیمہ ڈاکٹر مارتا لوسیانی کے مطابق یہ دریافت ظاہر کرتی ہے کہ صحرائی نخلستانوں میں رہنے والی برادریاں کانسی کے دور میں بھی پسماندہ یا وسائل سے محروم نہیں تھیں بلکہ دستیاب محدود وسائل کو استعمال کرتے ہوئے جدید اور تخلیقی طریقوں سے کام کرتی تھیں۔ محققین کا کہنا ہے کہ مٹی، پانی اور ایندھن جیسے ضروری وسائل کی کمی کے باوجود قریہ کے رہائشیوں نے اپنی منفرد سیرامک روایت تشکیل دی۔ یہ تحقیق جرنل پی ایل او ایس ون میں شائع ہوئی ہے اور اس سے قدیم عرب معاشروں کی تجارت، ہنرمندی اور ثقافتی روابط کے بارے میں اہم معلومات سامنے آئی ہیں۔

بقیہ نمبر 33

وٹ ڈورڈرونز کے استعمال پر پابندی برقرار رہے گی، ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرونز کے محدود استعمال کی اجازت ہوگی تاہم ان کے محفوظ استعمال کی ذمہ داری تقریب کے منتظمین پر عائد ہوگی۔ ٹیلی جنس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اس پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے، اس کے علاوہ زرعی، آبپاشی اور تحقیقی مقاصد کے لیے ڈرون استعمال کرنے کی صورت میں ضلعی سطح پر قائم "سیف ڈرون یوز بیج کمیٹی" سے تحریری اجازت حاصل کرنا ہوگی۔ محکمہ داخلہ کے مطابق کمیٹی کی تحریری اجازت کے بعد متعلقہ مقاصد کے لیے ڈرون کا استعمال پابندی سے مستثنیٰ تصور ہوگا۔ ترجمان محکمہ داخلہ نے کہا کہ عوامی تحفظ، امن وامان کا قیام اور املاک کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات ہیں، صوبہ بھر کی انتظامیہ اور پولیس کو احکامات پر من و عن عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کردی گئی ہے

بقیہ نمبر 34

اوڈپٹی کمشنر حب نے بجلی مسئلے کے حوالے سے ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انجمن تاجران حب کے صدر خورشید علی رند، نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نظام رند ظفر اللہ ڈوکی اور کاروباری شخصیت لالہ ہاشم رند و دیگر موجود تھے وڈیرہ رجب علی رند کا کہنا تھا کہ حب میں چند دنوں سے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے علاوہ فالٹ کے نام پر حب کے بعض ایریا میں 24/24 اور بعض ایریا میں 48/48 گھنٹے بجلی بند اور لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جو کہ کسی ظلم سے کم نہیں ہے اس وقت حب کے عوام لاوارثی کی زندگی گزار رہے ہیں اور بجلی نہ ہونے کے برابر ہے کیونکہ وہ سیاسی لوگ ہیں حب کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑ سکتے اور K الیکٹرک کی زیادتیوں کو محسوس کو کرتے ہوئے بجلی مسئلے پر اسٹینڈ لے لیا ہے اور بجلی کے مسئلے کے حوالے سے انہوں نے K الیکٹرک ذمہ داران سے بھی رابطہ کیا ہے لیکن ان کا رویہ اچھا نہیں تھا بعد ازاں انہوں نے چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب سے بھی حب کی بجلی کے مسئلے پر رابطہ کیا اور بجلی کے مسئلے پر کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء سے چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی، چیئرمین فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی میر علی اکبر زہری، انجمن تاجران حب کے صدر خورشید علی رند اور نیشنل پارٹی ضلع حب کے صدر عبدالغنی رند کے ہمراہ ملاقات کی اور انہیں بجلی بحران اور طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ کمشنر صاحبہ کی جانب سے K الیکٹرک کی جانب سے لوڈشیڈنگ پر نوٹس لینے کے بعد K الیکٹرک نے حب کے عوام کو مزید تنگ کرنا شروع کر دیا ہے پورے حب شہر کو اندھیرے میں ڈبو دیا ہے بعض ایریا میں 24/24 گھنٹے جبکہ بعض ایریا میں 48/48 گھنٹے بجلی بند ولوڈشیڈنگ کیا جارہا ہے اور فالٹ کے نام پر مزید کئی کئی گھنٹے بجلی بند رہنا بھی معمول بن گیا ہے اور بجلی نہ ہونے کی وجہ سے حب میں کاروبار تباہ ہو چکا ہے وڈیرہ رجب علی رند نے صحافیوں کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں اس طرح سے حب کو لاوارث نہیں چھوڑ سکتے K الیکٹرک کی زیادتیوں اور طویل بجلی بندش اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج کریں گے اور دھرنا دینگے اور پورے حب کو جام کر دینگے انہوں نے بتایا کہ کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے ملاقات کے دوران بجلی مسئلے کو حل کرنے اور لوڈشیڈنگ دورانیہ کم کرانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

بقیہ نمبر 35

و کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 27 اگست 2026 بروز جمعرات (بوقت صبح 11:00 تا 01:00 بجے سہ پہر) نیب بلوچستان کے دفتر واقع شاہراہ گلستان کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا۔ درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1- نام معہ ولدیت 2- کاپی قومی شناختی کارڈ 3- مکمل پتہ / ایڈریس 4- نشان انگوٹھا / دستخط 5- رابطہ نمبر موبائل / گھر / ای میل واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب کم نام / فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایت کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ 1- بذریعہ ڈاک / ابذات خود نیب بلوچستان دفتر واقع شاہراہ گلستان، کوئٹہ کینٹ 2- بذریعہ ای میل balochistan@nab.gov.pk 3- بذریعہ ڈاک / بذات خود نیب کے دفتر شکایات واقع DC آفس انسکمب روڈ کوئٹہ 4- بذریعہ کھلی کچہری ڈائریکٹر جنرل سے بالمشافہ ملاقات کے ذریعہ) ہر ماہ کی آخری جمعرات (مزید معلومات کیلئے علاقائی دفتر شکایات نیب بلوچستان کے فون نمبرز: 081-9203614 ، 081-9203468 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 36

عکاسی کرتے ہیں۔ نئے شامل کیے گئے مقامات میں گندھارا اور بدھ مت کا قدیم ورثہ، مغلیہ دور کی تعمیرات، صحرائی قلعے اور مقامی ثقافتی ورثہ نمایاں ہیں۔ خیبرپختونخوا کے ضلع چترال کی تاریخی و ثقافتی اہمیت کی حامل وادی کیلاش سمیت صوبے کے مزید مقامات کو بھی عارضی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ سندھ کے تاریخی ورثے کو بھی عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل ہوا ہے۔ صوبے کے کوٹ ڈیجی، نائوکوٹ اور عمرکوٹ کے تاریخی قلعوں کو یونیسکو کی عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں شامل کرلیا گیا ہے۔ یہ قلعے سندھ کی قدیم تاریخ، دفاعی فن تعمیر اور خطے کی تہذیبی اہمیت کے اہم آثار تصور کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح پنجاب کے پھروالہ قلعہ، روات قلعہ اور سلطان مقرب خان کے مقبرے کو بھی یونیسکو کی عارضی فہرست کا حصہ بنایا گیا ہے، جس سے پنجاب کے تاریخی اور تعمیراتی ورثے کو عالمی سطح پر مزید اجاگر کرنے میں مدد ملے گی۔ ماہرین کے مطابق عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں پاکستانی مقامات کی شمولیت سے ان کے تحفظ اور بحالی کے لیے عالمی توجہ حاصل ہونے کے امکانات بڑھیں گے، جبکہ پاکستان میں سیاحت کے فروغ اور مقامی معیشت کو بھی فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ یونیسکو کی فہرست میں نئے پاکستانی مقامات کی شمولیت سے نہ صرف ملک کے شاندار تاریخی و ثقافتی ورثے کی عالمی سطح پر شناخت مزید مضبوط ہوگی بلکہ ثقافتی سفارت کاری، بین الاقوامی سیاحت اور پاکستان کے مثبت تشخص کو بھی فروغ ملے گا۔ پاکستان کے مختلف علاقوں میں موجود یہ تاریخی مقامات صدیوں پر محیط تہذیبوں، مذاہب، ثقافتوں اور فن تعمیر کی داستانیں اپنے اندر سموئے ہوئے ہیں، جنہیں عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں جگہ ملنا ملک کے لیے

اہم ثقافتی پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 37

کی صورت میں ایک بہت بڑی کشتی سے ملتی ہے۔ ماہرین ارضیات کہتے ہیں کہ یہ 515 فٹ لمبی اور اسکی بناوٹ قدرتی ہے مگر حال ہی میں ممتاز ترک نژاد امریکی عسکری سائنسدان ڈاکٹر خسرو بختیار نے اپنے ایجاد کردہ بختیار ریڈار سے اس مقام کے نیچے کی زمین کا معائنہ کیا ہے۔ یہ ریڈار برق مقناطیسی شعاعیں خارج کرکے زیر زمین موجود سبھی اشیاء ڈھونڈ نکالتا ہے، پتہ چلا کہ اس مقام کے نیچے واقعی ایک کشتی نما ڈھانچہ موجود ہے۔ اس دریافت نے دنیا بھر کے مذہبی حلقوں میں ہلچل مچا دی ہے، ڈاکٹر خسرو اب معہ ٹیم اس مقام پر کھدائی کرنا چاہتے ہیں تاکہ زیر زمین جو کچھ بھی ہے، اسے دنیا والوں کے سامنے لاسکیں۔ قرآن پاک میں کشتی ٹھہرنے کا مقام الجودی آیا ہے مگر یہ قطعی طور پر واضح نہیں کہ وہ کہاں ہے، دلچسپ بات یہ کہ مقامی ترک کوہ تندورک کی ایک چوٹی کو الجودی کہتے ہیں۔

بقیہ نمبر 38

رے کو براہ راست ارسال کر سکتے ہیں۔ اتھارٹی نے واضح کیا کہ پروف آف لائف سرٹیفکیٹ کی کارروائی پنشن فراہم کرنے والے ادارے سے منسلک ہے، بینک سے نہیں۔ سرٹیفکیٹ مکمل ہونے کے بعد اسے متعلقہ پنشن فراہم کرنے والے ادارے کو جمع کرایا جائے گا۔ نادرا نے پنشنرز کو ہدایت کی ہے کہ پروف آف لائف سرٹیفکیٹ کی تکمیل یا معلومات اپ ڈیٹ کرانے کے لیے بینک سے رابطہ کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ اس سلسلے میں براہ راست متعلقہ پنشن فراہم کرنے والے ادارے سے رجوع کیا جائے۔ اتھارٹی کے مطابق شہری اپنی شناخت سے متعلق معلومات اور نادرا کی مختلف خدمات کے حوالے سے سرکاری ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں، جبکہ کسی معاونت کی ضرورت کی صورت میں نادرا کی ہیلپ لائن 1777 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ نادرا نے مزید بتایا کہ پاک آئی ڈی موبائل ایپ میں پروف آف لائف سرٹیفکیٹ کا ڈیٹا ظاہر نہ ہونے کی صورت میں پنشنرز کو اپنے متعلقہ پنشن فراہم کرنے والے ادارے سے رابطہ کرنا چاہیے اور معلوم کرنا چاہیے کہ نادرا کے پاس رجسٹرڈ پنشنرز کے ریکارڈ میں ان کا اندراج کیوں موجود نہیں۔ اتھارٹی حکام نے کہا کہ ریکارڈ میں درست اندراج ہونے کے بعد پروف آف لائف سرٹیفکیٹ سے متعلق کارروائی میں آسانی پیدا ہو سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 39

تھ جو معاہدہ ہوا تھا بجلی کی لوڈشیڈنگ کے حوالے سے جو ایک بہترین انداز میں بجلی چل رہی تھی لیکن نئی انتظامیہ نے ہمارے لوڈشیڈنگ کا شیڈول تبدیل کر دیا ہے پہلے والی انتظامیہ سے جو لوڈشیڈنگ کے ٹائم ٹیبل تھا وہ رات 8 بجے بجلی ان ہوتی تھی اور صبح 4 بجے چلی جاتی تھی لیکن نئی انتظامیہ نے اپنی من مانی شروع کر دی اور ہماری بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا معاہدہ توڑ کر اپنی مطابق لوڈشیڈنگ ٹائم رکھ دیا نئے لوڈشیڈنگ کا ٹائم رات بارہ 12 بجے بجلی ان ہوتی ہے اور صبح 4 بجے بند کر دیتے ہیں اس دوران بھی دو سے تین مرتبہ بجلی بند کرتے ہیں جس سے ہمارے کافی سامان جل جاتا ہے اور جب ہم کمپلین کرنے کے لیے KE کے آفس میں فون کرتے ہیں وہ فون اٹینڈ نہیں کرتے اور روحانی شخصیت پیر قادر شاہ جیلانی نے کہا کہ جب ہم کے الیکٹرک کے آفس جی ایم سے ملنے گیا تو وہاں موجود افسر نے کہا کہ آپ کے گوٹھوں کا ٹائم 6 گھنٹہ منظور ہے بجلی چالو رکھنے کا لیکن پھر بھی لوگ بجلی چالو نہیں کرتے اور اپنے من پسندی سے بجلی نہیں دیتے ہیں کہ الیکٹرک حکام نے مجھے یقین دہانی کرائی کہ میں بجلی چلاؤں گا لیکن وہ بھی اس پر عمل پیرا نہیں صرف باتوں تک بات رہی ہم کے الیکٹرک کے حکام کو یہ باور کرانا چاہتے ہیں کہ الیکٹرک اپنا قبلہ درست کریں ہمارے مختلف گوٹھوں میں معاہدے کے مطابق بجلی دینے کا وہی شیڈول جاری رکھیں نہیں تو دوسرا راستہ ہمارے پاس دوسرا آپشن بھی موجود ہے قومی شاہراہ، یا کے الیکٹرک کے آفس سامنے دھرنا دینا پیر قادر شاہ جیلانی نے کہا کہ اب زیادہ تر زمیندار شمسی بور پر چلیں گئے ہیں اور اب ہمارے گوٹھ کے گھریلوں صارفین کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑھتا ہے جب کے الیکٹرک نے ایشو بنایا ہے کہ مختلف گوٹھوں میں میٹر نہیں ہیں اور جب سارے بل نہیں بھرتے تو کے الیکٹرک ان کو میٹر لگا کردے اور اپنا بل لیں اور جو گوٹھوں کے بل بھریں جا رہے ہیں انکا بل بھی ایوریج لگا کر بل بناتے ہیں تاکہ گھریلوں صارفین بھی بھرنے جیسے ناہو، ہم علاقہ مکین اور پیر بزرگ ہستی پیر قادر شاہ جیلانی نے کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، SSP لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی، اور دیگر علاقہ معتبرین سے مطالبہ کرتے ہیں کے الیکٹرک انتظامیہ کے خلاف نوٹس لیں اور انکو پابند کرائیں مختلف گوٹھوں۔ پی بجلی کی فراہمی یقینی بنائیں*

بقیہ نمبر 40

سرب اسپکٹر ثاقب رشید نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کی۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران 6 موٹر سائیکلیں، 8 موبائل فون، جن کی مجموعی مالیت 8 لاکھ 31 ہزار 640 روپے ہے، اور جوئے میں استعمال ہونے والا سامان برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا۔

بقیہ نمبر 41

تین نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق محلہ شیرازی کا رہائشی متاثرہ نوجوان اپنے والد کے ہمراہ روزگار کے سلسلے میں سرگودھا میں مقیم تھا اور 17 صفر کے جلوس میں شرکت کیلئے سرگودھا سے چوآ سیدن شاہ آیا تھا۔ متاثرہ نوجوان نے الزام عائد کیا کہ 4 اگست کو تین ملزمان اسے نامعلوم مقام پر لے گئے جہاں مبینہ طور پر اسے زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ نوجوان کے مطابق ملزمان نے مبینہ واقعے کی ویڈیو بھی بنائی اور دوبارہ ملنے کیلئے بلیک میل کر رہے ہیں۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔

بقیہ نمبر 42

تعلق رکھنے والے علماء کرام کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں مختلف علماء کرام، مذہبی رہنماؤں اور پولیس افسران نے شرکت کی اس موقع پر 12 ربیع الاول کے سلسلے میں منعقد ہونے والی مذہبی تقریبات، جلسوں، جلوسوں اور ریلیوں کے سیکورٹی انتظامات، روٹس، ٹریفک مینجمنٹ اور امن وامان کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ایس پی حب مرزا اقبال حسن نے علماء کرام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ 12 ربیع الاول ہمارے لیے انتہائی مقدس اور عقیدت کا دن ہے، اس موقع پر تمام مذہبی پروگرامز کا پرامن اور باوقار انعقاد ضلعی پولیس کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اور مذہبی رہنماؤں کا تعاون امن وامان کے قیام میں نہایت اہم ہے۔ پولیس کی جانب سے مذہبی پروگرامز، جلسوں، جلوسوں اور ریلیوں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کرنے کے لیے جامع سیکورٹی پلان ترتیب دیا جا رہا ہے اجلاس میں علماء کرام نے مذہبی پروگرامز کے دوران امن و امان برقرار رکھنے، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارے اور باہمی احترام کے فروغ کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں۔ علماء کرام نے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی ایس پی حب نے متعلقہ پولیس افسران کو ہدایت کی کہ تمام مذہبی پروگرامز کے منتظمین اور علماء کرام کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے، جلسوں، جلوسوں کے روٹس پر مؤثر سیکورٹی، سرچنگ، اسنیپ چیکنگ اور ٹریفک مینجمنٹ کے خصوصی انتظامات کیے جائیں جبکہ حساس مقامات پر اضافی نفری تعینات کی جائے انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مشکوک افراد اور گاڑیوں کی کڑی نگرانی، داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ، اہم مقامات کی نگرانی اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری رسپانس میکانزم کو فعال رکھا جائے اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ 12 ربیع الاول کے تمام پروگرام کو باہمی تعاون، مذہبی رواداری اور مثالی امن وامان کے ماحول میں منعقد کرانے کے لیے پولیس، علماء کرام، مذہبی تنظیموں اور ضلعی انتظامیہ مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کریں گے ڈسٹرکٹ پولیس حب عوام سے اپیل کرتی ہے کہ ۱۲ ربیع الاول کے موقع پر مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارے اور امن کو فروغ دیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع پولیس کو دیں۔

بقیہ نمبر 43

اعجاز کے ہمراہ لکشمی چوک کا تفصیلی دورہ کیا۔ مشیر وزیراعلیٰ پنجاب کو تاریخی ورثے کے تحفظ، یکساں ڈیزائننگ اور خوبصورتی کے حوالے سے جامع پلان پر بریفنگ دی گئی۔ ذیشان ملک نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق لکشمی چوک کی بحالی اور بیوٹیفکیشن کے منصوبے سے لکشمی چوک کا تاریخی تشخص بحال ہوگا اور یہ لاہور کی خوبصورتی میں ایک اور شاندار اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 44

حملہ گزشتہ ماہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں ایک بجلی گھر کو مکمل طور پر بند رکھنا پڑا جبکہ عملہ مسلسل 4 روز تک اس کی بحالی کیلئے کام کرتا رہا۔ برطانوی حکام نے سیکورٹی خدشات کے باعث متاثرہ بجلی گھر کی شناخت ظاہر کرنے سے گریز کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ مبینہ طور پر پہلا موقع ہے جب ایرانی ہیکر برطانیہ میں کسی بجلی گھر کو بند کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق متاثرہ بجلی گھر نسبتاً چھوٹا ہے، جس کے باعث اس کی 4 روزہ بندش سے برطانیہ کے مجموعی بجلی پیدا کرنے یا ترسیل کے نظام پر کوئی نمایاں اثر مرتب نہیں ہوا تاہم واقعے کے محرکات و اثرات کے باوجود اس واقعے نے سائبر سیکورٹی اور بنیادی ڈھانچے کے ماہرین میں تشویش پیدا کر دی ہے، کیونکہ اس سے اہم توانائی کے نظام میں خلل ڈالنے کی مبینہ صلاحیت سامنے آئی ہے۔ یہ رپورٹ ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب برطانیہ سمیت دیگر مغربی ممالک میں اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے والے سائبر حملوں کے حوالے سے خدشات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ برطانوی اخبار کے مطابق ماہرین کا خیال ہے کہ اس کارروائی کا

لوڈشیڈنگ کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں، ڈپٹی کمشنر حب

ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت کے الیکٹرک انتظامیہ، چیئر مین میونسپل کمیٹی حب اور وائس چیئر مین حب کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

موجودہ حالات، امن وامان کی صورتحال اور سکیورٹی خدشات کے پیش نظر مسلسل لوڈشیڈنگ سے عوامی بے چینی میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر حب

حب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت کے الیکٹرک انتظامیہ، چیئر مین میونسپل کمیٹی حب اور وائس چیئر مین حب کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع حب میں طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث عوام اور تجارتی صارفین کو درپیش مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حب نے کہا کہ طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہورہی ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ موجودہ حالات، امن وامان کی صورتحال اور سکیورٹی خدشات کے پیش نظر مسلسل لوڈشیڈنگ سے عوامی بے چینی میں اضافہ (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

حب۔ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ دادخان مندوخیل بجلی کے مسئلے سے متعلق اجلاس کررہے ہیں اس موقع پر چیئر مین حب گل حسن محمد حسنی وائس چیئر مین حب حاجی عظیم سیاں اور کونسلران موجود ہیں

پنشنرز کیلئے اہم وضاحت، پروف آف لائف سرٹیفکیٹ میں بینک کا کوئی کردار نہیں، نادرا

پنشنرز سرٹیفکیٹ کے اجرا اور تصدیق کیلئے متعلقہ پنشن فراہم کرنے والے ادارے سے براہِ راست رابطہ کریں

پاک آئی ڈی ایپ سے درخواست بھیجنے کی سہولت بھی دستیاب ہے، حکام

کراچی (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے پنشنرز کے لیے پروف آف لائف سرٹیفکیٹ سے متعلق اہم وضاحت جاری کرتے ہوئے کہاہے کہ سرٹیفکیٹ کے اجرا اور تصدیق کے عمل میں بینکوں کا کوئی کردار نہیں۔ نادرا کے مطابق پنشن حاصل کرنے والے یا پنشن کے اہل افراد سے متعلق معاملات براہِ راست متعلقہ پنشن فراہم کرنے والے ادارے کے ذریعے انجام دیے جاتے ہیں۔ پنشنرز موبائل ایپ کے ذریعے اپنی درخواست متعلقہ پنشن فراہم کرنے والے ادا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

چکوال: جوئے کی محفل پر پولیس کا چھاپہ، 8 قمار باز گرفتار، لاکھوں کا سامان برآمد

چکوال (این این آئی) تھانہ صدر پولیس نے بکھاری کلاں میں خان حویلی (کباڑ خانہ) میں مبینہ جوئے کی محفل پر کارروائی کرتے ہوئے 8 قمار بازوں کو گرفتار کرلیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر چکوال سب انسپکٹر محمد آصف اور انچارج پولیس چوکی بلک (بقیہ 40 صفحہ 7 پر)

چکوال: 17 سالہ نوجوان سے مبینہ زیادتی، 3 نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

چکوال (این این آئی) تھانہ چوآسیدن شاہ کی حدود میں چہلم کے جلوس میں شرکت کیلئے آنے والے 17 سالہ نوجوان سے مبینہ زیادتی کے واقعہ پر اس کے والد کی مدعیت میں (بقیہ 41 صفحہ 7 پر)

نئی انتظامیہ نے ہمارے لوڈشیڈنگ کا شیڈول تبدیل کردیا ہے، پیر قادر شاہ جیلانی

پہلے والی انتظامیہ سے جو لوڈشیڈنگ کے ٹائم ٹیبل تھا وہ رات 8 بجے بجلی ان ہوتی تھی اور صبح 4 بجے چلی جاتی تھی

اوتھل (پ ر) پیر گوٹھ، موضع مکا، موسی فقیر بشوانی گوٹھ، خلیفہ حسین برہ گوٹھ، اچار گوٹھ، خاصخیلی گوٹھ، شیخ گوٹھ، کنڈیارو، وڈیرہ شفیع محمد انگاریہ گوٹھ، ناریل فارم، و دیگر گوٹھوں کے علاقہ مکینوں اور روحانی شخصیت بزرگ ہستی پیر قادر شاہ جیلانی نے کہا سابق کے الیکٹرک انتظامیہ کے سا (بقیہ 39 صفحہ 7 پر)

ایرانی ہیکرز برطانوی بجلی گھر کو 4 روز کیلئے بند کرنے میں کامیاب

محدود اثرات کے باوجود اس واقعے نے سائبر سکیورٹی اور بنیادی ڈھانچے کے ماہرین میں تشویش پیدا کردی ہے

سائبر حملہ گزشتہ ماہ کیا گیا جس کے نتیجے میں ایک بجلی گھر کو مکمل طور پر بند رکھنا پڑا، رپورٹ

تہران (این این آئی) ایرانی ہیکرز برطانوی بجلی گھر کو 4 روز کے لیے بند کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی ہیکرز نے مذکورہ سائبر حملے کی کارروائی کو برطانوی تنصیب پر پہلا کامیاب سائبر کارروائی قرار دیا۔ برطانوی اخبار دی ٹیلی گراف کے مطابق یہ سائبر (بقیہ 44 صفحہ 7 پر)

بجلی کے بڑھتے ہوئے مسائل کے پیش نظر بلدیاتی نمائندے اور سیاسی وسماجی شخصیات متحرک

بلدیاتی نمائندوں نے مختلف سیاسی جماعتوں اور سول سوسائٹی سے رابطہ کاری شروع کردی

کمشنر لسبیلہ، ڈپٹی کمشنر حب اور جنرل منیجر کے الیکٹرک سے ملاقاتیں، بجلی کے نظام کو فوری بہتر بنانے کا مطالبہ

حب (نمائندہ بولان) حب شہر میں بجلی کے بڑھتے ہوئے مسائل کے پیش نظر بلدیاتی نمائندے اور سیاسی وسماجی شخصیات متحرک ہوگئے، بلدیاتی نمائندوں نے مختلف سیاسی جماعتوں اور سول سوسائٹی سے رابطہ کاری شروع کردی، کمشنر لسبیلہ، ڈپٹی کمشنر حب اور جنرل منیجر کے الیکٹرک سے ملاقاتیں، بجلی کے نظام کو فوری بہتر بنانے کا مطالبہ، بجلی کا مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں بڑے پیمانے پر احتجاج کا عند (بقیہ 45 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی، تھانہ چکلالہ میں نالے کے کنارے سے 8 سالہ بچی کی لاش ملی

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چکلالہ کے علاقے گلریز فیز 2 میں نالے کے کنارے سے 8 یا 10 سالہ بچی کی لاش ملی ہے۔

بورے والا، 10 سالہ بچی سے مبینہ زیادتی، ملزم فرار

بورے والا (این این آئی) بورے والا کے نواحی گاں 48/ کے بی میں 10 سالہ بچی سے مبینہ زیادتی کا واقعہ پیش آیا۔ پولیس کے مطابق ملزم سجوار دادی کو جھانسہ دے کر 10 سالہ پوتی کو ساتھ لے گیا اور مبینہ زیادتی کے بعد فرار ہوگیا۔

ملک بھر کے دریاؤں میں سیلابی صورتحال بارے رپورٹ جاری

دریائے سندھ کے مختلف مقامات پر معمول سے زائد پانی کا بہاؤ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف دریاں میں سیلابی صورتحال بارے رپورٹ جاری کر دی گئی۔ دریائے سندھ کے مختلف مقامات پر معمول سے زائد پانی کا بہاؤ ریکارڈ کیا گیا ہے، کالاباغ کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب جبکہ تربیلا ڈیم، چشمہ بیراج، تونسہ بیراج، گڈو (بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

گوادر، چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد چوڑ پمپنگ اسٹیشن کا جائزہ لے رہے ہیں

گجری کے عوام میں شدید تشویش اور احساسِ محرومی پایا جاتا ہے، غلام رسول جاموٹ

سیلاب متاثرین کے لیے اپنی چھت پروگرام کے تحت لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں گھر تعمیر کیے جارہے ہیں

بیلا (نمائندہ بولان) سیاسی وسماجی شخصیت غلام رسول جاموٹ نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کے لیے اپنی چھت پروگرام کے تحت لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں گھر تعمیر کیے جارہے ہیں، لیکن گجری کے وہ مستحقین جنہیں باقاعدہ سروے میں شامل کیا گیا تھا، انہیں مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ گجری کے سیلاب متاثرین نے سروے کے تمام مراحل مکمل کیے اور کئی مستحق خاندان پروگرام کے منتخب مستحقین بھی ہیں، مگر اس کے باوجود انہیں گھروں کی تعمیر کے عمل میں شامل نہیں کیا جارہا۔ دوسری جانب لسبیلہ کے دیگر علاقوں میں گھر تعمیر ہونے کا سلسلہ جاری ہے، جس سے گجری کے عوام میں شدید تشویش اور ا (بقیہ 52 صفحہ 7 پر)

سفاک شوہر کا والد اور ملازم کے ساتھ مل کر بیوی کا بہیمانہ قتل، خاتونِ اول آصفہ کا دکھ کا اظہار

شوہر نے کئی بار مارا پیٹا مگر حنا اس ڈر سے خاموش رہی کہ بستر مرگ پر پڑے اس کے والدین کو دکھ نہ پہنچے

کراچی (این این آئی) خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری نے راولپنڈی میں حنا جاوید کے مبینہ بہیمانہ قتل پر گہری تشویش اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے تعزیت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس ہولناک جرم کی مکمل اور شفاف تحقیقات کی (بقیہ 53 صفحہ 7 پر)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی نے مہنگائی کا زور توڑ دیا، ادارہ شماریات

ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 100 روپے تک مہنگا، اسلام آباد کے شہری ملک میں سب سے مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور

2 ہفتوں کے دوران سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ۔ سبزیوں کی قیمت میں 100 سے 150، پھلوں کی پیٹیوں کی قیمتوں میں بھی اضافہ

لاہور (این این آئی) ملک میں مہنگائی کی نئی لہر نے شہریوں کی مشکلات مزید بڑھا دیں، مختلف شہروں میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت ایک ہفتے کے دوران 100 روپے تک بڑھ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق اسلام آباد کے شہری ملک میں سب سے مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور ہیں، جہاں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 3 ہزار 133 روپے 33 پیسے تک پہنچ گئی ہے۔ راولپنڈی میں یہی تھیلا 3 ہزار 93 روپے 33 پیسے تک فروخت ہورہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق خضدار میں ایک ہفتے کے دوران 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 100 روپے کا اضافہ ہوا، جبکہ بہاولپور میں قیمت 60 روپے تک بڑھی۔ حیدرآباد میں آٹا 40 روپے، جبکہ لاڑکانہ اور کوئٹہ میں 20، 20 روپے مہنگا ہوا۔ ادارہ شماریات کے مطابق کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2 ہزار 700 (بقیہ 58 صفحہ 7 پر)

حب۔ شہر میں بجلی بڑھتے ہوئے مسئلے سے متعلق چیئر مین حب گل حسن محمد حسنی، وائس چیئر مین حب حاجی عظیم سیاں، چیئر مین فشر مینز کوآپریٹو سوسائٹی میر علی اکبر زہری سمیت دیگر جنرل منیجر کے الیکٹرک علی رضا میمن سے ملاقات کررہے ہیں

سعودی عرب میں ہزاروں برس قدیم نخلستان کے شواہد دریافت

یہ علاقہ 3200 برس قبل مختلف اقسام کے مقبول اور منفرد مٹی کے برتنوں کی تیاری اور تجارت کا اہم مرکز تھا

ریاض (این این آئی) شمال مغربی عرب میں ماہرینِ آثارِ قدیمہ نے ایک ایسے قدیم نخلستان کے شواہد دریافت کیے ہیں جو تقریباً 3200 برس قبل مختلف اقسام کے مقبول اور منفرد (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

پنجاب بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر عائد پابندی میں مزید 30 روز کی توسیع

ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرونز کے محدود استعمال کی اجازت ہوگی

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر صوبہ بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر عائد پابندی میں مزید 30 روز کی توسیع کردی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق پابندی ضابطہ فوجداری 1898 کے سیکشن 144(6) کے تحت عائد کی گئی ہے جس کے تحت آ (بقیہ 33 صفحہ 7 پر)

حب میں حالیہ دنوں بجلی بحران سنگین صورتحال کر گیا ہے، رجب رند

لوڈشیڈنگ اور فالٹ کے نام پر 24/24 گھنٹے بجلی بند رہنا معمول بن گیا

فالٹ کے نام پر مزید کئی گھنٹے بجلی بند رہنا بھی معمول بن گیا ہے

حب (نمائندہ بولان) نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر برائے بلوچستان و سابق چیئر مین میونسپل کارپوریشن حب وڈیرہ رجب علی نے کہا ہے کہ حب میں حالیہ دنوں بجلی بحران سنگین صورتحال کر گیا ہے لوڈشیڈنگ اور فالٹ کے نام پر 24/24 گھنٹے بجلی بند رہنا معمول بن گیا، K الیکٹرک انتظامیہ کی زیادتیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے پیر کے روز کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

نیب بلوچستان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئر مین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے

چیئر مین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام / فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (بولان بیورو) نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد بمقام دفتر (نیب) بلوچستان (واقع شاہراہ گلستان، کوئٹہ کینٹ صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئر مین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ما (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی سے قبائلی رہنما سردار مہر اللہ قمبرانی کی قیادت میں قبائلی عمائدین ملاقات کررہے ہیں

پاکستان کے 12 تاریخی مقامات یونیسکو کی عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں شامل

پاکستانی مقامات کی تعداد 37 ہوگئی، گندھارا، بدھ مت ورثہ، مغلیہ تعمیرات اور تاریخی قلعے فہرست کا حصہ بن گئے

سندھ کے کوٹ ڈیجی، ناؤکوٹ اور عمرکوٹ کے تاریخی قلعوں کو یونیسکو کی عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں شامل کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی منفرد تہذیبی تاریخ، ثقافتی ورثے اور قدرتی حسن کو عالمی سطح پر ایک اور اہم اعزاز حاصل ہوگیا، اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو نے پاکستان کے مزید 12 تاریخی وثقافتی مقامات کو عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں شامل کرلیا، جس کے بعد یونیسکو کی عارضی فہرست میں شامل پاکستانی مقامات کی مجموعی تعداد 37 ہوگئی ہے۔ یونیسکو کی عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں کسی مقام کی شمولیت اسے عالمی ورثے کا باقاعدہ درجہ دینے کی جانب ایک اہم ابتدائی قدم تصور کیا جاتا ہے۔ نئی فہرست میں شامل پاکستانی مقامات ملک کی قدیم تہذیب، مذہبی تاریخ، فنِ تعمیر، مقامی ثقافت اور تاریخی اہمیت کی (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

12 ربیع الاول کے موقع پر سیکورٹی صورتحال کے حوالے سے مرزا ابلال حسن کی زیر قیادت اجلاس

اجلاس میں مختلف علماء کرام، مذہبی رہنماؤں اور پولیس افسران نے شرکت کی

حب (نمائندہ بولان) 12 ربیع الاول کے موقع پر ضلع حب میں منعقد ہونے والے جلسوں، جلوسوں، ریلیوں اور دیگر مذہبی پروگرامز کے پرامن انعقاد اور مؤثر سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ایس پی حب مرزا ابلال حسن کی زیر صدارت ایس پی آفس حب میں مختلف مکاتب فکر سے (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

بہرام۔ گاؤں محمد پنھل مغیری کے رہائشی فدا حسین مغیری اور شاہزیب علی مغیری اپنی زرعی زمین پر ناجائز قبضے کیخلاف بہرام پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

فروخت کرنے کے باوجود ہماری زمین نام نہیں کروائی جارہی، فدا حسین مغیری

گواہوں کی موجودگی میں رضا کارانہ طور پر زمین ہمارے حوالے کی اور اس کی رقم بھی وصول کرلی

بہرام (رپورٹ: محمد صادق کھوسو) گاؤں محمد پنھل مغیری کے رہائشی فدا حسین مغیری اور شاہزیب علی مغیری نے ایک پریس کانفرنس کی۔ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے بتایا کہ انہوں نے گاؤں مولا بخش مغیری کے رہائشی غلام حسین مغیری سے 42 لاکھ روپے میں زمین خریدی تھی اور اس سودے سے متعلق تمام ثبوت اور گواہ موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ انہوں نے مذکورہ شخص سے زمین کی ملکیت کی منتقلی (ٹائٹل ٹرانسفر) کا مطالبہ کیا ہے، لیکن وہ ایسا کرنے سے انکاری ہے۔ مزید برآں، اب جب (بقیہ 47 صفحہ 7 پر)

ڈی ایچ او سوراب کا واٹس ایپ نمبر ہیک، شہریوں کو محتاط رہنے کی ہدایت

شہری اس کا جواب نہ دیں اور کسی قسم کی رقم یا معلومات فراہم کرنے سے گریز کریں

سوراب (نمائندہ بولان) سوراب ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر) ڈی ایچ او (سوراب ڈاکٹر سلیم احمد مستوئی کا واٹس ایپ نمبر مبینہ طور پر ہیک کرلیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ نمبر سے کسی بھی شخص کو کال، پیغام، رقم یا کسی دوسری چیز کی طلب کی جائے تو شہری اس کا جواب نہ دیں اور کسی قسم کی رقم یا معلومات فراہم کرنے سے گریز کریں۔ متعلقہ حکام نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ نمبر کی بحالی یا مزید معلومات تک مذکورہ واٹس ایپ نمبر سے موصول ہونے والے پیغامات پر اعتماد نہ کیا جائے۔

پنجاب حقیقی طور پر ترقی کے دور میں داخل ہو چکا ہے، مریم نواز

وزیر اعلیٰ کے حکم پر معاون خصوصی شعیب مرزا کی لیہ کے نواحی موضع سمرا نشیب آمد، دریا کے کٹاؤ سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی معائنہ

موضع سمرا نشیب میں معاون خصوصی وزیر اعلیٰ شعیب مرزا کی متاثرہ لوگوں سے ملاقات، مسائل دریافت کئے، دریائی کٹاؤ کی وجہ سے نقصانات کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبائی معاون خصوصی وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم شعیب مرزا کو لیہ میں دریائی کٹاؤ کے شکار علاقے میں بھیج دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر معاون خصوصی شعیب مرزا لیہ کے نواحی موضع سمرا نشیب پہنچ گئے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر متاثرہ علاقوں میں ریلیف اور ریسکیو کے لئے ضروری مشینری بھی منگوا لی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پی ڈی ایم اے حکام بھی موضع سمرا نشیب پہنچ گئے۔ معاون خصوصی وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم شعیب مرزا نے دریائی کٹاؤ سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ موضع سمرا نشیب میں معاون خصوصی وزیرا (بقیہ 51 صفحہ 7 پر)

امریکا: پیٹرول بھروانے کے لیے رکنے والے جوڑے نے لاکھوں ڈالر جیت لیے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پیٹرول پمپ پر چھٹیوں سے واپسی پر پیٹرول بھروانے کے لیے رکنے والے ایک شادی (بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی، نصیر آباد پولیس کی کارروائی، کمسن بچی سے مبینہ زیادتی کا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے کمسن بچی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے

لاہور، موسم گرما کی تعطیلات کے بعد طالبات اسکول آرہی ہیں

ضلعی انتظامیہ نے حبیب جالب کی بیٹی کو ماڈل ریڑھی دینے کی یقین دہانی کرادی

خواتین وزیر اعلیٰ پنجاب کی ریڈ لائن ہیں تو بطور عورت روزگار سے کیوں روکا جارہا ہے، طاہرہ حبیب جالب

لاہور (این این آئی) ضلعی انتظامیہ نے انقلابی شاعر حبیب جالب کی بیٹی طاہرہ حبیب جالب کو ماڈل ریڑھی دینے کی یقین دہانی کرادی۔ طاہرہ حبیب نے اہل خانہ کا پیٹ پالنے کے لئے علامہ اقبال ٹاؤن کریم بلاک میں ڈھابہ لگایا تھا لیکن مبینہ طور پر ان کا ڈھابہ ختم کر ادیا گیا۔ طاہرہ حبیب نے بتایا کہ انہوں نے جون میں ڈپٹی کمشنر لاہور کو ماڈل ریڑھی بازار میں ریڑھی فراہم کرنے کے لیے درخواست دی تھی تاہم انہیں تاحال کوئی جواب نہیں ملا۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر لاہور کے ترجمان حارث علی (بقیہ 59 صفحہ 7 پر)

لاہور، رکن پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کیلئے آرہی ہیں

تھانہ اے سیکشن شہداد کوٹ پولیس کی بڑی کارروائی منشیات سپلائی کی کوشش ناکام بنادی

دو منشیات فروش ملزمان گرفتار بڑی مقدار میں گٹکا، سگریٹ اور دو عدد آلٹو کار پولیس کسٹڈی مقدمہ درج کرلیا گیا

شہداد کوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) ایس ایس پی قمبر شہداد کوٹ حسن سردار احمد خان نیازی صاحب کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف تھانہ اے سیکشن شہداد کوٹ پولیس کی بڑی کارروائی منشیات سپلائی کی کوشش ناکام بنادی دو منشیات فروش ملزمان گرفتار بڑی مقدار میں گٹکا، سگریٹ اور دو عدد آلٹو کار پولیس کسٹڈی مقدمہ درج کرلیا گیا ایس ایچ او تھانہ اے سیکشن شہداد کوٹ انسپکٹر ا (بقیہ 57 صفحہ 7 پر)

ترک محقق کا حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی ڈھونڈنے کا دعویٰ

ڈاکٹر خسرو بختیار نے اپنے ریڈار سے زیر زمین کشتی کے ڈھانچے کا سراغ لگایا

استنبول (این این آئی) حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کو انسانی تاریخ میں اس لیے بنیادی اہمیت حاصل ہے کہ اسی نے عظیم طوفان سے انسان سمیت زندگی کی گئی انواع واقسام بچا کر زمین پر محفوظ رکھا۔ مشہور ہے یہ کشتی مشرقی ترکی میں واقع تندروک پہاڑ کے دروپینار نامی مقام پر ٹھہری جس (بقیہ 37 صفحہ 7 پر)

حب۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر برائے بلوچستان وڈیرہ رجب علی رند میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر لکشمی چوک کی بحالی اور بیوٹیفکیشن کا شاندار منصوبہ تیار

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر مشیر وزیر اعلیٰ ذیشان ملک نے ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی (بقیہ 43 صفحہ 7 پر)

کراچی کو تقسیم کرنے کی کوششیں چائنا کٹنگ کیلئے کی جارہی ہیں، مرتضیٰ وہاب

ایم کیو ایم سے پہلے کراچی میں میرٹ اور ترقی تھی، شہر میں خوف کی سیاست ختم کردی، میئر کراچی

شہر الگ کرنے والے چڑیا گھر میں دکانیں اور رفاہی پلاٹوں پر شادی ہال چلانا چاہتے ہیں

کراچی (این این آئی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ایم کیو ایم کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیو ایم سے پہلے کراچی میں میرٹ اور ترقی تھی، تاہم بعد میں شہر کو لسانیت، خوف اور انتشار کی سیاست کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کراچی کو دوبارہ تقسیم کرنے (بقیہ 48 صفحہ 7 پر)

پاور سیکٹر افسران کی مفت بجلی سہولت ختم ہونے پر متبادل الاؤنس دیا جائیگا

افسران کو مفت یونٹس کے بجائے 30 روپے فی یونٹ کے حساب سے رقم ادا کی جائیگی

پاور سیکٹر افسران کی مفت بجلی کی سہولت ہائیکورٹ کے فیصلے کی روشنی میں ختم کی گئی تھی

لاہور (این این آئی) پاور سیکٹر کے افسران کو حاصل مفت بجلی کی سہولت ختم کرنے کے بعد حکومت نے گریڈ 17 سے 21 تک افسران کو بجلی کے متبادل الاؤنس کی ادائیگی کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق افسران کو مفت یونٹس کے بجائے 30 روپے فی یونٹ کے حساب سے رقم ادا کی جائے گی، گریڈ 17 کے افسران کو 450 یونٹس کے عوض 15 ہزار 858 روپے، گریڈ 18 کے افسران کو (بقیہ 49 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی، ایس پی پوٹھوہار کا چرچز اور اہم مقامات کا دورہ، سیکورٹی انتظامات کا جائزہ

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کرکے ایس پی پوٹھوہا (بقیہ 65 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی، پولیس کی کارروائی، 2 منشیات سپلائر گرفتار، 4 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے دو منشیات سپلائر گرفتار کرکے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے دو منشیات سپلائر کو گرفتار کرلیا

یورپی یونین کی بھی اسرائیلی ای ون آبادکاری منصوبے کی مخالفت

ای ون سمیت مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاریاں غیر قانونی ہیں، یورپی اعلیٰ عہدیدار

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کی بھی اسرائیل کے ای ون آبادکاری منصوبے کی مخالفت، اسرائیلی حکومت سے ای ون منصوبے کا ٹینڈر واپس لینے کا مطالبہ کردیا۔ یورپی یونین کے اعلیٰ نمائندے نے کہا کہ ای ون سمیت مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاریاں غیر قانونی ہیں۔ یاد رہے کہ بر (بقیہ 50 صفحہ 7 پر)

کراچی، نمائش چورنگی پر سنی تحریک کے استقبالیہ کیمپ کو سجایا گیا ہے

راولپنڈی، حنا جاوید قتل کیس، ملزمان کا جسمانی ریمانڈ منظور

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں حنا جاوید قتل کیس کے دو ملزمان کو 3 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ حنا جاوید قتل کیس میں گرفتار 2 ملزمان کو علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا، ملزمان میں مقتولہ کا شوہر فیصل اصغر اور اس کا ملازم ذیشان شامل ہیں۔ عدالت نے ملزمان کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر کے پولیس تحویل میں دے دیا۔ پولیس نے عدالت کو بتایا کہ مرکزی ملزم کے والد کا بیان ریکارڈ کرلیا

وفاقی حکومت کی کم از کم اجرت پر نظر ثانی، ای او بی آئی کنٹری بیوشن کی نئی شرح مقرر

اسلام آباد میں غیر ہنر مند اور کمسن کارکنوں کی کم از کم ماہانہ اجرت 40 ہزار 700 روپے، نئی شرح کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے دارالحکومت اسلام آباد کے صنعتی وتجارتی اداروں میں کام کرنے والے غیر ہنر مند اور کمسن کارکنوں کے لیے کم از کم ماہانہ اجرت 40 ہزار 700 روپے مقرر کردی ہے۔ اس حوالے سے 19 اگست کو جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق نئی کم از کم اجرت کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے ہوگا۔ ایمپلائز اولڈ ایج بینی فٹس انسٹی ٹیوشن (ای او بی آئی) کے سابق افسر تعلقات عامہ اور ڈائریکٹر سوشل سیفٹی نیٹ پاکستان اسرار ایوبی کے مطابق وفاقی حکومت کے فیصلے پر عمل درآمد کے لیے ای او بی آئی کے چیئر مین ڈاکٹر جاوید احمد شیخ نے کنٹری بیوشن کی نئی شرح کی منظوری دے دی ہے۔ انہوں نے (بقیہ 54 صفحہ 7 پر)

ایران کیخلاف معاشی جنگ سے امریکا کو کوئی کامیابی نہیں ملے گی، سابق امریکی وزیر دفاع

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی وزیر دفاع لیون پینیٹا نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف چھیڑی گئی معاشی جنگ (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

بی آر اے نے ٹور آپریٹرز کی خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس کی شرح 5 فیصد مقرر کردی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے تحت ٹور آپریٹرز کی جانب سے فراہم کردہ خدمات پر بلوچستان (بقیہ 62 صفحہ 7 پر)

گدر بازار میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، عزیز محمد نامی شخص جاں بحق

شواہد اکٹھے کرنے کے بعد مقتول کی نعش ڈی ایچ کیو اسپتال سوراب منتقل کردی

سوراب (نامہ نگار) گدر بازار میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا فائرنگ کے نتیجے میں عزیز محمد ولد شفیع محمد، قوم سمالانی، سکنہ نیمرغ موقع پر ہی دم توڑ گئے جبکہ حملہ آور واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

25 سالہ رہائشی شاہ زمان لاڑکانہ کے ہسپتال میں انتقال کر گئے

مرحوم نوجوان کی میت گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا اور ہر طرف سوگ کا سماں تھا

بہرام (رپورٹ: محمد صادق کھوسو) شہداد کوٹ کے 25 سالہ رہائشی شاہ زمان لہر، جو پانچ روز قبل سڑک حادثے میں زخمی ہو گئے تھے، زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے لاڑکانہ (بقیہ 56 صفحہ 7 پر)

ضلع خیبر، ایک شخص نے 2 بھائیوں اور بھابھی کو قتل کردیا

خیبر (این این آئی) ضلع خیبر میں ایک شخص نے فائرنگ کر کے اپنے ہی (بقیہ 61 صفحہ 7 پر)

رائز پروگرام، 4 ہزار سے زائد نوجوانوں کو جدید فنی و پیشہ ورانہ تربیت دی جارہی ہے، خالد سرپرہ

رائز پروگرام، 4 ہزار سے زائد نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت، روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، سیکرٹری صنعت وتجارت

خواتین کے لیے ہنر مندی معاشی خودمختاری کی جانب ایک اہم قدم ہے، جدید فنی، ڈیجیٹل مہارتیں نوجوانوں کیلئے روزگار، فری لانسنگ اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا کررہی ہیں، خالد سرپرہ

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی رہنمائی میں حکومتِ بلوچستان نوجوانوں کو جدید ہنر، روزگار اور کاروباری مواقع سے منسلک کرنے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے اسی سلسلے میں حکومتِ بلوچستان کے مالی (بقیہ 60 صفحہ 7 پر)

لورالائی، بلوچستان فوڈ اتھارٹی زونل انسپکشن ٹیم حفظان صحت کی خلاف ورزی کرنیوالے دکانداروں کیخلاف کارروائی کررہی ہے